سُورَةُ النِّسَاءِ

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

﴿سُورَةُ النِّسَاءِ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفۡسٍ وَٰحِدَةٍ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	ٱتَّقُواْ	رَبَّكُمُ	ٱلَّذِى	خَلَقَكُم	مِّن نَّفۡسٍ وَٰحِدَةٍ
اے لوگو	تم ڈرو	اپنے رب سے	وہ جس نے	تمھیں پیدا کیا	ایک جان سے
اے لوگو اپنے رب سے ڈرو- وہ جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا					

وَخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالٗا

وَخَلَقَ	مِنۡهَا	زَوۡجَهَا	وَبَثَّ	مِنۡهُمَا	رِجَالٗا
اور اس نے پیدا کیا	اس سے	اس کا جوڑا	اور اس نے پھیلائے	ان دونوں سے	مرد
اور اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا- اور اس نے ان دونوں سے (آدمؑ اور حوا سے) بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں					

كَثِيرٗا وَنِسَآءٗۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِى تَسَآءَلُونَ بِهِۦ

كَثِيرٗا	وَنِسَآءٗۚ	وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ	ٱلَّذِى	تَسَآءَلُونَ	بِهِۦ
بہت	اور عورتیں	اور تم اللہ سے ڈرو	وہ ذات کہ	تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو	اس کے واسطے سے
اور تم اللہ کا تقوی اختیار کرو- جس کے نام پر تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو					

وَٱلۡأَرۡحَامَۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلَيۡكُمۡ رَقِيبًا١

رَقِيبًا١	عَلَيۡكُمۡ	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ	وَٱلۡأَرۡحَامَۚ
نگہبان	تم پر	ہے	اللہ	بیشک	اور (تم ڈرو) رشتوں (کے توڑنے) سے
اور تم رشتوں کو توڑنے سے بچو- بیشک اللہ تم پر نگہبان ہے					

وَءَاتُواْ ٱلۡيَتَٰمَىٰٓ أَمۡوَٰلَهُمۡۖ وَلَا تَتَبَدَّلُواْ ٱلۡخَبِيثَ بِٱلطَّيِّبِۖ

بِٱلطَّيِّبِۖ	ٱلۡخَبِيثَ	وَلَا تَتَبَدَّلُواْ	أَمۡوَٰلَهُمۡۖ	ٱلۡيَتَٰمَىٰٓ	وَءَاتُواْ
پاک کے بدلے	ناپاک کو	اور نہ تم بدلو	ان کے مال	یتیموں کو	اور تم دو
اور تم یتیموں کو ان کے مال دو- اور نہ تم ناپاک کو پاک کے بدلے بدلو					

وَلَا تَأۡكُلُوٓاْ أَمۡوَٰلَهُمۡ إِلَىٰٓ أَمۡوَٰلِكُمۡۚ إِنَّهُۥ كَانَ حُوبًا

حُوبًا	كَانَ	إِنَّهُۥ	إِلَىٰٓ أَمۡوَٰلِكُمۡۚ	أَمۡوَٰلَهُمۡ	وَلَا تَأۡكُلُوٓاْ
گناہ	ہے	بیشک یہ	اپنے مالوں کے ساتھ ملا کر	ان کے مال	اور نہ تم کھاؤ
اور نہ تم ان کے مال اپنے مالوں کے ساتھ ملا کر کھاؤ- بیشک یہ بہت بڑا گناہ ہے					

كَبِيرًا٢ وَإِنۡ خِفۡتُمۡ أَلَّا تُقۡسِطُواْ فِي ٱلۡيَتَٰمَىٰ

فِي ٱلۡيَتَٰمَىٰ	أَلَّا تُقۡسِطُواْ	خِفۡتُمۡ	وَإِنۡ	كَبِيرًا٢
یتیم بچیوں کے بارے میں	اس بات سے کہ تم نہ انصاف کر سکو گے	تم ڈرو	اور اگر	بہت بڑا
اور اگر تم اس بات سے ڈرو کہ یتیم بچیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے				

فَٱنكِحُواْ مَا طَابَ لَكُم مِّنَ ٱلنِّسَآءِ مَثۡنَىٰ

فَٱنكِحُواْ	مَا	طَابَ	لَكُم	مِّنَ ٱلنِّسَآءِ	مَثۡنَىٰ
تو (ان کے بجائے) تم نکاح کرو	ان سے جو	پسند ہوں	تمھیں	عورتوں میں سے	دو دو
تو (انھیں اپنے نکاح میں نہ لاؤ بلکہ) جو عورتیں تمھیں پسند ہوں ان سے نکاح کر لو۔ دو دو					

وَثُلَٰثَ وَرُبَٰعَۖ فَإِنۡ خِفۡتُمۡ أَلَّا تَعۡدِلُواْ فَوَٰحِدَةً

وَثُلَٰثَ	وَرُبَٰعَۖ	فَإِنۡ	خِفۡتُمۡ	أَلَّا تَعۡدِلُواْ	فَوَٰحِدَةً
اور تین تین	اور چار چار	پھر اگر	تم ڈرو	اس بات سے کہ تم انصاف نہ کر سکو گے	تو (نکاح کرو) ایک ہی سے
تین تین چار چار تک۔ پھر اگر تم اس بات سے ڈرو کہ تم ان عورتوں کے درمیان انصاف نہ کر سکو گے تو ایک ہی نکاح کرو					

أَوۡ مَا مَلَكَتۡ أَيۡمَٰنُكُمۡۚ ذَٰلِكَ أَدۡنَىٰٓ أَلَّا تَعُولُواْ ۝٣ وَءَاتُواْ

أَوۡ مَا مَلَكَتۡ	أَيۡمَٰنُكُمۡۚ	ذَٰلِكَ	أَدۡنَىٰٓ	أَلَّا تَعُولُواْ ۝٣	وَءَاتُواْ
یا جس کے مالک ہوئے	تمھارے دائیں ہاتھ	یہ	زیادہ قریب ہے	اس سے کہ تم ناانصافی کرو	اور تم دو
یا تمھاری ملکیت کی لونڈی۔ یہ زیادہ قریب ہے اس سے کہ تم ناانصافی کرو					

ٱلنِّسَآءَ صَدُقَٰتِهِنَّ نِحۡلَةًۚ فَإِن طِبۡنَ لَكُمۡ

ٱلنِّسَآءَ	صَدُقَٰتِهِنَّ	نِحۡلَةًۚ	فَإِن	طِبۡنَ	لَكُمۡ
عورتوں کو	ان کے مہر	خوش دلی سے	پھر اگر	وہ خوشی سے دے دیں	تمھیں
اور تم عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی سے دو۔					

عَن شَيۡءٖ مِّنۡهُ نَفۡسٗا فَكُلُوهُ هَنِيٓـٔٗا مَّرِيٓـٔٗا ٤

مَّرِيٓـٔٗا ٤	هَنِيٓـٔٗا	فَكُلُوهُ	نَفۡسٗا	مِّنۡهُ	عَن شَيۡءٖ
پچتا	رچتا	توتم کھاؤ اسے	دل سے	اس میں سے	کچھ

پھر اگر وہ خود اپنی رضامندی سے اس میں سے کوئی چیز تمہیں چھوڑ دیں تو تم کھاؤ اسے مزے سے خوشگواری سے۔

وَلَا تُؤۡتُواْ ٱلسُّفَهَآءَ أَمۡوَٰلَكُمُ ٱلَّتِي جَعَلَ ٱللَّهُ لَكُمۡ

لَكُمۡ	جَعَلَ ٱللَّهُ	ٱلَّتِي	أَمۡوَٰلَكُمُ	ٱلسُّفَهَآءَ	وَلَا تُؤۡتُواْ
تمھارے لیے	اللہ نے بنایا ہے	وہ جنہیں	اپنے مال	ناسمجھو (یتیموں) کو	اور نہ تم دو

بے عقل لوگوں کو اپنا مال نہ دے دو جس مال کو اللہ تعالیٰ نے تمہاری گزران کے قائم رکھنے کا زریعہ بنایا ہے

قِيَٰمٗا وَٱرۡزُقُوهُمۡ فِيهَا وَٱكۡسُوهُمۡ وَقُولُواْ لَهُمۡ

لَهُمۡ	وَقُولُواْ	وَٱكۡسُوهُمۡ	فِيهَا	وَٱرۡزُقُوهُمۡ	قِيَٰمٗا
ان سے	اور تم کہو	اور انہیں پہناؤ	اس میں سے	اور تم انہیں کھلاؤ	گزران کا زریعہ

ہاں انہیں تم اس میں سے کھلاتے اور پہناتے رہو اور ان سے بات کیا کرو اچھے انداز میں۔

قَوۡلٗا مَّعۡرُوفٗا ٥ وَٱبۡتَلُواْ ٱلۡيَتَٰمَىٰ حَتَّىٰٓ إِذَا

إِذَا	حَتَّىٰٓ	ٱلۡيَتَٰمَىٰ	وَٱبۡتَلُواْ	مَّعۡرُوفٗا ٥	قَوۡلٗا
جب	یہاں تک کہ	ان یتیموں کو	اور تم جانچتے رہو	معقول	بات

اور تم ان یتیموں کو جانچتے رہو آزماتے رہو یہاں تک کہ جب

بَلَغُواْ ٱلنِّكَاحَ فَإِنۡ ءَانَسۡتُم مِّنۡهُمۡ رُشۡدًا

رُشۡدًا	مِّنۡهُمۡ	ءَانَسۡتُم	فَإِنۡ	ٱلنِّكَاحَ	بَلَغُواْ
سمجھداری	ان میں	تم پاؤ	پھر اگر	نکاح (کی عمر) کو	وہ پہنچ جائیں
وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں۔ پھر اگر تم ان میں سمجھداری پاؤ کہ اب یہ باشعور ہو گئے ہیں					

فَٱدۡفَعُوٓاْ إِلَيۡهِمۡ أَمۡوَٰلَهُمۡۖ وَلَا تَأۡكُلُوهَآ إِسۡرَافٗا وَبِدَارًا

وَبِدَارًا	إِسۡرَافٗا	وَلَا تَأۡكُلُوهَآ	أَمۡوَٰلَهُمۡۖ	إِلَيۡهِمۡ	فَٱدۡفَعُوٓاْ
اور جلدی کرتے ہوئے	حد سے بڑھ کر	اور نہ تم ان کے مال کھاؤ	ان کے مال	انہیں	تو حوالے کر دو
تو ان کے مال ان کے حوالے کر دو۔ اور یتیموں کے مال ان کے بڑے ہونے کے ڈر سے اسراف اور جلد بازی کرتے					

أَن يَكۡبَرُواْۚ وَمَن كَانَ غَنِيّٗا فَلۡيَسۡتَعۡفِفۡۖ وَمَن

وَمَن	فَلۡيَسۡتَعۡفِفۡۖ	غَنِيّٗا	وَمَن كَانَ	أَن يَكۡبَرُواْۚ
اور جو کوئی	تو چاہیے کہ وہ بچے	مالدار	اور جو کوئی ہو	(اس بات سے ڈرتے ہوئے) کہ وہ (یتیم) بڑے ہو جائیں گے
ہوئے ہڑپ نہ کر جاؤ۔ اور جو کوئی مالدار ہو اسے چاہیے کہ (وہ یتیموں کا مال خرچ کرنے سے) پرہیز کرے				

كَانَ فَقِيرٗا فَلۡيَأۡكُلۡ بِٱلۡمَعۡرُوفِۚ فَإِذَا دَفَعۡتُمۡ

دَفَعۡتُمۡ	فَإِذَا	بِٱلۡمَعۡرُوفِۚ	فَلۡيَأۡكُلۡ	فَقِيرٗا	كَانَ
تم سپرد کرو	پھر جب	دستور کے مطابق	تو چاہیے کہ وہ کھائے	فقیر	ہو
اور جو کوئی فقیر ہو تو اسے چاہیے کہ وہ دستور کے مطابق (واجبی طور پر) کھائے۔ پھر جب تم					

إِلَيۡهِمۡ أَمۡوَٰلَهُمۡ فَأَشۡهِدُواْ عَلَيۡهِمۡۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ

بِٱللَّهِ	وَكَفَىٰ	عَلَيۡهِمۡۚ	فَأَشۡهِدُواْ	أَمۡوَٰلَهُمۡ	إِلَيۡهِمۡ
اللہ	اور کافی ہے	ان پر	تو تم گواہ بنالو	ان کے مال	انہیں

ان کے مال ان کے سپرد کرو تو ان پر گواہ بنالو

حَسِيبًا۝٦ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ ٱلۡوَٰلِدَانِ

ٱلۡوَٰلِدَانِ	تَرَكَ	مِّمَّا	نَصِيبٌ	لِّلرِّجَالِ	حَسِيبًا۝٦
والدین	چھوڑ جائیں	اس میں سے جو	حصہ ہے	مردوں کے لیے بھی	حساب لینے والا

اور اللہ حساب لینے کے لیے کافی ہے۔ مردوں کے لیے بھی حصہ ہے اس میں سے جو والدین

وَٱلۡأَقۡرَبُونَ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ ٱلۡوَٰلِدَانِ

ٱلۡوَٰلِدَانِ	تَرَكَ	مِّمَّا	نَصِيبٌ	وَلِلنِّسَآءِ	وَٱلۡأَقۡرَبُونَ
والدین	چھوڑ جائیں	اس میں سے جو	حصہ ہے	اور عورتوں کے لیے بھی	اور قریبی رشتے دار

اور قریبی رشتے دار چھوڑ جائیں اور عورتوں کے لیے بھی حصہ ہے اس میں سے جو والدین

وَٱلۡأَقۡرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنۡهُ أَوۡ كَثُرَۚ

كَثُرَۚ	أَوۡ	مِنۡهُ	قَلَّ	مِمَّا	وَٱلۡأَقۡرَبُونَ
زیادہ	یا	اس (مال) میں سے	تھوڑا ہو	اس میں سے کہ	اور قریبی رشتے دار

اور قریبی رشتے دار چھوڑ جائیں خواہ مال کم ہو یا زیادہ

نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ۝٧ وَإِذَا حَضَرَ ٱلْقِسْمَةَ أُوْلُواْ ٱلْقُرْبَىٰ

نَصِيبًا	مَّفْرُوضًا ۝٧	وَإِذَا	حَضَرَ	ٱلْقِسْمَةَ	أُوْلُواْ ٱلْقُرْبَىٰ
اس حال میں کہ وہ حصہ ہے	مقرر کیا ہوا	اور جب	حاضر ہوں	تقسیم کے وقت	رشتے دار
(اس میں سے ہر ایک کا) حصہ (اللہ کی طرف سے) مقرر کیا ہوا ہے اور جب تقسیم کے وقت رشتے دار					

وَٱلْيَتَـٰمَىٰ وَٱلْمَسَـٰكِينُ فَٱرْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُواْ لَهُمْ

وَٱلْيَتَـٰمَىٰ	وَٱلْمَسَـٰكِينُ	فَٱرْزُقُوهُم	مِّنْهُ	وَقُولُواْ	لَهُمْ
اور یتیم	اور مسکین	تو تم انہیں دو	کچھ اس (تقسیم ہونے والے) میں سے	اور تم کہو	ان سے
اور یتیم اور مسکین آ جائیں تو تم اس میں سے تھوڑا بہت انہیں بھی دے دو					

قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۝٨ وَلْيَخْشَ ٱلَّذِينَ لَوْ تَرَكُواْ

قَوْلًا	مَّعْرُوفًا ۝٨	وَلْيَخْشَ	ٱلَّذِينَ	لَوْ	تَرَكُواْ
بات	معقول	اور چاہیے کہ ڈریں	وہ لوگ کہ	اگر	وہ چھوڑ جائیں
اور ان سے معقول انداز میں بات کرو- اور ڈرتے رہنا چاہیے ان لوگوں کو کہ اگر انہوں نے بھی					

مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَـٰفًا خَافُواْ عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُواْ ٱللَّهَ

مِنْ خَلْفِهِمْ	ذُرِّيَّةً	ضِعَـٰفًا	خَافُواْ	عَلَيْهِمْ	فَلْيَتَّقُواْ ٱللَّهَ
اپنے پیچھے	اولاد	کمزور (بچے)	تو (کیسے) وہ خوف کھاتے	ان پر	تو چاہیے کہ وہ اللہ سے ڈریں
اپنے پیچھے کمزور اولاد (بچے) چھوڑے ہوتے تو ان کے بارے میں انہیں کیسے کیسے خوف اور اندیشے ہوتے- تو ان کو چاہیے					

وَلۡيَقُولُواْ قَوۡلٗا سَدِيدًا ۝٩ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَأۡكُلُونَ

يَأۡكُلُونَ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ	سَدِيدًا ۝٩	قَوۡلٗا	وَلۡيَقُولُواْ
کھاتے ہیں	وہ لوگ جو	بیشک	سیدھی	بات	اور چاہیے کہ وہ کہیں
کہ اللہ کا تقوی اختیار کریں اور سیدھی سیدھی حق پر مبنی بات کریں - یقیناً وہ لوگ جو					

أَمۡوَٰلَ ٱلۡيَتَٰمَىٰ ظُلۡمًا إِنَّمَا يَأۡكُلُونَ فِي بُطُونِهِمۡ

فِي بُطُونِهِمۡ	يَأۡكُلُونَ	إِنَّمَا	ظُلۡمًا	ٱلۡيَتَٰمَىٰ	أَمۡوَٰلَ
اپنے پیٹوں میں	وہ کھاتے ہیں	(تو) بس	ظلم سے	یتیموں کے	مال
یتیموں کے مال ظلم سے ناحق کھاتے ہیں تو بیشک وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھر رہے ہیں					

نَارٗاۖ وَسَيَصۡلَوۡنَ سَعِيرٗا ۝١٠ يُوصِيكُمُ ٱللَّهُ فِيٓ أَوۡلَٰدِكُمۡۖ

فِيٓ أَوۡلَٰدِكُمۡۖ	يُوصِيكُمُ ٱللَّهُ	سَعِيرٗا ۝١٠	وَسَيَصۡلَوۡنَ	نَارٗاۖ
تمہاری اولاد کے بارے میں	اللہ تمہیں وصیت کرتا ہے	دہکتی آگ میں	اور وہ عنقریب وہ داخل ہونگے	آگ
اور وہ عنقریب وہ دہکتی آگ میں داخل ہونگے - اللہ تمہیں تمہاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے				

لِلذَّكَرِ مِثۡلُ حَظِّ ٱلۡأُنثَيَيۡنِۚ فَإِن كُنَّ نِسَآءٗ

نِسَآءٗ	كُنَّ	فَإِن	حَظِّ ٱلۡأُنثَيَيۡنِۚ	مِثۡلُ	لِلذَّكَرِ
(صرف) عورتیں (ہی دو یا)	ہوں	پھر اگر	دو عورتوں کے حصے کی ہیں	مثل	مرد کے لیے
کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے اور اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں					

فَوۡقَ ٱثۡنَتَيۡنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَۖ وَإِن

فَوۡقَ	ٱثۡنَتَيۡنِ	فَلَهُنَّ	ثُلُثَا	مَا تَرَكَۖ	وَإِن
زیادہ	دو سے	تو ان کے لیے	دو تہائی ہے	(اس میں سے) جو وہ چھوڑ گیا	اور اگر

اور دو سے زیادہ ہوں تو انہیں چھوڑے ہوئے مال کا دو تہائی ملے گا

كَانَتۡ وَٰحِدَةٗ فَلَهَا ٱلنِّصۡفُۚ وَلِأَبَوَيۡهِ لِكُلِّ وَٰحِدٖ

كَانَتۡ	وَٰحِدَةٗ	فَلَهَا	ٱلنِّصۡفُۚ	وَلِأَبَوَيۡهِ	لِكُلِّ وَٰحِدٖ
ہو	ایک	تو اس کے لیے ہے	آدھا	اور اس کے ماں باپ کے لیے	ہر ایک کے لیے

اور اگر ایک ہی لڑکی ہو تو اس کے لیے آدھا ہے اور میت کے ماں باپ میں سے ہر ایک کے لیے

مِّنۡهُمَا ٱلسُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِن كَانَ

مِّنۡهُمَا	ٱلسُّدُسُ	مِمَّا	تَرَكَ	إِن	كَانَ
ان دونوں میں سے	چھٹا حصہ ہے	اس میں سے جو	وہ چھوڑ گیا	اگر	ہے

اس کے چھوڑے ہوئے مال کا چھٹا حصہ ہے اور اگر اس (میت) کی اولاد ہو

لَهُۥ وَلَدٞۚ فَإِن لَّمۡ يَكُن لَّهُۥ وَلَدٞ

لَهُۥ	وَلَدٞۚ	فَإِن	لَّمۡ يَكُن	لَّهُۥ	وَلَدٞ
اس کی	اولاد	پھر اگر	نہ ہو	اس کی	اولاد

اور اگر اس کی اولاد نہ ہو

وَوَرِثَهُۥٓ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ ٱلثُّلُثُۚ فَإِن كَانَ لَهُۥٓ

لَهُۥٓ	فَإِن	ٱلثُّلُثُۚ	فَلِأُمِّهِ	أَبَوَاهُ	وَوَرِثَهُۥٓ
ہوں	پھر اگر	تیسرا حصہ	تو اس کی ماں کے لیے ہے	اس کے ماں باپ ہی	اور اس کے وارث ہوں
اور اس کے وارث ماں باپ ہی ہوں تو اس کی ماں کے لیے تیسرا حصہ ہے					

إِخۡوَةٌ فَلِأُمِّهِ ٱلسُّدُسُۚ مِنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَآ

بِهَآ	يُوصِي	مِنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٍ	ٱلسُّدُسُۚ	فَلِأُمِّهِ	إِخۡوَةٌ
اس کی	وہ وصیت کر جائے	اس وصیت کے بعد جو	چھٹا حصہ	تو اس کی ماں کا	(ایک سے زیادہ) بھائی بہن
پھر اگر اس میت کے (ایک سے زیادہ) بھائی بہن ہوں تو اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہے- اس وصیت کے بعد جو وہ وصیت کر جائے					

أَوۡ دَيۡنٍۗ ءَابَآؤُكُمۡ وَأَبۡنَآؤُكُمۡ لَا تَدۡرُونَ أَيُّهُمۡ

أَيُّهُمۡ	لَا تَدۡرُونَ	وَأَبۡنَآؤُكُمۡ	ءَابَآؤُكُمۡ	دَيۡنٍۗ	أَوۡ
ان میں سے کون	تم نہیں جانتے	اور تمھارے بیٹے	تمھارے باپ	قرض کے (بعد)	یا
یا قرض کے بعد- تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے تم نہیں جانتے ان میں سے کون					

أَقۡرَبُ لَكُمۡ نَفۡعٗاۚ فَرِيضَةٗ مِّنَ ٱللَّهِۗ إِنَّ

إِنَّ	مِّنَ ٱللَّهِۗ	فَرِيضَةٗ	نَفۡعٗاۚ	لَكُمۡ	أَقۡرَبُ
بیشک	اللہ کی طرف سے	(یہ حصے) مقرر ہیں	نفع کے اعتبار سے	تمھارے	زیادہ قریب ہے
نفع کے اعتبار سے تمھارے زیادہ قریب ہے-یہ حصے اللہ کی طرف سے مقرر کردہ ہیں					

ٱللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١١﴾ وَلَكُمۡ نِصۡفُ

نِصۡفُ	وَلَكُمۡ	حَكِيمًا ﴿١١﴾	عَلِيمًا	كَانَ	ٱللَّهَ
آدھا ہے	اور تمھارے لیے	حکمت والا	جاننے والا	ہے	اللہ
بیشک اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے–اور تمھارا حصہ					

مَا تَرَكَ أَزۡوَٰجُكُمۡ إِن لَّمۡ يَكُن لَّهُنَّ وَلَدٞۚ

وَلَدٞۚ	لَّهُنَّ	لَّمۡ يَكُن	إِن	أَزۡوَٰجُكُمۡ	مَا تَرَكَ
اولاد	ان کی	نہ ہوں	اگر	تمھاری بیویاں	اس کا جو چھوڑ جائیں
تمھاری بیویوں کے ترکے میں سے آدھا ہے اگر ان کے کوئی اولاد نہ ہو					

فَإِن كَانَ لَهُنَّ وَلَدٞ فَلَكُمُ ٱلرُّبُعُ

ٱلرُّبُعُ	فَلَكُمُ	وَلَدٞ	لَهُنَّ	كَانَ	فَإِن
چوتھا حصہ ہے	تو تمھارے لیے	اولاد	ان کی	ہو	پھر اگر
اور اگر ان کے اولاد ہے تو تمھارے لیے چوتھا حصہ ہے					

مِمَّا تَرَكۡنَۚ مِنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٖ يُوصِينَ بِهَآ أَوۡ

أَوۡ	بِهَآ	يُوصِينَ	مِنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٖ	تَرَكۡنَۚ	مِمَّا
یا	اس کی	(کہ) وہ وصیت کر جائیں	وصیت کے بعد	وہ چھوڑ جائیں	اس میں سے جو
اس میں سے جو وہ چھوڑ جائیں–اس وصیت کے بعد جو وہ کر جائیں یا					

دَيۡنٍۗ وَلَهُنَّ ٱلرُّبُعُ مِمَّا تَرَكۡتُمۡ إِن

إِن	تَرَكۡتُمۡ	مِمَّا	ٱلرُّبُعُ	وَلَهُنَّ	دَيۡنٍۗ
اگر	تم چھوڑ جاؤ	اس میں سے جو	چوتھا حصہ ہے	اور ان (بیویوں) کے لیے	قرض کے (بعد)

قرض کے بعد- اور ان (بیویوں) کے لیے چوتھا حصہ ہے اس میں سے جو تم چھوڑ جاؤ

لَّمۡ يَكُن لَّكُمۡ وَلَدٌۚ فَإِن كَانَ لَكُمۡ

لَكُمۡ	كَانَ	فَإِن	وَلَدٌۚ	لَّكُمۡ	لَّمۡ يَكُن
تمھاری	ہو	پھر اگر	اولاد	تمھاری	نہ ہو

اگر تمھاری اولاد نہ ہو-اور اگر تمھاری اولاد ہو

وَلَدٌ فَلَهُنَّ ٱلثُّمُنُ مِمَّا تَرَكۡتُمۚ مِّنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٍ

مِّنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٍ	تَرَكۡتُمۚ	مِمَّا	ٱلثُّمُنُ	فَلَهُنَّ	وَلَدٌ
وصیت کے بعد	تم چھوڑ جاؤ	اس میں سے جو	آٹھواں حصہ ہے	تو ان (بیویوں) کے لیے	اولاد

تو ان (بیویوں) کے لیے آٹھواں حصہ ہے اس میں سے جو تم چھوڑ جاؤ-

تُوصُونَ بِهَآ أَوۡ دَيۡنٍۗ وَإِن كَانَ

كَانَ	وَإِن	دَيۡنٍۗ	أَوۡ	بِهَآ	تُوصُونَ
ہو وہ	اور اگر	قرض کے بعد	یا	اس کی	(کہ) تم وصیت کر جاؤ

اس وصیت کے بعد جو تم کر گئے ہو اور قرض کی ادائیگی کے بعد-

رَجُلٌ يُورَثُ كَلَٰلَةً أَوِ ٱمۡرَأَةٌ وَلَهُۥٓ

وَلَهُۥٓ	ٱمۡرَأَةٌ	أَوِ	كَلَٰلَةً	يُورَثُ	رَجُلٌ
اور اس کا	عورت ہو (ایسی ہی)	یا	کلالہ	(کہ) وراثت لی جارہی ہے (اس کی)	مرد

اور جن کی وراثت لی جارہی ہو وہ مرد یا عورت کلالہ ہو- کلالہ وہ مرد یا عورت ہے جس کے نہ تو والدین زندہ ہوں

أَخٌ أَوۡ أُخۡتٌ فَلِكُلِّ وَٰحِدٖ مِّنۡهُمَا

مِّنۡهُمَا	وَٰحِدٖ	فَلِكُلِّ	أُخۡتٌ	أَوۡ	أَخٌ
ان دونوں میں سے	ایک کے لیے	تو ہر	ایک بہن	یا	بھائی ہو

اور نہ اس کی کوئی اولاد ہو- اور اس کا ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو ان میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے

ٱلسُّدُسُۚ فَإِن كَانُوٓاْ أَكۡثَرَ مِن ذَٰلِكَ فَهُمۡ

فَهُمۡ	مِن ذَٰلِكَ	أَكۡثَرَ	كَانُوٓاْ	فَإِن	ٱلسُّدُسُۚ
تو وہ (سب)	اس سے	زیادہ	وہ ہوں	پھر اگر	چھٹا حصہ ہے

پھر اگر وہ اس سے زیادہ ہوں تو تہائی حصے میں سب شریک ہونگے

شُرَكَآءُ فِي ٱلثُّلُثِۚ مِنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٖ يُوصَىٰ بِهَآ أَوۡ

أَوۡ	بِهَآ	يُوصَىٰ	مِنۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٖ	فِي ٱلثُّلُثِۚ	شُرَكَآءُ
یا	اس کی	وصیت کر دی جائے	وصیت کے بعد جو	تہائی حصے میں	شریک ہونگے

اس وصیت کے بعد جو وصیت کر دی جائے اور قرض کے بعد

دَيۡنٍ غَيۡرَ مُضَآرّٖۚ وَصِيَّةٗ مِّنَ ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ

عَلِيمٌ	وَٱللَّهُ	مِّنَ ٱللَّهِۗ	وَصِيَّةٗ	غَيۡرَ مُضَآرّٖۚ	دَيۡنٍ
جاننے والا	اور اللہ	اللہ کی طرف سے	(یہ) تاکیدی حکم ہے	بشرطیکہ نہ نقصان پہنچانے والا ہو وہ	قرض کے (بعد)

بغیر کسی کو نقصان پہنچائے- یہ تاکیدی حکم اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ سب کچھ جاننے والا اور بردبار ہے

حَلِيمٞ ١٢ تِلۡكَ حُدُودُ ٱللَّهِۚ وَمَن يُطِعِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ

وَرَسُولَهُۥ	يُطِعِ ٱللَّهَ	وَمَن	حُدُودُ ٱللَّهِۚ	تِلۡكَ	حَلِيمٞ ١٢
اور اس کے رسول کی	اطاعت کرے اللہ کی	اور جو کوئی	اللہ کی حدیں ہیں	یہ	بردبار ہے

یہ اللہ کی مقرر کردہ حدیں ہیں اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے

يُدۡخِلۡهُ جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ خَٰلِدِينَ

خَٰلِدِينَ	ٱلۡأَنۡهَٰرُ	مِن تَحۡتِهَا	تَجۡرِي	جَنَّٰتٖ	يُدۡخِلۡهُ
وہ ہمیشہ رہیں گے	نہریں	ان کے نیچے سے	بہتی ہیں	ایسے باغوں میں	تو وہ اسے داخل کرے گا

تو وہ اسے داخل کرے گا ایسے باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

فِيهَاۚ وَذَٰلِكَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ ١٣ وَمَن يَعۡصِ ٱللَّهَ

يَعۡصِ ٱللَّهَ	وَمَن	ٱلۡعَظِيمُ ١٣	ٱلۡفَوۡزُ	وَذَٰلِكَ	فِيهَاۚ
نافرمانی کرے اللہ کی	اور جو کوئی	بڑی	کامیابی ہے	اور یہ	اس میں

اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا

وَرَسُولَهُۥ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُۥ يُدۡخِلۡهُ نَارًا خَٰلِدًا

وَرَسُولَهُۥ	وَيَتَعَدَّ	حُدُودَهُۥ	يُدۡخِلۡهُ	نَارًا	خَٰلِدًا
اور اس کے رسول کی	اور آگے بڑھے	اس کی حدود سے	تو داخل کرے گا اسے	آگ میں	وہ ہمیشہ رہے گا

اور اس کی حدود سے آگے بڑھے گا تو وہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا

فِيهَا وَلَهُۥ عَذَابٞ مُّهِينٞ ١٤ وَٱلَّٰتِي يَأۡتِينَ

فِيهَا	وَلَهُۥ	عَذَابٞ	مُّهِينٞ ١٤	وَٱلَّٰتِي	يَأۡتِينَ
اس میں	اور اس کے لیے	عذاب ہے	رسوا کرنے والا	اور وہ عورتیں جو	ارتکاب کریں

اور اس کے لیے رسوا کن عذاب ہے اور تمھاری عورتوں میں سے جو عورتیں

ٱلۡفَٰحِشَةَ مِن نِّسَآئِكُمۡ فَٱسۡتَشۡهِدُواْ عَلَيۡهِنَّ أَرۡبَعَةٗ مِّنكُمۡۖ

ٱلۡفَٰحِشَةَ	مِن نِّسَآئِكُمۡ	فَٱسۡتَشۡهِدُواْ	عَلَيۡهِنَّ	أَرۡبَعَةٗ	مِّنكُمۡۖ
بے حیائی (بدکاری) کا	تمھاری عورتوں میں سے	تو تم گواہ طلب کرو	ان پر	چار (مرد)	اپنے میں سے

بے حیائی (بدکاری) کا ارتکاب کریں تو ان پر اپنے میں سے چار گواہ طلب کرو۔

فَإِن شَهِدُواْ فَأَمۡسِكُوهُنَّ فِي ٱلۡبُيُوتِ حَتَّىٰ يَتَوَفَّىٰهُنَّ

فَإِن	شَهِدُواْ	فَأَمۡسِكُوهُنَّ	فِي ٱلۡبُيُوتِ	حَتَّىٰ	يَتَوَفَّىٰهُنَّ
پھر اگر	وہ گواہی دیں	تو بند رکھو انہیں	گھروں میں	یہاں تک کہ	پوری کر دے انہیں

پھر اگر وہ گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھر میں بند رکھو۔ یہاں تک کہ موت ان کو لے جائے

ٱلۡمَوۡتُ أَوۡ يَجۡعَلَ ٱللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلٗا ﴿١٥﴾

سَبِيلٗا ﴿١٥﴾	لَهُنَّ	ٱللَّهُ	يَجۡعَلَ	أَوۡ	ٱلۡمَوۡتُ
کوئی راستہ	ان کے لیے	اللہ تعالیٰ	بنادے	یا	موت
یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی اور راستہ بنادے					

وَٱلَّذَانِ يَأۡتِيَٰنِهَا مِنكُمۡ فَـَٔاذُوهُمَاۖ فَإِن تَابَا

تَابَا	فَإِن	فَـَٔاذُوهُمَاۖ	مِنكُمۡ	يَأۡتِيَٰنِهَا	وَٱلَّذَانِ
وہ دونوں توبہ کرلیں	پھر اگر	تو ایذا دو انہیں	تم میں سے	ارتکاب کریں (بے حیائی) کا	اور جو دونوں
اور جو دونوں تم میں سے (بے حیائی) کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو ایذا دو پھر اگر وہ توبہ کرلیں					

وَأَصۡلَحَا فَأَعۡرِضُواْ عَنۡهُمَآۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ

كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ	عَنۡهُمَآۗ	فَأَعۡرِضُواْ	وَأَصۡلَحَا
ہے	اللہ	بیشک	ان دونوں سے	تو تم درگزر کرو	اور دونوں اصلاح کرلیں
اور اصلاح کرلیں تو ان کو چھوڑ دو- بیشک اللہ تعالیٰ					

تَوَّابٗا رَّحِيمًا ﴿١٦﴾ إِنَّمَا ٱلتَّوۡبَةُ عَلَى ٱللَّهِ

ٱللَّهِ	عَلَى	ٱلتَّوۡبَةُ	إِنَّمَا	رَّحِيمًا ﴿١٦﴾	تَوَّابٗا
اللہ کے	ذمے	توبہ (قبول کرنا)	بیشک	رحم کرنے والا	توبہ قبول کرنے والا
توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے- بیشک توبہ قبول کرنا اللہ کے ذمے ہے					

لِلَّذِينَ يَعۡمَلُونَ ٱلسُّوٓءَ بِجَهَٰلَةٖ ثُمَّ يَتُوبُونَ

لِلَّذِينَ	يَعۡمَلُونَ	ٱلسُّوٓءَ	بِجَهَٰلَةٖ	ثُمَّ	يَتُوبُونَ
انہیں لوگوں کے لیے ہے جو	کرتے ہیں	برے کام	جہالت سے	پھر	وہ توبہ کر لیتے ہیں
ایسے لوگوں کی جو جہالت اور نادانی میں برے کام کر بیٹھتے ہیں- پھر جلد ہی وہ توبہ کر لیتے ہیں					

مِن قَرِيبٖ فَأُوْلَٰٓئِكَ يَتُوبُ ٱللَّهُ عَلَيۡهِمۡۗ وَكَانَ

مِن قَرِيبٖ	فَأُوْلَٰٓئِكَ	يَتُوبُ	ٱللَّهُ	عَلَيۡهِمۡۗ	وَكَانَ
جلد ہی	تو یہی لوگ ہیں کہ	متوجہ ہوتا ہے	اللہ	ان پر (ان کی توبہ قبول کر لیتا ہے)	اور ہے
تو یہی لوگ ہیں کہ اللہ ان کی توبہ قبول کر لیتا ہے					

ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمٗا ١٧ وَلَيۡسَتِ ٱلتَّوۡبَةُ لِلَّذِينَ

ٱللَّهُ	عَلِيمًا	حَكِيمٗا ١٧	وَلَيۡسَتِ	ٱلتَّوۡبَةُ	لِلَّذِينَ
اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے	اور نہیں	توبہ (قبول ہوتی)	ان لوگوں کی جو
اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے اور جو لوگ برے کام کرتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں کرتا					

يَعۡمَلُونَ ٱلسَّيِّـَٔاتِ حَتَّىٰٓ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ

يَعۡمَلُونَ	ٱلسَّيِّـَٔاتِ	حَتَّىٰٓ	إِذَا	حَضَرَ	أَحَدَهُمُ
کرتے (رہتے) ہیں	برے کام	یہاں تک کہ	جب	آتی ہے	ان میں سے کسی ایک کو
یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی ایک کی موت کا وقت آتا ہے					

ٱلْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ ٱلْـَٔـٰنَ وَلَا ٱلَّذِينَ

وَلَا ٱلَّذِينَ	ٱلْـَٔـٰنَ	تُبْتُ	إِنِّي	قَالَ	ٱلْمَوْتُ
اور نہ ہی ان لوگوں کی توبہ قبول ہوتی ہے جو	اب	توبہ کی	بیشک میں نے	تو وہ کہتا ہے	موت
تو اس وقت وہ کہتا ہے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ ہی ان لوگوں کی توبہ قبول ہوتی ہے جو					

يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌۚ أُوْلَٰٓئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ

لَهُمْ	أَعْتَدْنَا	أُوْلَٰٓئِكَ	كُفَّارٌۚ	وَهُمْ	يَمُوتُونَ
ان کے لیے	ہم نے تیار کر رکھا ہے	یہ لوگ	کافر ہیں	اس حال میں کہ وہ	مرتے ہیں
کفر کی حالت میں مرتے ہیں یہ لوگ کہ ہم نے ان کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے					

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٨﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَن

أَن	لَكُمْ	لَا يَحِلُّ	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	أَلِيمًا ﴿١٨﴾	عَذَابًا
یہ کہ	تمھارے لیے	نہیں حلال	اے ایمان والوں	دردناک	عذاب
اے ایمان والوں تمھارے لیے حلال نہیں ہے					

تَرِثُواْ ٱلنِّسَآءَ كَرْهًاۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُواْ بِبَعْضِ

بِبَعْضِ	لِتَذْهَبُواْ	وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ	كَرْهًاۖ	ٱلنِّسَآءَ	تَرِثُواْ
کچھ (حصہ)	تا کہ تم لے لو	اور نہ تم انہیں روکو	زبردستی	عورتوں کے	تم وارث بن جاؤ
یہ کہ تم زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ- اور نہ یہ جائز ہے کہ تم انہیں روکے رکھو تا کہ تم ان سے واپس لے لو					

مَآ ءَاتَيۡتُمُوهُنَّ إِلَّآ أَن يَأۡتِينَ بِفَٰحِشَةٖ

بِفَٰحِشَةٖ	يَأۡتِينَ	أَن	إِلَّآ	ءَاتَيۡتُمُوهُنَّ	مَآ
بے حیائی	وہ کریں	یہ کہ	مگر	تم نے انہیں دیا	اس کا جو

اس کا کچھ حصہ جو کچھ تم نے ان کو دیا ہے- مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کریں (تو تمھیں ان کو تنگ کرنے کا حق ہے)

مُّبَيِّنَةٖۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِٱلۡمَعۡرُوفِۚ فَإِن كَرِهۡتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰٓ

فَعَسَىٰٓ	كَرِهۡتُمُوهُنَّ	فَإِن	بِٱلۡمَعۡرُوفِۚ	وَعَاشِرُوهُنَّ	مُّبَيِّنَةٖۚ
تو ممکن ہے	تم انہیں ناپسند کرو	پھر اگر	اچھے طریقے سے	اور تم گزر بسر کرو ان کے ساتھ	کھلی

اور تم عورتوں کے ساتھ اچھے طریقے سے گزر بسر کرو- پھر اگر تم انہیں ناپسند کرو تو ممکن ہے

أَن تَكۡرَهُواْ شَيۡـٔٗا وَيَجۡعَلَ ٱللَّهُ فِيهِ

فِيهِ	ٱللَّهُ	وَيَجۡعَلَ	شَيۡـٔٗا	تَكۡرَهُواْ	أَن
اس میں	اللہ تعالیٰ	اور رکھ دے	کسی چیز کو	تم ناپسند کرو	کہ

کہ کوئی چیز تمھیں ناپسند ہو اور اللہ تعالیٰ اس میں تمھارے لیے بہت زیادہ بھلائی رکھ دے

خَيۡرٗا كَثِيرٗا ١٩ وَإِنۡ أَرَدتُّمُ ٱسۡتِبۡدَالَ زَوۡجٖ

زَوۡجٖ	ٱسۡتِبۡدَالَ	أَرَدتُّمُ	وَإِنۡ	كَثِيرٗا ١٩	خَيۡرٗا
ایک بیوی کا	بدلنا	تم چاہو	اور اگر	زیادہ	بھلائی

اور اگر تمھارا ارادہ ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی لے آنے کا ہو

مَّكَانَ زَوْجٍ وَءَاتَيْتُمْ إِحْدَىٰهُنَّ قِنطَارًا فَلَا

فَلَا	قِنطَارًا	إِحْدَىٰهُنَّ	وَءَاتَيْتُمْ	زَوْجٍ	مَّكَانَ
تونہ	بہت سامال	ان میں سے ایک کو	اور جبکہ تم نے دیا ہو	ایک بیوی کی	جگہ
اور جبکہ تم نے ان میں سے کسی ایک کو بہت سامال دیا ہو-					

تَأْخُذُواْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۚ أَتَأْخُذُونَهُۥ بُهْتَـٰنًا وَإِثْمًا

وَإِثْمًا	بُهْتَـٰنًا	أَتَأْخُذُونَهُۥ	شَيْـًٔا ۚ	مِنْهُ	تَأْخُذُواْ
گناہ سے	بہتان باندھ کر	کیا تم لوگے اسے	کچھ بھی	اس میں سے	تم (واپس) لو
تو تم اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو- کیا تم بہتان لگا کر اور صریح گناہ کے مرتکب ہو کر اسے واپس لوگے					

مُّبِينًا ۝٢٠ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُۥ وَقَدْ أَفْضَىٰ بَعْضُكُمْ

بَعْضُكُمْ	أَفْضَىٰ	وَقَدْ	تَأْخُذُونَهُۥ	وَكَيْفَ	مُّبِينًا ۝٢٠
ایک تمھارا	ملاپ کر چکا ہے	اور یقیناً	تم لوگے اسے	اور کیسے	اور صریح
اور تم اسے کیسے واپس لے سکتے ہو جبکہ تم آپس میں جسمانی تعلق قائم کر چکے ہو					

إِلَىٰ بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنكُم مِّيثَـٰقًا غَلِيظًا ۝٢١ وَلَا تَنكِحُواْ

وَلَا تَنكِحُواْ	غَلِيظًا ۝٢١	مِّيثَـٰقًا	مِنكُم	وَأَخَذْنَ	إِلَىٰ بَعْضٍ
اور نہ تم نکاح کرو	پختہ	عہد	تم سے	اور ان عورتوں نے لیا ہے	دوسرے سے
اور وہ عورتیں تم سے (نکاح کے وقت) پختہ عہد لے چکی ہیں					

مَا نَكَحَ ءَابَآؤُكُم مِّنَ ٱلنِّسَآءِ إِلَّا مَا قَدۡ سَلَفَۚ

مَا نَكَحَ	ءَابَآؤُكُم	مِّنَ ٱلنِّسَآءِ	إِلَّا	مَا	قَدۡ سَلَفَۚ
جن سے نکاح کیا	تمھارے باپوں نے	عورتوں میں سے	مگر	جو	یقیناً پہلے گزر چکا

اور جن عورتوں سے تمھارے باپ نکاح کر چکے ہیں تم ان سے نکاح مت کرو- سوائے اس کے جو پہلے ہو چکا-

إِنَّهُۥ كَانَ فَٰحِشَةً وَمَقۡتًا وَسَآءَ سَبِيلًا ﴿٢٢﴾

إِنَّهُۥ	كَانَ	فَٰحِشَةً	وَمَقۡتًا	وَسَآءَ	سَبِيلًا ﴿٢٢﴾
بیشک یہ	ہے	بے حیائی (کا کام)	اور ناراضگی کی بات	اور برا ہے	طریقہ

بیشک یہ بے حیائی کا کام اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی بات ہے اور بہت ہی برا راستہ ہے-

حُرِّمَتۡ عَلَيۡكُمۡ أُمَّهَٰتُكُمۡ وَبَنَاتُكُمۡ وَأَخَوَٰتُكُمۡ وَعَمَّٰتُكُمۡ

حُرِّمَتۡ	عَلَيۡكُمۡ	أُمَّهَٰتُكُمۡ	وَبَنَاتُكُمۡ	وَأَخَوَٰتُكُمۡ	وَعَمَّٰتُكُمۡ
حرام کی گئی ہیں	تم پر	تمھاری مائیں	اور تمھاری بیٹیاں	اور تمھاری بہنیں	اور تمھاری پھوپھیاں

حرام کی گئی ہیں تم پر تمھاری مائیں اور تمھاری بیٹیاں اور تمھاری بہنیں اور تمھاری پھوپھیاں

وَخَٰلَٰتُكُمۡ وَبَنَاتُ ٱلۡأَخِ وَبَنَاتُ ٱلۡأُخۡتِ وَأُمَّهَٰتُكُمُ ٱلَّٰتِيٓ أَرۡضَعۡنَكُمۡ

وَخَٰلَٰتُكُمۡ	وَبَنَاتُ ٱلۡأَخِ	وَبَنَاتُ ٱلۡأُخۡتِ	وَأُمَّهَٰتُكُمُ	ٱلَّٰتِيٓ	أَرۡضَعۡنَكُمۡ
اور تمھاری خلائیں	اور بھائیوں کی بیٹیاں	اور بہنوں کی بیٹیاں	اور تمھاری مائیں	وہ جنھوں نے	تمھیں دودھ پلایا

اور تمھاری خلائیں اور بھائیوں کی بیٹیاں اور بہنوں کی بیٹیاں اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تمھیں دودھ پلایا

وَأَخَوَٰتُكُم مِّنَ ٱلرَّضَٰعَةِ وَأُمَّهَٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَٰٓئِبُكُمُ ٱلَّٰتِي

وَأَخَوَٰتُكُم	مِّنَ ٱلرَّضَٰعَةِ	وَأُمَّهَٰتُ	نِسَآئِكُمْ	وَرَبَٰٓئِبُكُمُ
اور تمھاری بہنیں	رضاعی (دودھ شریک)	اور مائیں	تمھاری بیویوں کی (تمھاری ساسیں)	اور تمھاری سوتیلی بیٹیاں
اور تمھاری رضاعی (دودھ شریک) بہنیں اور تمھاری بیویوں کی مائیں (تمھاری ساسیں) اور تمھاری سوتیلی بیٹیاں				

ٱلَّٰتِي فِي حُجُورِكُم مِّن نِّسَآئِكُمُ ٱلَّٰتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ

ٱلَّٰتِي	فِي حُجُورِكُم	مِّن نِّسَآئِكُمُ	ٱلَّٰتِي	دَخَلْتُم	بِهِنَّ
وہ جو	(پرورش پائیں) تمھاری گودوں میں	تمھاری ان عورتوں (کے بدن) سے	وہ جو کہ	تم نے صحبت کی ہو	ان سے
وہ جو (پرورش پائیں) تمھاری گودوں میں تمھاری ان عورتوں (کے بدن) سے جن سے تم نے صحبت کی ہو					

فَإِن لَّمْ تَكُونُواْ دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

فَإِن	لَّمْ تَكُونُواْ	دَخَلْتُم	بِهِنَّ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
پھر اگر	تم نے نہیں	صحبت کی	ان سے	تو کوئی گناہ نہیں ہے	تم پر
پھر اگر تم نے ان عورتوں سے صحبت نہ کی ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں (انہیں چھوڑ کر ان لڑکیوں سے نکاح کر لینے میں)					

وَحَلَٰٓئِلُ أَبْنَآئِكُمُ ٱلَّذِينَ مِنْ أَصْلَٰبِكُمْ وَأَن

وَحَلَٰٓئِلُ	أَبْنَآئِكُمُ	ٱلَّذِينَ	مِنْ أَصْلَٰبِكُمْ	وَأَن
اور بیویاں	تمھارے بیٹوں کی (تمھاری بہوئیں)	وہ جو	تمھاری پشتوں سے ہیں	اور (حرام ہے تم پر) یہ کہ
اور تمھارے ان بیٹوں کی بیویاں جو تمھاری پشتوں سے ہیں یعنی تمھاری بہوئیں اور یہ بھی تم پر حرام کر دیا گیا ہے				

تَجۡمَعُواْ بَيۡنَ ٱلۡأُخۡتَيۡنِ إِلَّا مَا قَدۡ سَلَفَۗ إِنَّ

تَجۡمَعُواْ	بَيۡنَ ٱلۡأُخۡتَيۡنِ	إِلَّا	مَا	قَدۡ سَلَفَۗ	إِنَّ
تم جمع کرو	دو بہنوں کو	مگر	وہ جو	پہلے ہو چکا	یقیناً
کہ تم بیک وقت دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرو مگر وہ جو پہلے ہو چکا-					

ٱللَّهَ كَانَ غَفُورٗا رَّحِيمٗا ﴿٢٣﴾

ٱللَّهَ	كَانَ	غَفُورٗا	رَّحِيمٗا ﴿٢٣﴾		
اللہ تعالیٰ	ہے	بخشنے والا	مہربان ہے		
یقیناً اللہ تعالیٰ غفور اور رحیم ہے					

وَٱلۡمُحۡصَنَٰتُ مِنَ ٱلنِّسَآءِ إِلَّا مَا مَلَكَتۡ أَيۡمَٰنُكُمۡۖ

وَٱلۡمُحۡصَنَٰتُ	مِنَ ٱلنِّسَآءِ	إِلَّا مَا	مَلَكَتۡ	أَيۡمَٰنُكُمۡۖ
اور (حرام ہیں) شادی شدہ	عورتیں (بھی)	مگر وہ (لونڈیاں) جن کے	مالک ہوں	تمھارے دائیں ہاتھ
اور وہ عورتیں (بھی تم پر حرام ہیں) جو کسی اور کے نکاح میں ہوں مگر وہ (لونڈیاں) جن کے مالک ہوں تمھارے دائیں ہاتھ				

كِتَٰبَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡۚ وَأُحِلَّ لَكُم مَّا وَرَآءَ

كِتَٰبَ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُمۡۚ	وَأُحِلَّ	لَكُم	مَّا	وَرَآءَ
یہ اللہ کا لکھا ہوا ہے	تم پر	اور حلال کر دی گئیں ہیں	تم پر	جو	علاوہ ہیں
یہ اللہ کا قانون ہے جس کی پابندی تم پر لازم کر دی گئی ہے- ان کے سوا جو عورتیں ہیں وہ تمھارے لیے حلال ہیں					

ذَٰلِكُمۡ أَن تَبۡتَغُواْ بِأَمۡوَٰلِكُم مُّحۡصِنِينَ

ذَٰلِكُمۡ	أَن تَبۡتَغُواْ	بِأَمۡوَٰلِكُم	مُّحۡصِنِينَ
ان (مذکورہ) کے	یہ کہ تم تلاش کرو	اپنے مالوں ذریعے	اس حال میں کہ نکاح میں لانے والے ہو
یہ کہ تم اپنے مالوں کے ذریعے تلاش کرو اس حال میں کہ نکاح میں لانے والے ہو			

غَيۡرَ مُسَٰفِحِينَۚ فَمَا ٱسۡتَمۡتَعۡتُم بِهِۦ مِنۡهُنَّ فَـَٔاتُوهُنَّ

غَيۡرَ مُسَٰفِحِينَۚ	فَمَا	ٱسۡتَمۡتَعۡتُم	بِهِۦ	مِنۡهُنَّ	فَـَٔاتُوهُنَّ
نہ کہ بدکاری کرنے والے	پھر جو	تم نے فائدہ اٹھایا	اس کے بدلے	ان عورتوں سے	تو تم انہیں دو
نہ کہ بدکاری کرنے والے - پھر جو تم نے ان عورتوں سے فائدہ اٹھایا یعنی جسمانی تعلق قائم کیا					

أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةٗۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ فِيمَا

أُجُورَهُنَّ	فَرِيضَةٗۚ	وَلَا	جُنَاحَ	عَلَيۡكُمۡ	فِيمَا
ان کے مہر	مقرر کیے ہوئے	اور نہیں	گناہ	تم پر	اس (کمی بیشی) میں کہ
تو تم ان کے مقرر کیے ہوئے حق مہر ان کو دے دو - البتہ اس کام کا تم پر کوئی گناہ نہیں کہ مہر مقرر ہونے کے بعد					

تَرَٰضَيۡتُم بِهِۦ مِنۢ بَعۡدِ ٱلۡفَرِيضَةِۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ

تَرَٰضَيۡتُم	بِهِۦ	مِنۢ بَعۡدِ ٱلۡفَرِيضَةِۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	كَانَ
تم آپس میں راضی ہو جاؤ	اس پر	مقرر کر لینے کے بعد	یقیناً	اللہ تعالیٰ	ہے
باہمی رضامندی سے کوئی کمی بیشی کر لو - یقیناً اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے					

عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿٢٤﴾ وَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنكُمْ طَوْلًا

طَوْلًا	مِنكُمْ	لَّمْ يَسْتَطِعْ	وَمَن	حَكِيمًا ﴿٢٤﴾	عَلِيمًا
مالی طور پر	میں سے	طاقت نہ رکھے	اور جو شخص	حکمت والا ہے	جاننے والا
اور جو شخص مالی طور پر خاندانی آزاد عورتوں سے نکاح نہ کرنے کی طاقت رکھے					

أَن يَنكِحَ ٱلْمُحْصَنَٰتِ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ فَمِن مَّا مَلَكَتْ أَيْمَٰنُكُم

أَيْمَٰنُكُم	مَلَكَتْ	فَمِن مَّا	ٱلْمُحْصَنَٰتِ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ	أَن يَنكِحَ
تمھارے دائیں ہاتھ	مالک ہوئے	تو ان سے (نکاح کرلے) جن کے	آزاد مومن عورتوں سے	کہ وہ نکاح کرے
تو وہ تمھاری اُن لونڈیوں میں سے کسی کے ساتھ نکاح کرلے جو تمھارے قبضے میں ہوں اور مومنہ ہوں				

مِّن فَتَيَٰتِكُمُ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ ۚ وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَٰنِكُمْ ۚ بَعْضُكُم مِّنۢ بَعْضٍ ۚ

مِّنۢ بَعْضٍ ۚ	بَعْضُكُم	بِإِيمَٰنِكُمْ ۚ	أَعْلَمُ	وَٱللَّهُ	مِّن فَتَيَٰتِكُمُ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ ۚ
دوسرے سے ہے	ایک تمھارا	تمھارے ایمان کو	خوب جانتا ہے	اور اللہ	تمھاری مومن لونڈیوں سے
اور اللہ تمھارے ایمان کو خوب جانتا ہے۔تم سب ایک دوسرے ہی میں سے ہو					

فَٱنكِحُوهُنَّ بِإِذْنِ أَهْلِهِنَّ وَءَاتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِٱلْمَعْرُوفِ

بِٱلْمَعْرُوفِ	أُجُورَهُنَّ	وَءَاتُوهُنَّ	أَهْلِهِنَّ	بِإِذْنِ	فَٱنكِحُوهُنَّ
دستور کے مطابق	ان کے مہر	اور تم انہیں دو	ان کے مالکوں کی	اجازت سے	تو تم ان سے نکاح کرلو
تو تم اُن کے مالکوں کی اجازت سے اُن سے نکاح کرلو اور انہیں ان کے حق مہر معروف طریقے سے ادا کرو					

مُحۡصَنَٰتٍ غَيۡرَ مُسَٰفِحَٰتٖ وَلَا مُتَّخِذَٰتِ أَخۡدَانٖۚ

مُحۡصَنَٰتٍ	غَيۡرَ مُسَٰفِحَٰتٖ	وَلَا مُتَّخِذَٰتِ	أَخۡدَانٖۚ
اس حال میں کہ وہ نکاح میں لائی گئی ہوں	نہ بدکاری کرنے والیاں ہوں	اور نہ بنانے والیاں ہوں	چھپی دوستیاں
وہ پاک دامن ہوں نہ کہ اعلانیہ بدکاری کرنے والیاں نہ چھپی دوستیاں کرنے والیاں			

فَإِذَآ أُحۡصِنَّ فَإِنۡ أَتَيۡنَ بِفَٰحِشَةٖ فَعَلَيۡهِنَّ

فَإِذَآ	أُحۡصِنَّ	فَإِنۡ	أَتَيۡنَ	بِفَٰحِشَةٖ	فَعَلَيۡهِنَّ
پھر جب	وہ نکاح میں لائی جاچکیں	تو اگر	وہ کریں	بے حیائی (کا کام)	تو ان پر
پس جب وہ لونڈیاں نکاح میں آجائیں پھر اگر وہ بے حیائی کا کام کریں تو انہیں آدھی سزا ہے					

نِصۡفُ مَا عَلَى ٱلۡمُحۡصَنَٰتِ مِنَ ٱلۡعَذَابِۚ ذَٰلِكَ لِمَنۡ

نِصۡفُ	مَا	عَلَى ٱلۡمُحۡصَنَٰتِ	مِنَ ٱلۡعَذَابِۚ	ذَٰلِكَ	لِمَنۡ
آدھی	اس سے جو	آزاد عورتوں پر ہے	سزا سے	یہ (اجازت)	اس کے لیے ہے جو
اس سزا سے جو آزاد عورتوں پر ہے - یہ اجازت اس کے لیے ہے جو تم میں سے بدکاری میں پڑنے سے ڈرے					

خَشِيَ ٱلۡعَنَتَ مِنكُمۡۚ وَأَن تَصۡبِرُواْ خَيۡرٞ لَّكُمۡۗ

خَشِيَ	ٱلۡعَنَتَ	مِنكُمۡۚ	وَأَن تَصۡبِرُواْ	خَيۡرٞ	لَّكُمۡۗ
ڈرے	بدکاری میں پڑنے سے	تم میں سے	اور تمھارا صبر کرنا	بہت بہتر ہے	تمھارے لیے
اور تمھارا صبر کرنا تمھارے لیے بہت بہتر ہے					

وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ۝٢٥ يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمۡ

وَٱللَّهُ	غَفُورٞ	رَّحِيمٞ ۝٢٥	يُرِيدُ ٱللَّهُ	لِيُبَيِّنَ	لَكُمۡ
اور اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا ہے	اللہ چاہتا ہے	کہ بیان کرے	تمھارے لیے

اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے- اللہ چاہتا ہے کہ تمھارے لیے اپنے احکام واضح کرے

وَيَهۡدِيَكُمۡ سُنَنَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِكُمۡ وَيَتُوبَ عَلَيۡكُمۡۗ

وَيَهۡدِيَكُمۡ	سُنَنَ	ٱلَّذِينَ	مِن قَبۡلِكُمۡ	وَيَتُوبَ	عَلَيۡكُمۡۗ
اور رہنمائی کرے تمھاری	طریقوں پر	ان لوگوں کے جو	تم سے پہلے تھے	اور وہ متوجہ ہو	تم پر

اور تمھاری رہنمائی کرے اُن لوگوں کے طریقوں پر جو تم سے پہلے تھے اور وہ تم پر متوجہ ہو

وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٞ ۝٢٦ وَٱللَّهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ

وَٱللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٞ ۝٢٦	وَٱللَّهُ	يُرِيدُ	أَن يَتُوبَ
اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے	اور اللہ	چاہتا ہے	یہ کہ وہ توجہ کرے

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور اللہ چاہتا ہے کہ وہ تم پر توجہ کرے

عَلَيۡكُمۡ وَيُرِيدُ ٱلَّذِينَ يَتَّبِعُونَ ٱلشَّهَوَٰتِ أَن

عَلَيۡكُمۡ	وَيُرِيدُ	ٱلَّذِينَ	يَتَّبِعُونَ	ٱلشَّهَوَٰتِ	أَن
تم پر	اور چاہتے ہیں	وہ لوگ جو	پیروی کرتے ہیں	خواہشات کی	یہ کہ

اور وہ لوگ جو خواہشات کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں

تَمِيلُواْ مَيۡلًا عَظِيمًا ٢٧ يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُخَفِّفَ

يُخَفِّفَ	أَن	يُرِيدُ ٱللَّهُ	عَظِيمًا ٢٧	مَيۡلًا	تَمِيلُواْ
(بوجھ) ہلکا کرے	یہ کہ	اللہ چاہتا ہے	بہت زیادہ	ہٹ جانا	تم (حق سے) ہٹ جاؤ
کہ تم راہ حق سے بھٹک کر دور نکل جاؤ- اللہ چاہتا ہے کہ تم پر سے بوجھ ہلکا کرے					

عَنكُمۡۚ وَخُلِقَ ٱلۡإِنسَٰنُ ضَعِيفًا ٢٨ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَأۡكُلُوٓاْ

لَا تَأۡكُلُوٓاْ	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	ضَعِيفًا ٢٨	ٱلۡإِنسَٰنُ	وَخُلِقَ	عَنكُمۡۚ
نہ تم کھاؤ	اے ایمان والوں	کمزور	انسان	اور پیدا کیا گیا ہے	تم سے
اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے- اے ایمان والوں اپنے مال آپس میں ناحق طریقے سے نہ کھاؤ					

أَمۡوَٰلَكُم بَيۡنَكُم بِٱلۡبَٰطِلِ إِلَّآ أَن تَكُونَ

تَكُونَ	أَن	إِلَّآ	بِٱلۡبَٰطِلِ	بَيۡنَكُم	أَمۡوَٰلَكُم
ہو	یہ کہ	مگر	ناحق طریقے سے	آپس میں	اپنے مال
مگر یہ کہ تجارت ہو تمھاری آپس کی رضامندی سے-					

تِجَٰرَةً عَن تَرَاضٖ مِّنكُمۡۚ وَلَا تَقۡتُلُوٓاْ أَنفُسَكُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ

ٱللَّهَ	إِنَّ	أَنفُسَكُمۡۚ	وَلَا تَقۡتُلُوٓاْ	عَن تَرَاضٖ مِّنكُمۡۚ	تِجَٰرَةً
اللہ	یقیناً	اپنے نفسوں کو	اور نہ تم قتل کرو	تمھاری آپس کی رضامندی سے	تجارت
اور نہ اپنے آپ کو قتل کرو-					

كَانَ بِكُمۡ رَحِيمَا ٢٩ وَمَن يَفۡعَلۡ ذَٰلِكَ

ذَٰلِكَ	يَفۡعَلۡ	وَمَن	رَحِيمَا ٢٩	بِكُمۡ	كَانَ
یہ (کام)	کرے	اور جو کوئی	رحم کرنے والا	تم پر	ہے
یقیناً اللہ تعالیٰ تم پر بہت مہربان ہے- اور جو کوئی بھی یہ کام کرے گا					

عُدۡوَٰنٗا وَظُلۡمٗا فَسَوۡفَ نُصۡلِيهِ نَارٗاۚ وَكَانَ

وَكَانَ	نَارٗاۚ	نُصۡلِيهِ	فَسَوۡفَ	وَظُلۡمٗا	عُدۡوَٰنٗا
اور ہے	آگ میں	ہم داخل کریں گے اسے	تو عنقریب	اور ظلم سے	زیادتی سے
ظلم اور زیادتی سے، تو عنقریب ہم اسے آگ میں داخل کریں گے					

ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا ٣٠ إِن تَجۡتَنِبُواْ كَبَآئِرَ

كَبَآئِرَ	تَجۡتَنِبُواْ	إِن	يَسِيرًا ٣٠	عَلَى ٱللَّهِ	ذَٰلِكَ
بڑے گناہوں سے	تم بچو گے	اگر	نہایت آسان	اللہ پر	یہ
اور یہ چیز اللہ تعالیٰ پر بہت آسان ہے-اگر تم ان بڑے گناہوں سے بچو گے					

مَا تُنۡهَوۡنَ عَنۡهُ نُكَفِّرۡ عَنكُمۡ سَيِّـَٔاتِكُمۡ

سَيِّـَٔاتِكُمۡ	عَنكُمۡ	نُكَفِّرۡ	عَنۡهُ	تُنۡهَوۡنَ	مَا
تمھاری برائیاں	تم سے	تو ہم دور کر دیں گے	ان سے	تمھیں روکا جاتا تھا	وہ جو کہ
جن سے تمھیں روکا جاتا تھا-تو ہم تم سے تمھاری برائیاں دور کر دیں گے					

وَنُدۡخِلۡكُم مُّدۡخَلٗا كَرِيمٗا ٣١ وَلَا تَتَمَنَّوۡاْ مَا فَضَّلَ

وَنُدۡخِلۡكُم	مُّدۡخَلٗا	كَرِيمٗا ٣١	وَلَا تَتَمَنَّوۡاْ	مَا	فَضَّلَ
اور ہم داخل کریں گے تمھیں	جگہ میں	عزت کی	اور نہ تم تمنا کرو	اس کی جو	فضلیت دی

اور ہم تمھیں عزت کی جگہ میں داخل کریں گے اور اس چیز کی آرزو مت کرو جس کے باعث اللہ نے تم میں سے

ٱللَّهُ بِهِۦ بَعۡضَكُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖۚ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٞ

ٱللَّهُ	بِهِۦ	بَعۡضَكُمۡ	عَلَىٰ بَعۡضٖۚ	لِّلرِّجَالِ	نَصِيبٞ
اللہ نے	اس کے ساتھ	تمھارے بعض کو	بعض پر	مردوں کے لیے	حصہ ہے

بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے- مردوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جو انھوں نے کمایا

مِّمَّا ٱكۡتَسَبُواْۖ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيبٞ مِّمَّا ٱكۡتَسَبۡنَۚ

مِّمَّا	ٱكۡتَسَبُواْۖ	وَلِلنِّسَآءِ	نَصِيبٞ	مِّمَّا	ٱكۡتَسَبۡنَۚ
اس میں سے جو	انھوں نے کمایا	اور عورتوں کے لیے	حصہ ہے	اس میں سے جو	انھوں نے کمایا

اور عورتوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جو انھوں نے کمایا

وَسۡـَٔلُواْ ٱللَّهَ مِن فَضۡلِهِۦٓۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِكُلِّ

وَسۡـَٔلُواْ ٱللَّهَ	مِن فَضۡلِهِۦٓۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	كَانَ	بِكُلِّ
اور تم اللہ سے سوال کرو	اس کے فضل کا	بیشک	اللہ	ہے	ہر

اور تم اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرو- بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے

شَیۡءٍ عَلِیمٗا۝٣٢ وَلِكُلّٖ جَعَلۡنَا مَوَٰلِیَ مِمَّا

مِمَّا	مَوَٰلِیَ	جَعَلۡنَا	وَلِكُلّٖ	عَلِیمٗا۝٣٢	شَیۡءٍ
اس(مال)کے جو	وارث	ہم نے بنائے ہیں	اور ہر ایک کے لیے	جاننے والا	چیز کو
اور ہر ایک کے لیے ہم نے وارث مقرر کر دیئے ہیں					

تَرَكَ ٱلۡوَٰلِدَانِ وَٱلۡأَقۡرَبُونَۚ وَٱلَّذِینَ عَقَدَتۡ أَیۡمَـٰنُكُمۡ

أَیۡمَـٰنُكُمۡ	عَقَدَتۡ	وَٱلَّذِینَ	وَٱلۡأَقۡرَبُونَۚ	ٱلۡوَٰلِدَانِ	تَرَكَ
تمھارے دائیں ہاتھوں نے	عہد کیا	اور وہ لوگ جن سے	اور قریب ترین رشتے دار	ماں باپ	چھوڑ جائیں
اس مال کے جو بھی والدین اور رشتہ دار چھوڑیں-اور جن کے ساتھ تمھارے عہد وپیمان ہو					

فَـَٔاتُوهُمۡ نَصِیبَهُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلَىٰ

عَلَىٰ	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ	نَصِیبَهُمۡۚ	فَـَٔاتُوهُمۡ
پر	ہے	اللہ	بیشک	ان کا حصہ	تو تم انہیں دو
تو تم انہیں ان کا حصہ دو-یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر گواہ ہے					

كُلِّ شَیۡءٍ شَهِیدًا۝٣٣ ٱلرِّجَالُ قَوَّ ٰمُونَ عَلَى ٱلنِّسَاۤءِ

عَلَى ٱلنِّسَاۤءِ	قَوَّ ٰمُونَ	ٱلرِّجَالُ	شَهِیدًا۝٣٣	شَیۡءٍ	كُلِّ
عورتوں پر	حاکم ہیں	مرد	(پوری طرح) گواہ	چیز	ہر
مرد عورتوں پر حاکم ہیں					

بِمَا فَضَّلَ ٱللَّهُ بَعۡضَهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖ وَبِمَآ أَنفَقُواْ

بِمَا	فَضَّلَ ٱللَّهُ	بَعۡضَهُمۡ	عَلَىٰ بَعۡضٖ	وَبِمَآ	أَنفَقُواْ
اس وجہ کہ	اللہ نے جو فضیلت دی	اُن کے بعض کو	بعض پر	اور اس وجہ سے جو	وہ خرچ کرتے ہیں
بسبب اس فضیلت کے جو اللہ نے بعض کو بعض پر دی ہے اور بسبب اس کے جو وہ اپنے مال میں سے خرچ کرتے ہیں					

مِنۡ أَمۡوَٰلِهِمۡۚ فَٱلصَّٰلِحَٰتُ قَٰنِتَٰتٌ حَٰفِظَٰتٞ لِّلۡغَيۡبِ بِمَا

مِنۡ أَمۡوَٰلِهِمۡۚ	فَٱلصَّٰلِحَٰتُ	قَٰنِتَٰتٌ	حَٰفِظَٰتٞ	لِّلۡغَيۡبِ	بِمَا
اپنے مالوں میں سے	پس نیک عورتیں	فرمانبدار ہوتی ہیں	حفاظت کرنے والیاں ہوتی ہیں	پیٹھ پیچھے	بوجہ اس کے جو
پس نیک عورتیں فرمانبدار ہوتی ہیں غیب میں حفاظت کرنے والیاں ہوتی ہیں					

حَفِظَ ٱللَّهُۚ وَٱلَّٰتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ

حَفِظَ ٱللَّهُۚ	وَٱلَّٰتِي	تَخَافُونَ	نُشُوزَهُنَّ	فَعِظُوهُنَّ
اللہ نے (ان کی) حفاظت کی	اور وہ عورتیں کہ	تم ڈرتے ہو	ان کی سرکشی سے	تو تم انہیں نصیحت کرو
اللہ کی حفاظت سے - اور وہ عورتیں کہ جن کی سرکشی سے تم ڈرتے ہو تو تم انہیں نصیحت کرو				

وَٱهۡجُرُوهُنَّ فِي ٱلۡمَضَاجِعِ وَٱضۡرِبُوهُنَّۖ فَإِنۡ أَطَعۡنَكُمۡ فَلَا تَبۡغُواْ

وَٱهۡجُرُوهُنَّ	فِي ٱلۡمَضَاجِعِ	وَٱضۡرِبُوهُنَّۖ	فَإِنۡ	أَطَعۡنَكُمۡ	فَلَا تَبۡغُواْ
اوران سے الگ ہو جاؤ	خواب گاہوں میں	اور انہیں مارو	پھر اگر	وہ تمھاری اطاعت کریں	تو تم نہ تلاش کرو
اور ان کو ان کے بستروں میں تنہا چھوڑ دو، اور انہیں مارو، پھر اگر وہ تمھاری اطاعت کریں					

عَلَيۡهِنَّ سَبِيلًاۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلِيًّا

عَلِيًّا	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ	سَبِيلًاۗ	عَلَيۡهِنَّ
نہایت بلند	ہے	اللہ تعالیٰ	بیشک	کوئی راہ (ستانے کی)	ان پر
تو ان کے خلاف خواہ مخواہ زیادتی کی راہ تلاش مت کرو					

كَبِيرًا ٣٤ وَإِنۡ خِفۡتُمۡ شِقَاقَ بَيۡنِهِمَا فَٱبۡعَثُواْ

فَٱبۡعَثُواْ	بَيۡنِهِمَا	شِقَاقَ	خِفۡتُمۡ	وَإِنۡ	كَبِيرًا ٣٤
تو تم مقرر کرو	ان دونوں کے درمیان	اختلاف سے	تم ڈرو	اور اگر	بہت بڑا ہے
یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بلند اور بہت بڑا ہے- اور اگر تمھیں میاں بیوی کے درمیان اختلاف کا اندیشہ ہو					

حَكَمًا مِّنۡ أَهۡلِهِۦ وَحَكَمًا مِّنۡ أَهۡلِهَآ إِن

إِن	مِّنۡ أَهۡلِهَآ	وَحَكَمًا	مِّنۡ أَهۡلِهِۦ	حَكَمًا
اگر	اس (عورت) کے خاندان سے	اور ایک منصف	اس (مرد) کے خاندان سے	ایک منصف
تو ایک منصف مرد کے خاندان سے مقرر کرو اور ایک منصف عورت کے خاندان سے مقرر کرو				

يُرِيدَآ إِصۡلَٰحًا يُوَفِّقِ ٱللَّهُ بَيۡنَهُمَآۗ

بَيۡنَهُمَآۗ	ٱللَّهُ	يُوَفِّقِ	إِصۡلَٰحًا	يُرِيدَآ
ان دونوں کے درمیان	اللہ	تو موافقت پیدا کر دے گا	صلح کروانا	وہ دونوں چاہیں گے
اگر وہ دونوں (منصف یا میاں بیوی) اصلاح چاہیں گے تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کے درمیان موافقت پیدا کر دے گا				

إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلِيمًا خَبِيرًا ۝٣٥ وَٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ

وَٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ	خَبِيرًا ۝٣٥	عَلِيمًا	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ
اور تم اللہ کی عبادت کرو	خبردار	جاننے والا	ہے	اللہ	یقیناً

یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے اور باخبر ہے اور تم اللہ کی عبادت کرو

وَلَا تُشۡرِكُواْ بِهِۦ شَيۡـًٔاۖ وَبِٱلۡوَٰلِدَيۡنِ إِحۡسَٰنًا وَبِذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ

وَبِذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ	إِحۡسَٰنًا	وَبِٱلۡوَٰلِدَيۡنِ	شَيۡـًٔاۖ	بِهِۦ	وَلَا تُشۡرِكُواْ
اور رشتے داروں کے ساتھ	احسان کرو	اور ماں باپ کے ساتھ	کسی چیز کو	اس کے ساتھ	اور نہ تم شریک ٹھہراؤ

اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور رشتے داروں کے ساتھ

وَٱلۡيَتَٰمَىٰ وَٱلۡمَسَٰكِينِ وَٱلۡجَارِ ذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡجَارِ ٱلۡجُنُبِ

وَٱلۡجَارِ ٱلۡجُنُبِ	وَٱلۡجَارِ ذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ	وَٱلۡمَسَٰكِينِ	وَٱلۡيَتَٰمَىٰ
اور اجنبی پڑوسی (کے ساتھ)	اور قرابت دار پڑوسی (کے ساتھ)	اور مسکینوں (کے ساتھ)	اور یتیموں (کے ساتھ)

اور یتیموں کے ساتھ اور مسکینوں کے ساتھ اور قرابت دار پڑوسی کے ساتھ اور اجنبی پڑوسی کے ساتھ

وَٱلصَّاحِبِ بِٱلۡجَنۢبِ وَٱبۡنِ ٱلسَّبِيلِ وَمَا مَلَكَتۡ أَيۡمَٰنُكُمۡۗ

أَيۡمَٰنُكُمۡۗ	مَلَكَتۡ	وَمَا	وَٱبۡنِ ٱلسَّبِيلِ	وَٱلصَّاحِبِ بِٱلۡجَنۢبِ
تمھارے دائیں ہاتھ	مالک ہوئے	اور (ان کے ساتھ) جن کے	اور مسافر (کے ساتھ)	اور ہم نشین (کے ساتھ)

اور ہم نشین کے ساتھ اور مسافر کے ساتھ اور وہ لونڈی غلام جو تمھارے ملک یمین ہیں ان کے ساتھ بھی نیک سلوک کرو

إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ

كَانَ	مَن	يُحِبُّ	لَا	ٱللَّهَ	إِنَّ
ہو	جو	پسند کرتا	نہیں	اللہ تعالیٰ	یقیناً
اللہ تعالیٰ شیخی خورے اور اکڑنے والے کو بالکل پسند نہیں کرتا					

مُخۡتَالٗا فَخُورًا ﴿٣٦﴾ ٱلَّذِينَ يَبۡخَلُونَ وَيَأۡمُرُونَ ٱلنَّاسَ

ٱلنَّاسَ	وَيَأۡمُرُونَ	يَبۡخَلُونَ	ٱلَّذِينَ	فَخُورًا ﴿٣٦﴾	مُخۡتَالٗا
لوگوں کو	اور حکم کرتے ہیں	بخل کرتے ہیں	وہ لوگ جو	فخر کرنے والا	اترانے والا
وہ لوگ جو خود بھی بخل کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی بخل کا حکم کرتے ہیں					

بِٱلۡبُخۡلِ وَيَكۡتُمُونَ مَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦۗ وَأَعۡتَدۡنَا

وَأَعۡتَدۡنَا	مِن فَضۡلِهِۦۗ	ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ	مَآ	وَيَكۡتُمُونَ	بِٱلۡبُخۡلِ
اور ہم نے تیار کر رکھا ہے	اپنے فضل سے	اللہ نے انہیں دیا	اسے جو	اور وہ چھپاتے ہیں	بخل کا
اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جو اپنے فضل و کرم سے دیا ہے اسے چھپاتے ہیں					

لِلۡكَٰفِرِينَ عَذَابٗا مُّهِينٗا ﴿٣٧﴾ وَٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمۡوَٰلَهُمۡ

أَمۡوَٰلَهُمۡ	يُنفِقُونَ	وَٱلَّذِينَ	مُّهِينٗا ﴿٣٧﴾	عَذَابٗا	لِلۡكَٰفِرِينَ
اپنے مال	خرچ کرتے ہیں	اور وہ لوگ جو	رسوا کرنے والا	عذاب	کافروں کے لیے
اور ہم نے ایسے کافروں کے لیے رسوا کن عذاب تیار کر رکھا ہے					

رِئَآءَ ٱلنَّاسِ وَلَا يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَلَا بِٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۗ وَمَن

رِئَآءَ ٱلنَّاسِ	وَلَا يُؤۡمِنُونَ	بِٱللَّهِ	وَلَا بِٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۗ	وَمَن
لوگوں کو دکھانے کے لیے	اور نہیں وہ ایمان لاتے	اللہ پر	اور نہ آخرت کے دن پر	اور جو شخص کہ
اور جو لوگ اپنے مال لوگوں کو دکھانے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں لاتے				

يَكُنِ ٱلشَّيۡطَٰنُ لَهُۥ قَرِينٗا فَسَآءَ قَرِينٗا ۝٣٨

يَكُنِ	ٱلشَّيۡطَٰنُ	لَهُۥ	قَرِينٗا	فَسَآءَ	قَرِينٗا ۝٣٨
ہو	شیطان	اس کا	ہم نشین (ساتھی)	تو برا ہے وہ	ہم نشین (ساتھی)
اور جس کا ہم نشین اور ساتھی شیطان ہو تو وہ بدترین ساتھی ہے					

وَمَاذَا عَلَيۡهِمۡ لَوۡ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ

وَمَاذَا	عَلَيۡهِمۡ	لَوۡ	ءَامَنُواْ	بِٱللَّهِ	وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ
اور کیا	نقصان ہوتا ان کا	اگر	وہ ایمان لے آتے	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر
ان کا کیا نقصان ہوتا اگر وہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لے آتے					

وَأَنفَقُواْ مِمَّا رَزَقَهُمُ ٱللَّهُۚ وَكَانَ ٱللَّهُ بِهِمۡ

وَأَنفَقُواْ	مِمَّا	رَزَقَهُمُ ٱللَّهُۚ	وَكَانَ	ٱللَّهُ	بِهِمۡ
اور وہ خرچ کرتے ہیں	اس (مال) میں سے جو	اللہ نے انہیں دیا	اور ہے	اللہ	ان کو
اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے خرچ کرتے، اور اللہ تعالیٰ انہیں خوب جاننے والا ہے					

عَلِيمًا۝٣٩ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍۖ وَإِن

عَلِيمًا۝٣٩	إِنَّ	ٱللَّهَ	لَا يَظْلِمُ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍۖ	وَإِن
جاننے والا	یقیناً	اللہ	نہیں ظلم کرتا	ایک ذرے کے برابر بھی	اور اگر

یقیناً اللہ تعالیٰ کسی پر ایک ذرے کے برابر بھی ظلم نہیں کرتا

تَكُ حَسَنَةً يُضَٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِن لَّدُنْهُ أَجْرًا

تَكُ	حَسَنَةً	يُضَٰعِفْهَا	وَيُؤْتِ	مِن لَّدُنْهُ	أَجْرًا
ہو گی	کوئی نیکی	تو وہ اسے دگنا کر دے گا	اور وہ دے گا	اپنی طرف سے	اجر

اور اگر ایک نیکی ہو گی تو اس کو کئی گنا بڑھادے گا اور وہ اپنی طرف سے بہت بڑا اجر دے گا

عَظِيمًا۝٤٠ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍۭ بِشَهِيدٍ

عَظِيمًا۝٤٠	فَكَيْفَ	إِذَا	جِئْنَا	مِن كُلِّ أُمَّةٍۭ	بِشَهِيدٍ
بہت بڑا	پھر کیا حال ہو گا	جب	ہم لائیں گے	ہر امت میں سے	ایک گواہ

پھر کیا حال ہو گا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے

وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ شَهِيدًا۝٤١ يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ

وَجِئْنَا	بِكَ	عَلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ	شَهِيدًا۝٤١	يَوْمَئِذٍ	يَوَدُّ
اور ہم لائیں گے	آپؐ کو	ان لوگوں پر	گواہ	اس دن	چاہیں گے

اور آپ ﷺ کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے- اس دن تمنا کریں گے وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا تھا

ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَعَصَوُاْ ٱلرَّسُولَ لَوۡ تُسَوَّىٰ

ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	وَعَصَوُاْ	ٱلرَّسُولَ	لَوۡ	تُسَوَّىٰ
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	اور انہوں نے نافرمانی	رسول کی	کاش کہ	برابر کر دی جائے

اور رسول کی نافرمانی کی تھی کہ کاش ان پر زمین برابر کر دی جائے

بِهِمُ ٱلۡأَرۡضُ وَلَا يَكۡتُمُونَ ٱللَّهَ حَدِيثٗا ﴿٤٢﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

بِهِمُ	ٱلۡأَرۡضُ	وَلَا يَكۡتُمُونَ	ٱللَّهَ	حَدِيثٗا ﴿٤٢﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ
اُن پر	زمین	اور نہ وہ چھپا سکیں گے	اللہ سے	کوئی بات	اے ایمان والوں

اور وہ اللہ سے کوئی بات بھی چھپا نہیں سکیں گے

لَا تَقۡرَبُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَأَنتُمۡ سُكَٰرَىٰ حَتَّىٰ تَعۡلَمُواْ

لَا تَقۡرَبُواْ	ٱلصَّلَوٰةَ	وَأَنتُمۡ	سُكَٰرَىٰ	حَتَّىٰ	تَعۡلَمُواْ
تم قریب نہ جاؤ	نماز کے	اور جبکہ تم	نشے میں ہو	یہاں تک کہ	تم جان لو

اے ایمان والوں! نشے کی حالت میں تم نماز کے قریب بھی نہ جاؤ۔ یہاں تک کہ تمھیں معلوم ہو جو کچھ تم کہہ رہے ہو

مَا تَقُولُونَ وَلَا جُنُبًا إِلَّا عَابِرِی سَبِيلٍ حَتَّىٰ

مَا	تَقُولُونَ	وَلَا جُنُبًا	إِلَّا	عَابِرِی سَبِيلٍ	حَتَّىٰ
جو	تم کہتے ہو	اور نہ حالت جنابت میں	مگر	عبور کرنے والے ہو راستے کو	یہاں تک کہ

اور اسی طرح جنابت کی حالت میں بھی (نماز کے قریب نہ جاؤ) جب تک کہ غسل نہ کرلو مگر یہ کہ راستے کو عبور کرنے والے ہو۔

تَغۡتَسِلُواْۚ وَإِن كُنتُم مَّرۡضَىٰٓ أَوۡ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوۡ جَآءَ

أَوۡ جَآءَ	عَلَىٰ سَفَرٍ	أَوۡ	مَّرۡضَىٰٓ	وَإِن كُنتُم	تَغۡتَسِلُواْۚ
یا آئے	سفر پر	یا	بیمار	اور اگر تم ہو	تم غسل کرلو

اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو

أَحَدُ مِّنكُم مِّنَ ٱلۡغَآئِطِ أَوۡ لَٰمَسۡتُمُ ٱلنِّسَآءَ فَلَمۡ تَجِدُواْ

فَلَمۡ تَجِدُواْ	ٱلنِّسَآءَ	لَٰمَسۡتُمُ	أَوۡ	مِّنَ ٱلۡغَآئِطِ	أَحَدُ مِّنكُم
پھر نہ تم پاؤ	عورتوں سے	تم نے جسمانی تعلق قائم کیا ہو	یا	قضائے حاجت سے	تم میں سے کوئی ایک

یا تم میں سے کوئی قضاء حاجت کے بعد آیا ہو یا تم نے عورتوں سے جسمانی تعلق قائم کیا ہو پھر تم پانی نہ پاؤ

مَآءً فَتَيَمَّمُواْ صَعِيدًا طَيِّبًا فَٱمۡسَحُواْ بِوُجُوهِكُمۡ وَأَيۡدِيكُمۡۗ

وَأَيۡدِيكُمۡۗ	بِوُجُوهِكُمۡ	فَٱمۡسَحُواْ	صَعِيدًا طَيِّبًا	فَتَيَمَّمُواْ	مَآءً
اور اپنے ہاتھوں کا	اپنے چہروں کا	پس تم مسح کرلو	پاک مٹی سے	تم تیمّم کرلو	پانی

تو پاک مٹی سے تیمّم کرلو-اور اس سے اپنے ہاتھوں اور چہروں کا مسح کرلو

إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُورًا ﴿٤٣﴾ أَلَمۡ تَرَ

أَلَمۡ تَرَ	غَفُورًا ﴿٤٣﴾	عَفُوًّا	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ
کیا آپ نے نہیں دیکھا	بخشنے والا	معاف کرنے والا	ہے	اللہ تعالیٰ	یقیناً

یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے کیا آپ نے نہیں دیکھا

إِلَى ٱلَّذِينَ أُوتُواْ نَصِيبًا مِّنَ ٱلْكِتَٰبِ يَشْتَرُونَ ٱلضَّلَٰلَةَ

ٱلضَّلَٰلَةَ	يَشْتَرُونَ	مِّنَ ٱلْكِتَٰبِ	نَصِيبًا	أُوتُواْ	إِلَى ٱلَّذِينَ
گمراہی	وہ خریدتے ہیں	کتاب میں سے	ایک حصہ	دیئے گئے	ان لوگوں کی طرف جو
ان لوگوں کی طرف جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا وہ گمراہی خریدتے ہیں					

وَيُرِيدُونَ أَن تَضِلُّواْ ٱلسَّبِيلَ﴿٤٤﴾ وَٱللَّهُ أَعْلَمُ

أَعْلَمُ	وَٱللَّهُ	ٱلسَّبِيلَ﴿٤٤﴾	تَضِلُّواْ	أَن	وَيُرِيدُونَ
خوب جانتا ہے	اور اللہ تعالیٰ	راستے سے	تم گمراہ ہو جاؤ	یہ کہ	اور وہ چاہتے ہیں
اور وہ چاہتے ہیں کہ تم راستے سے گمراہ ہو جاؤ اور اللہ تعالیٰ تمھارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے					

بِأَعْدَآئِكُمْۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَلِيًّا وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ

بِٱللَّهِ	وَكَفَىٰ	وَلِيًّا	بِٱللَّهِ	وَكَفَىٰ	بِأَعْدَآئِكُمْۚ
اللہ	اور کافی ہے	دوست	اللہ	اور کافی ہے	تمھارے دشمنوں کو
اور اللہ تعالیٰ کا دوست ہونا اور اللہ تعالیٰ مددگار ہونا کافی ہے					

نَصِيرًا﴿٤٥﴾ مِّنَ ٱلَّذِينَ هَادُواْ يُحَرِّفُونَ ٱلْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِۦ

عَن مَّوَاضِعِهِۦ	ٱلْكَلِمَ	يُحَرِّفُونَ	هَادُواْ	مِّنَ ٱلَّذِينَ	نَصِيرًا﴿٤٥﴾
ان کی جگہوں سے	بات کو	بدل ڈالتے ہیں	یہودی ہوئے	ان لوگوں میں سے کچھ وہ جو	مددگار
ان یہودیوں میں سے کچھ لوگ ہیں جو بات کو ان کی جگہوں سے بدل ڈالتے ہیں					

وَيَقُولُونَ سَمِعۡنَا وَعَصَيۡنَا وَٱسۡمَعۡ غَيۡرَ مُسۡمَعٖ

غَيۡرَ مُسۡمَعٖ	وَٱسۡمَعۡ	وَعَصَيۡنَا	سَمِعۡنَا	وَيَقُولُونَ
اس حال میں کہ نہ (تجھے) سنایا جائے	اور تو سن	اور ہم نے نافرمانی کی	ہم نے سنا	اور وہ کہتے ہیں
اور وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور نافرمانی کی اور تو سن اس حال میں کہ نہ تجھے سنایا جائے				

وَرَٰعِنَا لَيَّۢا بِأَلۡسِنَتِهِمۡ وَطَعۡنٗا فِي ٱلدِّينِۚ وَلَوۡ

وَلَوۡ	فِي ٱلدِّينِۚ	وَطَعۡنٗا	بِأَلۡسِنَتِهِمۡ	لَيَّۢا	وَرَٰعِنَا
اور اگر	دین میں	اور طعن کرتے ہوئے	اپنی زبانیں	موڑتے ہوئے	اور (کہتے ہیں) راعِنا
اور اپنی زبانیں موڑتے ہوئے راعنا کہتے ہیں اور دین میں طعن کرتے ہیں-					

أَنَّهُمۡ قَالُواْ سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَا وَٱسۡمَعۡ وَٱنظُرۡنَا

وَٱنظُرۡنَا	وَٱسۡمَعۡ	وَأَطَعۡنَا	سَمِعۡنَا	قَالُواْ	أَنَّهُمۡ
اور ہمیں دیکھیے	اور سنیے	اور ہم نے اطاعت کی	ہم نے سنا	کہتے	بیشک وہ
اور اگر وہ لوگ کہتے ہم نے سنا اور اطاعت کی اور آپ سنیے اور ہمیں دیکھیے					

لَكَانَ خَيۡرٗا لَّهُمۡ وَأَقۡوَمَ وَلَٰكِن لَّعَنَهُمُ ٱللَّهُ

لَّعَنَهُمُ ٱللَّهُ	وَلَٰكِن	وَأَقۡوَمَ	لَّهُمۡ	خَيۡرٗا	لَكَانَ
اللہ نے ان پر لعنت کی	اور لیکن	اور زیادہ درست	ان کے لیے	بہتر	تو یقیناً ہوتا
تو یقیناً ان کے لیے زیادہ درست اور بہتر ہوتا، اور لیکن اللہ نے ان پر					

بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٤٦﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟

بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُونَ	إِلَّا	قَلِيلًا ﴿٤٦﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	أُوتُوا۟
ان کے کفر کی وجہ سے	لہذا وہ ایمان نہیں لاتے	مگر	تھوڑے ہی	اے وہ لوگوں جو	دیئے گئے ہو
ان کے کفر کی وجہ سے لعنت کی لہذا وہ ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑے سے ہی-اے اہل کتاب					

ٱلْكِتَٰبَ ءَامِنُوا۟ بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا

ٱلْكِتَٰبَ	ءَامِنُوا۟	بِمَا	نَزَّلْنَا	مُصَدِّقًا	لِّمَا
کتاب	ایمان لاؤ	اس پر جو	ہم نے نازل کیا	جبکہ وہ تصدیق کرنے والا ہے	اس (کتاب) کی جو
ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا جبکہ وہ تصدیق کرنے والا ہے اس (کتاب) کی جو تمھارے پاس ہے					

مَعَكُم مِّن قَبْلِ أَن نَّطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا

مَعَكُم	مِّن قَبْلِ	أَن	نَّطْمِسَ	وُجُوهًا	فَنَرُدَّهَا
تمھارے پاس ہے	اس سے پہلے	کہ	ہم مٹادیں	چہروں کو	پھر ہم لوٹادیں انہیں
اس سے پہلے کہ ہم چہروں کو مٹادیں پھر ہم لوٹادیں انہیں ان کی پیٹھوں پر-					

عَلَىٰٓ أَدْبَارِهَآ أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ أَصْحَٰبَ ٱلسَّبْتِ ۚ

عَلَىٰٓ أَدْبَارِهَآ	أَوْ	نَلْعَنَهُمْ	كَمَا	لَعَنَّآ	أَصْحَٰبَ ٱلسَّبْتِ ۚ
ان کی پیٹھوں پر	یا	ہم لعنت کریں ان پر	جس طرح	ہم نے لعنت کی	ہفتے کے دن والوں پر
یا ہم ان پر لعنت کریں جس طرح ہم نے ہفتے کے دن والوں پر لعنت کی					

وَكَانَ أَمْرُ ٱللَّهِ مَفْعُولًا ۝٤٧ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَغْفِرُ

وَكَانَ	أَمْرُ ٱللَّهِ	مَفْعُولًا ۝٤٧	إِنَّ	ٱللَّهَ	لَا يَغْفِرُ
اور ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا	بیشک	اللہ تعالیٰ	نہیں بخشے گا

اور اللہ کا حکم ہو کر رہنے والا ہے- بیشک اللہ تعالیٰ شرک کرنے والوں کو نہیں بخشے گا

أَن يُشْرَكَ بِهِۦ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ

أَن	يُشْرَكَ	بِهِۦ	وَيَغْفِرُ	مَا	دُونَ
یہ کہ	شرک کرے	اس کے ساتھ	اور وہ بخش دے گا	جو	علاوہ ہے

اس کے سوا جس کو چاہے گا بخش دے گا

ذَٰلِكَ لِمَن يَشَآءُ ۚ وَمَن يُشْرِكْ بِٱللَّهِ

ذَٰلِكَ	لِمَن	يَشَآءُ ۚ	وَمَن	يُشْرِكْ	بِٱللَّهِ
اس کے	جس کے لیے	وہ چاہے گا	اور جو کوئی	شرک کرے	اللہ کے ساتھ

اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرے

فَقَدِ ٱفْتَرَىٰٓ إِثْمًا عَظِيمًا ۝٤٨ أَلَمْ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ

فَقَدِ	ٱفْتَرَىٰٓ	إِثْمًا	عَظِيمًا ۝٤٨	أَلَمْ تَرَ	إِلَى ٱلَّذِينَ
تو یقیناً	اس نے گھڑا	گناہ	بہت بڑا	کیا آپ نے نہیں دیکھا	ان لوگوں کی طرف جو

تو اس نے یقیناً بہت بڑا گناہ اور بہتان باندھا- کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا

يُزَكُّونَ أَنفُسَهُمۚ بَلِ ٱللَّهُ يُزَكِّي مَن يَشَآءُ

مَن	يُزَكِّي	ٱللَّهُ	بَلِ	أَنفُسَهُمۚ	يُزَكُّونَ
جسے	پاک کرتا ہے	اللہ تعالیٰ	بلکہ	اپنے آپ کو	پاک کہتے ہیں
جو اپنے آپ کو پاک کہتے ہیں- بلکہ اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے					

يَشَآءُ وَلَا يُظۡلَمُونَ فَتِيلًا ﴿٤٩﴾ ٱنظُرۡ كَيۡفَ يَفۡتَرُونَ

يَفۡتَرُونَ	كَيۡفَ	ٱنظُرۡ	فَتِيلًا ﴿٤٩﴾	وَلَا يُظۡلَمُونَ	يَشَآءُ
وہ گھڑتے ہیں	کیسے	آپ دیکھیے	دھاگے برابر (بھی)	اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے	وہ چاہتا ہے
اور ان پر ذرا برابر (دھاگے برابر) بھی ظلم نہیں کیا جائے گا- آپ دیکھیے کیسے وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ گھڑتے ہیں					

عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَۖ وَكَفَىٰ بِهِۦٓ إِثۡمًا مُّبِينًا ﴿٥٠﴾

مُّبِينًا ﴿٥٠﴾	إِثۡمًا	بِهِۦٓ	وَكَفَىٰ	ٱلۡكَذِبَۖ	عَلَى ٱللَّهِ
ظاہر (صریح)	گناہ	یہ (افترا باندھنا)	اور کافی ہے	جھوٹ	اللہ پر
اور صریح گناہ ہونے کے لیے تو یہی کافی ہے					

أَلَمۡ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ أُوتُواْ نَصِيبًا مِّنَ ٱلۡكِتَٰبِ يُؤۡمِنُونَ

يُؤۡمِنُونَ	مِّنَ ٱلۡكِتَٰبِ	نَصِيبًا	أُوتُواْ	إِلَى ٱلَّذِينَ	أَلَمۡ تَرَ
وہ ایمان لاتے ہیں	کتاب سے	کچھ حصہ	دیئے گئے	ان لوگوں کی طرف جو	کیا آپ نے نہیں دیکھا
کیا آپ نے انہیں نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا کچھ حصہ ملا- جو بتوں پر اور طاغوت پر ایمان لاتے ہیں					

بِٱلْجِبْتِ وَٱلطَّٰغُوتِ وَيَقُولُونَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا۟ هَٰٓؤُلَآءِ

بِٱلْجِبْتِ	وَٱلطَّٰغُوتِ	وَيَقُولُونَ	لِلَّذِينَ	كَفَرُوا۟	هَٰٓؤُلَآءِ
بتوں پر	اور شیطان (پر)	اور وہ کہتے ہیں	ان لوگوں کے متعلق جنہوں نے	کفر کیا	یہی لوگ
اور کافروں کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ لوگ ایمان والوں سے					

أَهْدَىٰ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ سَبِيلًا ﴿٥١﴾ أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ

أَهْدَىٰ	مِنَ ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوا۟	سَبِيلًا ﴿٥١﴾	أُو۟لَٰٓئِكَ	ٱلَّذِينَ
زیادہ ہدایت یافتہ ہیں	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	راستے کے لحاظ سے	یہ لوگ	وہ ہیں کہ
زیادہ ہدایت یافتہ ہیں - یہ وہ لوگ ہیں کہ					

لَعَنَهُمُ ٱللَّهُ ۖ وَمَن يَلْعَنِ ٱللَّهُ فَلَن تَجِدَ

لَعَنَهُمُ ٱللَّهُ ۖ	وَمَن	يَلْعَنِ	ٱللَّهُ	فَلَن	تَجِدَ
اللہ نے ان پر لعنت کی	اور جس پر	لعنت کرے	اللہ	تو ہرگز نہیں	آپ پائیں گے
اللہ نے ان پر لعنت کی اور جس پر اللہ لعنت کرے پھر تم اس کے لیے کوئی مددگار نہ پاؤ گے					

لَهُۥ نَصِيرًا ﴿٥٢﴾ أَمْ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّنَ ٱلْمُلْكِ

لَهُۥ	نَصِيرًا ﴿٥٢﴾	أَمْ	لَهُمْ	نَصِيبٌ	مِّنَ ٱلْمُلْكِ
اس کے لیے	مددگار	کیا	ان کے لیے	کچھ حصہ ہے	بادشاہی میں سے
کیا بادشاہی میں ان کا کوئی حصہ ہے					

فَإِذًا لَّا يُؤْتُونَ ٱلنَّاسَ نَقِيرًا﴿٥٣﴾ أَمْ يَحْسُدُونَ

يَحْسُدُونَ	أَمْ	نَقِيرًا﴿٥٣﴾	ٱلنَّاسَ	لَّا يُؤْتُونَ	فَإِذًا
وہ حسد کرتے ہیں	یا	تل برابر (بھی)	لوگوں کو	وہ نہیں دیں گے	تب تو
تب تو وہ لوگوں کو تل برابر بھی کچھ نہ دیں گے یا وہ لوگوں سے حسد کرتے ہیں					

ٱلنَّاسَ عَلَىٰ مَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضْلِهِۦ ۖ فَقَدْ ءَاتَيْنَآ

ءَاتَيْنَآ	فَقَدْ	مِن فَضْلِهِۦ ۖ	ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ	عَلَىٰ مَآ	ٱلنَّاسَ
ہم نے دی	پس یقیناً	اپنے فضل سے	اللہ نے انہیں دیا	اس پر جو	لوگوں سے
اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا ہے- پس یقیناً ہم نے					

ءَالَ إِبْرَٰهِيمَ ٱلْكِتَٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ وَءَاتَيْنَٰهُم مُّلْكًا عَظِيمًا﴿٥٤﴾

عَظِيمًا﴿٥٤﴾	مُّلْكًا	وَءَاتَيْنَٰهُم	وَٱلْحِكْمَةَ	ٱلْكِتَٰبَ	ءَالَ إِبْرَٰهِيمَ
بہت بڑی	بادشاہی	اور ہم نے انہیں دی	اور حکمت	کتاب	آل ابراہیم کو
آل ابراہیم کو کتاب اور حکمت عطا کی اور انہیں بادشاہی بھی عطا کی					

فَمِنْهُم مَّنْ ءَامَنَ بِهِۦ وَمِنْهُم مَّن

مَّن	وَمِنْهُم	بِهِۦ	ءَامَنَ	مَّنْ	فَمِنْهُم
وہ تھے جو	اور بعض ان میں سے	اس پر	ایمان لائے	وہ تھے جو	پھر ان میں سے بعض
پھر ان میں سے بعض نے تو اس کتاب کو مانا اور بعض اس سے رک گئے					

صَدَّ عَنْهُۚ وَكَفَىٰ بِجَهَنَّمَ سَعِيرًا۝٥٥ إِنَّ

إِنَّ	سَعِيرًا۝٥٥	بِجَهَنَّمَ	وَكَفَىٰ	عَنْهُۚ	صَدَّ
بیشک	دہکتی ہوئی	جہنم	اور کافی ہے	اس سے	رکے رہے
اور ایسے لوگوں کے لیے تو جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ ہی کافی ہے					

ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِـَٔايَٰتِنَا سَوۡفَ نُصۡلِيهِمۡ نَارًا

نَارًا	نُصۡلِيهِمۡ	سَوۡفَ	بِـَٔايَٰتِنَا	كَفَرُواْ	ٱلَّذِينَ
آگ میں	ہم داخل کریں گے انہیں	عنقریب	ہماری آیات کے ساتھ	کفر کیا	وہ لوگ جنہوں نے
بیشک وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیات کے ساتھ کفر کیا عنقریب ہم انہیں آگ میں داخل کریں گے					

كُلَّمَا نَضِجَتۡ جُلُودُهُم بَدَّلۡنَٰهُمۡ جُلُودًا غَيۡرَهَا

غَيۡرَهَا	جُلُودًا	بَدَّلۡنَٰهُمۡ	جُلُودُهُم	نَضِجَتۡ	كُلَّمَا
اُن کے علاوہ اور	کھالیں	تو ہم ان کی (کھالوں کو) بدل دیں گے	اُن کی کھالیں	جل جائیں گی	جب بھی
جب بھی اُن کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم اُن کے علاوہ اور کھالیں بدل دیں گے					

لِيَذُوقُواْ ٱلۡعَذَابَۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَزِيزًا

عَزِيزًا	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ	ٱلۡعَذَابَۗ	لِيَذُوقُواْ
غالب	ہے	اللہ	بیشک	عذاب	تاکہ وہ چکھیں
تاکہ وہ عذاب چکھیں بیشک اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے					

حَكِيمًا۝٥٦ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ سَنُدۡخِلُهُمۡ

حَكِيمًا۝٥٦	وَٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	وَعَمِلُواْ	ٱلصَّٰلِحَٰتِ	سَنُدۡخِلُهُمۡ
حکمت والا	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کیے	نیک	عنقریب ہم انہیں داخل کریں گے

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے عنقریب ہم انہیں

جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَآ

جَنَّٰتٖ	تَجۡرِي	مِن تَحۡتِهَا	ٱلۡأَنۡهَٰرُ	خَٰلِدِينَ	فِيهَآ
ایسے باغات میں کہ	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اُن میں

ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ ابد تک رہیں گے

أَبَدٗاۖ لَّهُمۡ فِيهَآ أَزۡوَٰجٞ مُّطَهَّرَةٞۖ وَنُدۡخِلُهُمۡ

أَبَدٗاۖ	لَّهُمۡ	فِيهَآ	أَزۡوَٰجٞ	مُّطَهَّرَةٞۖ	وَنُدۡخِلُهُمۡ
ابد تک	اُن کے لیے	اس میں	جوڑے ہیں	پاکیزہ	اور ہم انہیں داخل کریں گے

اُن کے لیے اس میں پاکیزہ جوڑے ہیں اور ہم انہیں بہت گھنے سائے میں داخل کریں گے

ظِلّٗا ظَلِيلًا۝٥٧ إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ

ظِلّٗا ظَلِيلًا۝٥٧	إِنَّ	ٱللَّهَ	يَأۡمُرُكُمۡ	أَن	تُؤَدُّواْ
بہت گھنے سائے میں	بیشک	اللہ تعالیٰ	تمھیں حکم دیتا ہے	یہ کہ	تم ادا کرو

بیشک اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتا ہے یہ کہ تم امانتیں ان کے حق داروں کو ادا کرو

ٱلۡأَمَٰنَٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن

ٱلۡأَمَٰنَٰتِ	إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا	وَإِذَا	حَكَمۡتُم	بَيۡنَ ٱلنَّاسِ	أَن
امانتیں	ان کے حق داروں کو	اور جب	تم فیصلہ کرو	لوگوں کے درمیان	یہ کہ
اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو تم عدل کے ساتھ فیصلہ کرو					

تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم

تَحۡكُمُواْ	بِٱلۡعَدۡلِۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	نِعِمَّا	يَعِظُكُم
تم فیصلہ کرو	عدل کے ساتھ	بیشک	اللہ تعالیٰ	بہت ہی اچھی بات ہے کہ وہ	تمھیں نصیحت کرتا ہے
بیشک اللہ تعالیٰ تمھیں بہت ہی اچھی بات کی نصیحت کرتا ہے					

بِهِۦٓۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرٗا ﴿٥٨﴾

بِهِۦٓۗ	إِنَّ	ٱللَّهَ	كَانَ	سَمِيعَۢا	بَصِيرٗا ﴿٥٨﴾
اس کی	بیشک	اللہ تعالیٰ	ہے	سننے والا	دیکھنے والا
بیشک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے					

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَأُوْلِي ٱلۡأَمۡرِ مِنكُمۡۖ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ	أَطِيعُواْ ٱللَّهَ	وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ	وَأُوْلِي ٱلۡأَمۡرِ	مِنكُمۡۖ
اے ایمان والوں	تم اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو رسول کی	اور اختیار والوں کی	اپنے میں سے
اے ایمان والوں تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور اپنے میں سے اختیار والوں کی اطاعت کرو				

فَإِن تَنَٰزَعۡتُمۡ فِي شَيۡءٖ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن

إِن	إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ	فَرُدُّوهُ	فِي شَيۡءٖ	تَنَٰزَعۡتُمۡ	فَإِن
اگر	اللہ اور رسول کی طرف	تو تم اس کو لوٹاؤ	کسی چیز میں	تم آپس میں اختلاف کرو	پھر اگر

پھر اگر تم آپس میں کسی چیز میں اختلاف کرو تو تم اس کو اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی طرف لوٹاؤ

كُنتُمۡ تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۚ ذَٰلِكَ خَيۡرٞ

خَيۡرٞ	ذَٰلِكَ	وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۚ	بِٱللَّهِ	تُؤۡمِنُونَ	كُنتُمۡ
بہت بہتر	یہ	اور آخرت کے دن پر	اللہ پر	ایمان رکھتے	تم ہو

اگر تم اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو۔ یہ بہت بہتر ہے

وَأَحۡسَنُ تَأۡوِيلًا ۝٥٩ أَلَمۡ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ يَزۡعُمُونَ

يَزۡعُمُونَ	إِلَى ٱلَّذِينَ	أَلَمۡ تَرَ	تَأۡوِيلًا ۝٥٩	وَأَحۡسَنُ
دعویٰ کرتے ہیں	ان لوگوں کی طرف جو	کیا آپ نے نہیں دیکھا	انجام میں	اور بہت اچھا ہے

اور باعتبار انجام کے بہت اچھا ہے۔ کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں

أَنَّهُمۡ ءَامَنُواْ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيۡكَ وَمَآ

وَمَآ	إِلَيۡكَ	أُنزِلَ	بِمَآ	ءَامَنُواْ	أَنَّهُمۡ
اور جو	آپ پر	نازل کیا گیا	اس پر جو	ایمان لائے ہیں	(اس بات کا) کہ بیشک وہ

کہ جو کچھ آپ ﷺ پر اور جو آپ ﷺ سے پہلے نازل کیا گیا اس پر ایمان لاتے ہیں

أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُوٓاْ إِلَى ٱلطَّٰغُوتِ

أُنزِلَ	مِن قَبْلِكَ	يُرِيدُونَ	أَن	يَتَحَاكَمُوٓاْ	إِلَى ٱلطَّٰغُوتِ
نازل کیا گیا	آپؐ سے پہلے	وہ چاہتے ہیں	یہ کہ	وہ فیصلہ لے جائیں	طاغوت کی طرف
اور وہ اپنے فیصلے طاغوت کی طرف لے جانا چاہتے ہیں					

وَقَدْ أُمِرُوٓاْ أَن يَكْفُرُواْ بِهِۦ ۖ وَيُرِيدُ ٱلشَّيْطَٰنُ

وَقَدْ	أُمِرُوٓاْ	أَن يَكْفُرُواْ	بِهِۦ ۖ	وَيُرِيدُ	ٱلشَّيْطَٰنُ
اور یقیناً	وہ حکم دیئے گئے	یہ کہ وہ کفر کریں	اس کا	اور چاہتا ہے	شیطان
اور یقیناً وہ حکم دیئے گئے کہ وہ شیطان کا انکار کریں اور شیطان تو یہ چاہتا ہے					

أَن يُضِلَّهُمْ ضَلَٰلًۢا بَعِيدًا ﴿٦٠﴾ وَإِذَا قِيلَ

أَن	يُضِلَّهُمْ	ضَلَٰلًۢا	بَعِيدًا ﴿٦٠﴾	وَإِذَا	قِيلَ
یہ کہ	انہیں گمراہ کردے	گمراہ کرنا	بہت دور کا	اور جب	کہا جاتا ہے
کہ انہیں بہت دور کی گمراہی میں ڈال دے اور جب انہیں کہا جاتا ہے					

لَهُمْ تَعَالَوْاْ إِلَىٰ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ وَإِلَى ٱلرَّسُولِ رَأَيْتَ

لَهُمْ	تَعَالَوْاْ	إِلَىٰ مَآ	أَنزَلَ ٱللَّهُ	وَإِلَى ٱلرَّسُولِ	رَأَيْتَ
انہیں	تم آؤ	اس کی طرف جو	اللہ نے نازل کیا	اور رسولؐ کی طرف (آؤ)	تو آپؐ دیکھیں گے
کہ آؤ اس چیز کی طرف جو اللہ تعالیٰ نے نازل کی اور رسول ﷺ کی طرف (قرآن و سنت) تو آپ ﷺ دیکھیں گے					

ٱلۡمُنَٰفِقِينَ يَصُدُّونَ عَنكَ صُدُودٗا ﴿٦١﴾ فَكَيۡفَ إِذَآ

إِذَآ	فَكَيۡفَ	صُدُودٗا ﴿٦١﴾	عَنكَ	يَصُدُّونَ	ٱلۡمُنَٰفِقِينَ
جب	پھر کیا حال ہوتا ہے	منہ پھیرتے ہوئے	آپ ؐ سے	وہ رکتے ہیں	منافقوں کو

کہ یہ منافق آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے منہ پھیر کر رکتے ہیں- پھر کیا حال ہوتا ہے

أَصَٰبَتۡهُم مُّصِيبَةُۢ بِمَا قَدَّمَتۡ أَيۡدِيهِمۡ ثُمَّ

ثُمَّ	أَيۡدِيهِمۡ	قَدَّمَتۡ	بِمَا	مُّصِيبَةُۢ	أَصَٰبَتۡهُم
پھر	ان کے ہاتھوں نے	آگے بھیجا	بوجہ اس کے جو	کوئی مصیبت	انہیں پہنچتی ہے

جب انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے بوجہ اس کے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا

جَآءُوكَ يَحۡلِفُونَ بِٱللَّهِ إِنۡ أَرَدۡنَآ إِلَّآ

إِلَّآ	أَرَدۡنَآ	إِنۡ	بِٱللَّهِ	يَحۡلِفُونَ	جَآءُوكَ
مگر	ہم نے ارادہ کیا تھا	نہیں	اللہ کی	وہ قسمیں کھاتے ہیں	وہ آتے ہیں آپ ؐ کے پاس

پھر وہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے پاس اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ ہمارا ارادہ تو صرف بھلائی اور میل ملاپ ہی کا تھا

إِحۡسَٰنٗا وَتَوۡفِيقًا ﴿٦٢﴾ أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ يَعۡلَمُ ٱللَّهُ

ٱللَّهُ	يَعۡلَمُ	ٱلَّذِينَ	أُوْلَٰٓئِكَ	وَتَوۡفِيقًا ﴿٦٢﴾	إِحۡسَٰنٗا
اللہ	جانتا ہے	وہ لوگ ہیں کہ	یہ	اور آپس میں ملانے کا	بھلائی کا

یہ وہ لوگ ہیں کہ جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اللہ تعالیٰ جانتا ہے

مَا فِي قُلُوبِهِمۡ فَأَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ وَعِظۡهُمۡ وَقُل

مَا	فِي قُلُوبِهِمۡ	فَأَعۡرِضۡ	عَنۡهُمۡ	وَعِظۡهُمۡ	وَقُل
جو کچھ	ان کے دلوں میں ہے	چنانچہ آپ منہ پھیر لیں	ان سے	اور انہیں نصیحت کریں	اور کہیں
چنانچہ آپؐ ان سے منہ پھیر لیں اور انہیں نصیحت کریں					

لَّهُمۡ فِيٓ أَنفُسِهِمۡ قَوۡلَۢا بَلِيغٗا ۝٦٣ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا مِن رَّسُولٍ

لَّهُمۡ	فِيٓ أَنفُسِهِمۡ	قَوۡلَۢا	بَلِيغٗا ۝٦٣	وَمَآ أَرۡسَلۡنَا	مِن رَّسُولٍ
ان سے	ان کے دلوں میں	بات	بہت اثر کرنے والی	اور ہم نے نہیں بھیجا	کوئی رسول
اور انہیں وہ بات کہیے جو ان کے دلوں میں گھر کرنے والی ہو- ہم نے ہر رسول کو صرف اس لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے					

إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذۡنِ ٱللَّهِۚ وَلَوۡ أَنَّهُمۡ إِذ

إِلَّا	لِيُطَاعَ	بِإِذۡنِ ٱللَّهِۚ	وَلَوۡ	أَنَّهُمۡ	إِذ
مگر	اس لیے کہ اس کی اطاعت کی جائے	اللہ کے حکم سے	اور اگر	بیشک وہ لوگ	جب
اس کی اطاعت کی جائے اور بیشک وہ لوگ جنہوں نے					

ظَّلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ جَآءُوكَ فَٱسۡتَغۡفَرُواْ ٱللَّهَ وَٱسۡتَغۡفَرَ لَهُمُ

ظَّلَمُوٓاْ	أَنفُسَهُمۡ	جَآءُوكَ	فَٱسۡتَغۡفَرُواْ ٱللَّهَ	وَٱسۡتَغۡفَرَ	لَهُمُ
انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	وہ آپؐ کے پاس آتے	پھر وہ اللہ سے معافی مانگتے	اور معافی مانگتا	ان کے لیے
اپنی جانوں پر ظلم کیا وہ آپ صَلَّى ٱللَّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے پاس آتے پھر وہ اللہ سے معافی مانگتے اور رسول بھی ان کے لیے معافی مانگتا					

ٱلرَّسُولُ لَوَجَدُواْ ٱللَّهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا ﴿٦٤﴾ فَلَا وَرَبِّكَ

فَلَا وَرَبِّكَ	رَّحِيمًا ﴿٦٤﴾	تَوَّابًا	ٱللَّهَ	لَوَجَدُواْ	ٱلرَّسُولُ
پس قسم ہے آپ کے رب کی	رحم کرنے والا	توبہ قبول کرنے والا	اللہ کو	تو یقیناً وہ پاتے	رسول
تو یقیناً وہ لوگ اللہ کو توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا پاتے- پس قسم ہے آپ کے رب کی					

لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

بَيْنَهُمْ	شَجَرَ	فِيمَا	يُحَكِّمُوكَ	حَتَّىٰ	لَا يُؤْمِنُونَ
ان کے درمیان	جھگڑا ہو جائے	اس چیز میں کہ	وہ آپؐ کو حاکم مانیں	یہاں تک کہ	وہ مومن نہیں ہوسکتے
وہ مومن نہیں ہوسکتے، جب تک کہ تمام آپس کے اختلاف میں آپ ﷺ کو حاکم نہ مان لیں					

ثُمَّ لَا يَجِدُواْ فِيٓ أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ

قَضَيْتَ	مِّمَّا	حَرَجًا	فِيٓ أَنفُسِهِمْ	لَا يَجِدُواْ	ثُمَّ
آپؐ فیصلہ کریں	اس سے جو	کوئی تنگی	اپنے دلوں میں	وہ نہ پائیں	پھر
پھر جو فیصلے آپ ﷺ ان کے درمیان کر دیں ان سے اپنے دل میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں					

وَيُسَلِّمُواْ تَسْلِيمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ

عَلَيْهِمْ	كَتَبْنَا	أَنَّا	وَلَوْ	تَسْلِيمًا ﴿٦٥﴾	وَيُسَلِّمُواْ
ان پر	فرض کر دیتے	بیشک ہم	اور اگر	(دل وجان سے) تسلیم کرنا	اور وہ تسلیم کرلیں
اور وہ تسلیم کرلیں دل وجان سے تسلیم کرنا-اور اگر ہم ان پر یہ فرض کر دیتے					

أَنِ ٱقْتُلُوٓاْ أَنفُسَكُمْ أَوِ ٱخْرُجُواْ مِن دِيَٰرِكُم مَّا فَعَلُوهُ إِلَّا

أَنِ ٱقْتُلُوٓاْ	أَنفُسَكُمْ	أَوِ ٱخْرُجُواْ	مِن دِيَٰرِكُم	مَّا فَعَلُوهُ	إِلَّا
یہ کہ تم قتل کرو	اپنی جانوں کو	یا تم نکلو	اپنے گھروں سے	تو وہ نہ کرتے یہ (کام)	مگر

یہ کہ تم اپنی جانوں کو قتل کرو یا تم اپنے گھروں سے نکلو تو وہ یہ کام نہ کرتے

قَلِيلٌ مِّنْهُمْۖ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُواْ مَا

قَلِيلٌ	مِّنْهُمْۖ	وَلَوْ	أَنَّهُمْ	فَعَلُواْ	مَا
تھوڑے	ان میں سے	اور اگر	بیشک وہ	کر لیتے	وہ (کام) کہ

مگر ان میں سے تھوڑے - اور اگر وہ یہ کام کر لیتے جس کی

يُوعَظُونَ بِهِۦ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ

يُوعَظُونَ	بِهِۦ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَأَشَدَّ
انہیں نصیحت کی جاتی ہے	اس کی	تو ہوتا	بہتر	ان کے لیے	اور زیادہ

انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو ان کے لیے یہ بہتر اور دین میں زیادہ ثابت قدم رکھنے والا ہوتا -

تَثْبِيتًا۝٦٦ وَإِذًا لَّأَتَيْنَٰهُم مِّن لَّدُنَّآ أَجْرًا عَظِيمًا۝٦٧

تَثْبِيتًا۝٦٦	وَإِذًا	لَّأَتَيْنَٰهُم	مِّن لَّدُنَّآ	أَجْرًا	عَظِيمًا۝٦٧
ثابت قدم رکھنے والا (دین میں)	اور تب	ہم ضرور انہیں دیتے	اپنے پاس سے	اجر	بہت بڑا

اور تب ہم انہیں ضرور اپنے پاس سے اجر عظیم دیتے -

وَلَهَدَيۡنَٰهُمۡ صِرَٰطٗا مُّسۡتَقِيمٗا ﴿٦٨﴾ وَمَن يُطِعِ ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ

وَٱلرَّسُولَ	يُطِعِ ٱللَّهَ	وَمَن	مُّسۡتَقِيمٗا ﴿٦٨﴾	صِرَٰطٗا	وَلَهَدَيۡنَٰهُمۡ
اور رسول کی	اطاعت کرے اللہ کی	اور جو کوئی	سیدھے	راستے کی (طرف)	اور ہم انہیں ضرور ہدایت دیتے
اور ہم انہیں ضرور سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتے - اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرے					

فَأُوْلَٰٓئِكَ مَعَ ٱلَّذِينَ أَنۡعَمَ ٱللَّهُ عَلَيۡهِم مِّنَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ وَٱلصِّدِّيقِينَ

وَٱلصِّدِّيقِينَ	مِّنَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ	عَلَيۡهِم	أَنۡعَمَ ٱللَّهُ	مَعَ ٱلَّذِينَ	فَأُوْلَٰٓئِكَ
اور صدیقوں (میں سے)	نبیوں میں سے	ان پر	اللہ نے انعام کیا	ان لوگوں کے ساتھ ہونگے کہ	تو یہ لوگ
تو یہ لوگ ان لوگوں کے ساتھ ہونگے کہ اللہ نے ان پر انعام کیا یعنی انبیاء کرام، صدیقین،					

وَٱلشُّهَدَآءِ وَٱلصَّٰلِحِينَۚ وَحَسُنَ أُوْلَٰٓئِكَ رَفِيقٗا ﴿٦٩﴾ ذَٰلِكَ

ذَٰلِكَ	رَفِيقٗا ﴿٦٩﴾	أُوْلَٰٓئِكَ	وَحَسُنَ	وَٱلصَّٰلِحِينَۚ	وَٱلشُّهَدَآءِ
یہ	ساتھی ہونے کے لحاظ	یہ لوگ	اور اچھے ہیں	اور صالحین (میں سے)	اور شہدوں (میں سے)
شہداء اور صالحین اور یہ ساتھی ہونے کے لحاظ بہترین ہیں					

ٱلۡفَضۡلُ مِنَ ٱللَّهِۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ عَلِيمٗا ﴿٧٠﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	عَلِيمٗا ﴿٧٠﴾	بِٱللَّهِ	وَكَفَىٰ	مِنَ ٱللَّهِۚ	ٱلۡفَضۡلُ
اے ایمان والوں	جاننے والا	اللہ	اور کافی ہے	اللہ کی طرف سے	فضل ہے
یہ فضل اللہ کی طرف سے ہے اور کافی ہے اللہ جاننے والا - اے ایمان والوں					

خُذُواْ حِذۡرَكُمۡ فَٱنفِرُواْ ثُبَاتٍ أَوِ ٱنفِرُواْ جَمِيعٗا ﴿٧١﴾

خُذُواْ	حِذۡرَكُمۡ	فَٱنفِرُواْ	ثُبَاتٍ	أَوِ ٱنفِرُواْ	جَمِيعٗا ﴿٧١﴾
تم لے لو	اپنے بچاؤ کا سامان	پھر تم نکلو	گروہ گروہ	یا تم نکلو	اکٹھے
تم اپنے بچاؤ کا سامان یعنی ہتھیار لے لو اور جہاد کے لیے نکلو خواہ گروہ کی صورت میں خواہ فوج کی صورت میں۔					

وَإِنَّ مِنكُمۡ لَمَن لَّيُبَطِّئَنَّ فَإِنۡ أَصَٰبَتۡكُم

وَإِنَّ	مِنكُمۡ	لَمَن	لَّيُبَطِّئَنَّ	فَإِنۡ	أَصَٰبَتۡكُم
اور بیشک	تم میں سے بعض	البتہ وہ ہے جو	یقیناً دیر کرتا ہے (نکلنے میں)	پھر اگر	تمھیں پہنچے
اور تم میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو نکلنے میں دیر لگا دیتے ہیں۔ پھر اگر تمھیں کوئی مصیبت پیش آجائے					

مُّصِيبَةٞ قَالَ قَدۡ أَنۡعَمَ ٱللَّهُ عَلَيَّ إِذۡ

مُّصِيبَةٞ	قَالَ	قَدۡ	أَنۡعَمَ ٱللَّهُ	عَلَيَّ	إِذۡ
کوئی مصیبت	تو وہ کہتا ہے	یقیناً	اللہ نے انعام کیا	مجھ پر	جبکہ
تو وہ کہتا ہے کہ یقیناً اللہ نے مجھ پر بہت انعام کیا					

لَمۡ أَكُن مَّعَهُمۡ شَهِيدٗا ﴿٧٢﴾ وَلَئِنۡ أَصَٰبَكُمۡ فَضۡلٞ

لَمۡ أَكُن	مَّعَهُمۡ	شَهِيدٗا ﴿٧٢﴾	وَلَئِنۡ	أَصَٰبَكُمۡ	فَضۡلٞ
میں نہیں تھا	ان کے ساتھ	حاضر (موجود)	اور اگر	تمھیں پہنچے	فضل
کہ میں ان کے ساتھ موجود نہیں تھا اور اگر تمھیں اللہ کی طرف سے کوئی فضل پہنچے					

مِّنَ ٱللَّهِ لَيَقُولَنَّ كَأَن لَّمۡ تَكُنۢ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُۥ

مِّنَ ٱللَّهِ	لَيَقُولَنَّ	كَأَن	لَّمۡ تَكُنۢ	بَيۡنَكُمۡ	وَبَيۡنَهُۥ
اللہ کا	تو وہ یقیناً ضرور کہے گا	گویا کہ	نہ تھی	تمھارے درمیان	اور اس کے درمیان

تو وہ یقیناً ضرور (حسرت کے ساتھ) کہے گا گویا کہ اس کے درمیان اور تمھارے درمیان کوئی دوستی نہ تھی

مَوَدَّةٌ يَٰلَيۡتَنِي كُنتُ مَعَهُمۡ فَأَفُوزَ فَوۡزًا

مَوَدَّةٌ	يَٰلَيۡتَنِي	كُنتُ	مَعَهُمۡ	فَأَفُوزَ	فَوۡزًا
کوئی دوستی	اے کاش کہ	میں ہوتا	ان کے ساتھ	تو میں حاصل کرلیتا	کامیابی

اے کاش کہ میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو یہ بڑی کامیابی مجھے بھی حاصل ہوتی-

عَظِيمًا ۝٧٣ فَلۡيُقَٰتِلۡ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ ٱلَّذِينَ يَشۡرُونَ ٱلۡحَيَوٰةَ

عَظِيمًا ۝٧٣	فَلۡيُقَٰتِلۡ	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ	ٱلَّذِينَ	يَشۡرُونَ	ٱلۡحَيَوٰةَ
بہت بڑی	پس چاہیے کہ لڑیں	اللہ کے راستے میں	وہ لوگ جو	بیچتے ہیں	زندگی

پس اللہ کے راستے میں قتال کرنا چاہیے ان لوگوں کو جو دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے میں بیچتے ہیں

ٱلدُّنۡيَا بِٱلۡأٓخِرَةِۚ وَمَن يُقَٰتِلۡ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ فَيُقۡتَلۡ

ٱلدُّنۡيَا	بِٱلۡأٓخِرَةِۚ	وَمَن	يُقَٰتِلۡ	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ	فَيُقۡتَلۡ
دنیا کی	آخرت کے بدلے	اور جو کوئی	لڑے	اللہ کے راستے میں	پھر وہ قتل کردیا جائے

اور جو کوئی اللہ کے راستے میں لڑے پھر وہ قتل کردیا جائے یا غالب آجائے

أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا﴿٧٤﴾

عَظِيمًا﴿٧٤﴾	أَجْرًا	نُؤْتِيهِ	فَسَوْفَ	يَغْلِبْ	أَوْ
بہت بڑا	اجر	ہم دیں گے اس کو	تو عنقریب	غالب آ جائے	یا

تو عنقریب ہم اسے (دونوں حالتوں میں) بہت بڑا اجر دیں گے

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلْمُسْتَضْعَفِينَ

وَٱلْمُسْتَضْعَفِينَ	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ	لَا تُقَاتِلُونَ	لَكُمْ	وَمَا
اور (ان لوگوں کی خاطر) جو کمزور ہیں	اللہ کے راستے میں	تم نہیں لڑتے	تمھیں کہ	اور کیا ہے

اور تمھیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کے راستے میں جنگ نہیں کرتے - ان بے بس مردوں،

مِنَ ٱلرِّجَالِ وَٱلنِّسَآءِ وَٱلْوِلْدَٰنِ ٱلَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَآ

رَبَّنَآ	يَقُولُونَ	ٱلَّذِينَ	وَٱلْوِلْدَٰنِ	وَٱلنِّسَآءِ	مِنَ ٱلرِّجَالِ
اے ہمارے رب	کہتے ہیں	وہ جو	اور بچوں (میں سے)	اور عورتوں	مردوں میں سے

عورتوں اور بچوں کی خاطر جو مغلوب بنا دیئے گئے ہیں جو دعا کر رہے ہیں اے ہمارے رب

أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ ٱلْقَرْيَةِ ٱلظَّالِمِ أَهْلُهَا وَٱجْعَل لَّنَا

لَّنَا	وَٱجْعَل	أَهْلُهَا	ٱلظَّالِمِ	مِنْ هَٰذِهِ ٱلْقَرْيَةِ	أَخْرِجْنَا
ہمارے لیے	اور بنا دے	اس کے رہنے والے	کہ ظالم ہیں	اس بستی سے	نکال ہمیں

ہمیں نکال اس بستی سے جس کے رہنے والے لوگ ظالم ہیں اور ہمارے لیے

مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا وَٱجۡعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا ۝٧٥

نَصِيرًا ۝٧٥	مِن لَّدُنكَ	لَّنَا	وَٱجۡعَل	وَلِيًّا	مِن لَّدُنكَ
کوئی مددگار	اپنے پاس سے	ہمارے لیے	اور بنادے (بھیج دے)	کوئی حمایتی	اپنی طرف سے

اپنی طرف سے کوئی حمایتی بنادے اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی مددگار بھیج دے

ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ يُقَٰتِلُونَ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِۖ وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ

كَفَرُواْ	وَٱلَّذِينَ	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِۖ	يُقَٰتِلُونَ	ءَامَنُواْ	ٱلَّذِينَ
کفر کیا	اور وہ لوگ جنہوں نے	اللہ کے راستے میں	وہ لڑتے ہیں	ایمان لائے	وہ لوگ جو

جو ایمان والے ہیں وہ اللہ کے راستے میں لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں

يُقَٰتِلُونَ فِي سَبِيلِ ٱلطَّٰغُوتِ فَقَٰتِلُوٓاْ أَوۡلِيَآءَ ٱلشَّيۡطَٰنِۖ إِنَّ كَيۡدَ ٱلشَّيۡطَٰنِ

كَيۡدَ ٱلشَّيۡطَٰنِ	إِنَّ	أَوۡلِيَآءَ ٱلشَّيۡطَٰنِۖ	فَقَٰتِلُوٓاْ	فِي سَبِيلِ ٱلطَّٰغُوتِ	يُقَٰتِلُونَ
شیطان کی چالیں	بیشک	شیطان کے دوستوں سے	پس تم لڑو	شیطان کے راستے میں	وہ لڑتے ہیں

وہ شیطان کے راستے میں لڑتے ہیں پس تم شیطان کے دوستوں سے لڑو۔

كَانَ ضَعِيفًا ۝٧٦ أَلَمۡ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ قِيلَ لَهُمۡ

لَهُمۡ	قِيلَ	إِلَى ٱلَّذِينَ	أَلَمۡ تَرَ	ضَعِيفًا ۝٧٦	كَانَ
ان سے	کہا گیا	ان لوگوں کی طرف کہ	کیا آپ نے نہیں دیکھا	نہایت کمزور	ہے

یقیناً شیطان کی چال بڑی کمزور ہے ۔ کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا کہ جن سے کہا گیا تھا

كُفُّوٓاْ أَيۡدِيَكُمۡ وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ

كُفُّوٓاْ	أَيۡدِيَكُمۡ	وَأَقِيمُواْ	ٱلصَّلَوٰةَ	وَءَاتُواْ	ٱلزَّكَوٰةَ
تم روکے رکھو	اپنے ہاتھ	اور قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکوٰۃ
کہ اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو					

فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيۡهِمُ ٱلۡقِتَالُ إِذَا فَرِيقٞ

فَلَمَّا	كُتِبَ	عَلَيۡهِمُ	ٱلۡقِتَالُ	إِذَا	فَرِيقٞ
پھر جب	لکھ دیا (فرض کر دیا) گیا	ان پر	لڑنا (جنگ کرنا)	تب	ایک فریق
تو جب ان پر جنگ فرض کر دی گئی تو ان میں سے ایک فریق کا حال یہ ہے					

مِّنۡهُمۡ يَخۡشَوۡنَ ٱلنَّاسَ كَخَشۡيَةِ ٱللَّهِ أَوۡ أَشَدَّ

مِّنۡهُمۡ	يَخۡشَوۡنَ	ٱلنَّاسَ	كَخَشۡيَةِ ٱللَّهِ	أَوۡ	أَشَدَّ
ان میں سے	وہ ڈرتے تھے	لوگوں سے	اللہ سے ڈرنے کی مانند	یا	(اس سے بھی) زیادہ سخت
کہ وہ لوگوں سے اس طرح ڈر رہے ہیں جیسے اللہ سے ڈرنا چاہیے بلکہ اس سے بھی زیادہ ڈر رہے ہیں					

خَشۡيَةٗۚ وَقَالُواْ رَبَّنَا لِمَ كَتَبۡتَ عَلَيۡنَا

خَشۡيَةٗۚ	وَقَالُواْ	رَبَّنَا	لِمَ	كَتَبۡتَ	عَلَيۡنَا
ڈرنا	اور انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	کیوں	تو نے لکھا (فرض کیا)	ہم پر
اور انہوں نے کہا اے ہمارے رب کیوں تو نے ہم پر جنگ کرنا فرض کیا					

ٱلۡقِتَالَ لَوۡلَآ أَخَّرۡتَنَآ إِلَىٰٓ أَجَلٖ قَرِيبٖۗ قُلۡ مَتَٰعُ ٱلدُّنۡيَا

ٱلدُّنۡيَا	مَتَٰعُ	قُلۡ	إِلَىٰٓ أَجَلٖ قَرِيبٖۗ	لَوۡلَآ أَخَّرۡتَنَآ	ٱلۡقِتَالَ
دنیا کا	فائدہ	کہہ دیجیے	ایک مدت قریب تک	کیوں نہ تونے ہمیں مہلت دی	لڑنا(جنگ کرنا)
کیوں نہ تونے ہمیں ایک مدت قریب تک مہلت دی (اے نبیؐ) کہہ دیجیے دنیا کا فائدہ بہت تھوڑا ہے					

قَلِيلٞ وَٱلۡأٓخِرَةُ خَيۡرٞ لِّمَنِ ٱتَّقَىٰ وَلَا تُظۡلَمُونَ

وَلَا تُظۡلَمُونَ	ٱتَّقَىٰ	لِّمَنِ	خَيۡرٞ	وَٱلۡأٓخِرَةُ	قَلِيلٞ
اور تم نہیں ظلم کیے جاؤ گے	تقویٰ اختیار کیا	اس کے لیے جس نے	بہت بہتر ہے	اور آخرت	بہت تھوڑا ہے
اور آخرت بہت بہتر ہے تقویٰ والوں کے لیے-اور تم دھاگے برابر بھی ظلم نہیں کیے جاؤ گے					

فَتِيلًا ٧٧ أَيۡنَمَا تَكُونُواْ يُدۡرِككُّمُ ٱلۡمَوۡتُ وَلَوۡ

وَلَوۡ	ٱلۡمَوۡتُ	يُدۡرِككُّمُ	تَكُونُواْ	أَيۡنَمَا	فَتِيلًا ٧٧
خواہ	موت	پالے گی تمھیں	تم ہو گے	جہاں کہیں بھی	دھاگے برابر
تم جہاں کہیں بھی ہو گے موت تمھیں پالے گی					

كُنتُمۡ فِي بُرُوجٖ مُّشَيَّدَةٖۗ وَإِن تُصِبۡهُمۡ حَسَنَةٞ يَقُولُواْ

يَقُولُواْ	حَسَنَةٞ	تُصِبۡهُمۡ	وَإِن	فِي بُرُوجٖ مُّشَيَّدَةٖۗ	كُنتُمۡ
تو کہتے ہیں	کوئی بھلائی	انہیں پہنچے	اور اگر	مضبوط قلعوں میں	تم ہو
خواہ تم مضبوط قلعوں میں ہو اور اگر انہیں کوئی بھلائی پہنچے تو کہتے ہیں					

هَٰذِهِۦ مِنۡ عِندِ ٱللَّهِۖ وَإِن تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٞ يَقُولُواْ

هَٰذِهِۦ	مِنۡ عِندِ ٱللَّهِۖ	وَإِن	تُصِبۡهُمۡ	سَيِّئَةٞ	يَقُولُواْ
یہ	اللہ کی طرف سے ہے	اور اگر	انہیں پہنچے	کوئی برائی (تکلیف)	تو وہ کہتے ہیں
یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر انہیں کوئی برائی (تکلیف) پہنچے تو وہ کہتے ہیں					

هَٰذِهِۦ مِنۡ عِندِكَۚ قُلۡ كُلّٞ مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِۖ فَمَالِ هَٰٓؤُلَآءِ ٱلۡقَوۡمِ

هَٰذِهِۦ	مِنۡ عِندِكَۚ	قُلۡ	كُلّٞ	مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِۖ	فَمَالِ هَٰٓؤُلَآءِ ٱلۡقَوۡمِ
یہ	تیری طرف سے ہے	کہہ دیجیے	سب کچھ	اللہ کی طرف سے ہے	پھر کیا ہے ان لوگوں کو
یہ اے محمد ﷺ تیری طرف سے ہے کہہ دیجیے سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے پھر ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے					

لَا يَكَادُونَ يَفۡقَهُونَ حَدِيثٗا ٧٨ مَّآ أَصَابَكَ مِنۡ حَسَنَةٖ

لَا يَكَادُونَ	يَفۡقَهُونَ	حَدِيثٗا ٧٨	مَّآ	أَصَابَكَ	مِنۡ حَسَنَةٖ
کہ نہیں قریب	کہ وہ سمجھیں	بات کو	جو بھی	پہنچے (اے انسان) تجھ کو	کوئی بھلائی
کہ یہ کوئی بات بھی نہیں سمجھتے -(اے مسلمان) تجھے جو بھی بھلائی پہنچتی ہے					

فَمِنَ ٱللَّهِۖ وَمَآ أَصَابَكَ مِن سَيِّئَةٖ فَمِن نَّفۡسِكَۚ وَأَرۡسَلۡنَٰكَ

فَمِنَ ٱللَّهِۖ	وَمَآ	أَصَابَكَ	مِن سَيِّئَةٖ	فَمِن نَّفۡسِكَۚ	وَأَرۡسَلۡنَٰكَ
تو وہ اللہ کی طرف سے ہے	اور جو	تجھے پہنچے	کوئی برائی	تو تیرے نفس کی طرف سے ہے	اور ہم نے آپ کو بھیجا ہے
تو وہ اللہ کی طرف سے پہنچتی ہے اور جو مصیبت تجھ پر آتی ہے تو وہ خود تیرے نفس کی طرف سے ہے					

لِلنَّاسِ رَسُولًاۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ شَهِيدًا۝٧٩ مَّن

لِلنَّاسِ	رَسُولًاۚ	وَكَفَىٰ	بِٱللَّهِ	شَهِيدًا۝٧٩	مَّن
لوگوں کے لیے	رسول بنا کر	اور کافی ہے	اللہ	گواہ	جس نے
اور اے نبی ؐ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ ہم نے آپؐ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ کو لوگوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ کافی ہے گواہ کے طور پر۔					

يُطِعِ ٱلرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ ٱللَّهَۖ وَمَن تَوَلَّىٰ

يُطِعِ	ٱلرَّسُولَ	فَقَدْ	أَطَاعَ ٱللَّهَۖ	وَمَن	تَوَلَّىٰ
اطاعت کی	رسول کی	تو یقیناً	اس نے اطاعت کی اللہ کی	اور جس نے	منہ پھیرا
جس نے اطاعت کی رسول کی تو یقیناً اس نے اطاعت کی اللہ کی اور جس نے منہ پھیرا					

فَمَآ أَرْسَلْنَـٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا۝٨٠ وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ فَإِذَا

فَمَآ أَرْسَلْنَـٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيظًا۝٨٠	وَيَقُولُونَ	طَاعَةٌ	فَإِذَا
تو ہم نے آپ کو نہیں بھیجا	اُن پر	نگہبان بنا کر	اور وہ (منافق) کہتے ہیں	(ہمارا کام تو) فرمانبداری ہے	پھر جب
تو ہم نے آپ کو اُن پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا اور وہ (منافق) کہتے ہیں ہمارا کام تو فرمانبداری ہے					

بَرَزُواْ مِنْ عِندِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ

بَرَزُواْ	مِنْ عِندِكَ	بَيَّتَ	طَآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	غَيْرَ
وہ نکلتے ہیں	آپؐ کے پاس سے	تورات کو مشورہ کرتا ہے	ایک گروہ	ان میں سے	خلاف
پھر جب وہ آپؐ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ کے پاس سے نکلتے ہیں تو ان میں سے ایک گروہ رات کے وقت آپس میں ایسے مشورے کرتا ہے					

ٱلَّذِي تَقُولُ ۖ وَٱللَّهُ يَكۡتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ۖ

يُبَيِّتُونَ ۖ	مَا	يَكۡتُبُ	وَٱللَّهُ	تَقُولُ ۖ	ٱلَّذِي
وہ رات کو مشورہ کرتے ہیں	جو	لکھتا ہے	اور اللہ	آپؐ کہتے ہیں	اس (بات) کے جو

جو ان کے اپنے قول کے خلاف ہے اور اللہ لکھتا ہے جو بھی وہ رات کو مشورہ کرتے ہیں

فَأَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ وَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ

بِٱللَّهِ	وَكَفَىٰ	عَلَى ٱللَّهِ ۚ	وَتَوَكَّلۡ	عَنۡهُمۡ	فَأَعۡرِضۡ
اللہ	اور کافی ہے	اللہ پر	اور آپؐ توکل کریں	ان سے	تو آپؐ منہ پھیر لیں

تو اے نبیؐ ﷺ آپؐ ان سے منہ پھیر لیں اور آپؐ ﷺ اللہ پر توکل کریں اور اللہ کافی ہے کارساز۔

وَكِيلًا ﴿٨١﴾ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ ٱلۡقُرۡءَانَ ۚ وَلَوۡ كَانَ مِنۡ عِندِ غَيۡرِ ٱللَّهِ

مِنۡ عِندِ غَيۡرِ ٱللَّهِ	كَانَ	وَلَوۡ	ٱلۡقُرۡءَانَ ۚ	أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ	وَكِيلًا ﴿٨١﴾
غیر اللہ کی طرف سے	ہوتا یہ (قرآن)	اور اگر	قرآن میں	کیا پھر وہ غور وفکر نہیں کرتے	کارساز

کیا پھر وہ قرآن میں غور وفکر نہیں کرتے اور اگر یہ قرآن غیر اللہ کی طرف سے ہوتا

لَوَجَدُواْ فِيهِ ٱخۡتِلَٰفًا كَثِيرًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَا جَآءَهُمۡ

جَآءَهُمۡ	وَإِذَا	كَثِيرًا ﴿٨٢﴾	ٱخۡتِلَٰفًا	فِيهِ	لَوَجَدُواْ
آتی ہے ان کے پاس	اور جب	بہت زیادہ	اختلاف	اس میں	تو یقیناً وہ پاتے

تو یقیناً وہ اس میں بہت زیادہ اختلاف پاتے۔اور جب ان کے پاس کوئی خبر

أَمۡرٌ مِّنَ ٱلۡأَمۡنِ أَوِ ٱلۡخَوۡفِ أَذَاعُواْ بِهِۦۖ

بِهِۦۖ	أَذَاعُواْ	ٱلۡخَوۡفِ	أَوِ	مِّنَ ٱلۡأَمۡنِ	أَمۡرٌ
اسے	تو وہ مشہور کر دیتے ہیں	خوف (کی)	یا	امن کی	کوئی بات

امن یا خوف کی آتی ہے تو وہ اسے مشہور کر دیتے ہیں

وَلَوۡ رَدُّوهُ إِلَى ٱلرَّسُولِ وَإِلَىٰٓ أُوْلِي ٱلۡأَمۡرِ مِنۡهُمۡ لَعَلِمَهُ

لَعَلِمَهُ	مِنۡهُمۡ	وَإِلَىٰٓ أُوْلِي ٱلۡأَمۡرِ	إِلَى ٱلرَّسُولِ	رَدُّوهُ	وَلَوۡ
تو جان لیتے اس (حقیقت) کو	اپنے میں سے	اور اصحاب امر کی طرف	رسول کی طرف	وہ اسے لوٹاتے	اور اگر

اور اگر وہ اسے رسول اور اپنے میں سے اصحاب امر کی طرف لوٹاتے تو یہ بات ان میں سے ان لوگوں کے علم میں آجاتی

ٱلَّذِينَ يَسۡتَنۢبِطُونَهُۥ مِنۡهُمۡۗ وَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ

عَلَيۡكُمۡ	فَضۡلُ ٱللَّهِ	وَلَوۡلَا	مِنۡهُمۡۗ	يَسۡتَنۢبِطُونَهُۥ	ٱلَّذِينَ
تم پر	اللہ کا فضل	اور اگر نہ ہوتا	ان میں سے	تحقیق کرتے ہیں اس کی	وہ لوگ جو

جو بات کی تہہ تک پہنچنے والے ہیں اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی

وَرَحۡمَتُهُۥ لَٱتَّبَعۡتُمُ ٱلشَّيۡطَٰنَ إِلَّا قَلِيلٗا ﴿٨٣﴾ فَقَٰتِلۡ

فَقَٰتِلۡ	قَلِيلٗا ﴿٨٣﴾	إِلَّا	ٱلشَّيۡطَٰنَ	لَٱتَّبَعۡتُمُ	وَرَحۡمَتُهُۥ
چنانچہ آپؐ لڑیں	تھوڑے سے	مگر	شیطان کے	تو تم ضرور پیچھے لگ جاتے	اور اس کی رحمت

تو تم سب کے سب شیطان کی پیروی کرتے سوائے چند ایک کے - پس (اے نبیؐ) آپؐ ﷺ اللہ کی راہ میں جنگ کریں

فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفۡسَكَۚ وَحَرِّضِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ

فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ	لَا تُكَلَّفُ	إِلَّا	نَفۡسَكَۚ	وَحَرِّضِ	ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ
اللہ کے راستے میں	آپؐ ذمہ دار نہیں بنائے گئے	مگر	اپنی ہی ذات کے	اور آپؐ رغبت دلائیں	مومنوں کو

آپ ﷺ ذمہ دار نہیں بنائے گئے مگر اپنی ہی ذات کے - اور آپ ﷺ مومنوں کو رغبت دلائیں

عَسَى ٱللَّهُ أَن يَكُفَّ بَأۡسَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْۚ

عَسَى	ٱللَّهُ	أَن يَكُفَّ	بَأۡسَ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْۚ
اُمید ہے	اللہ تعالیٰ	یہ کہ روک دے	لڑائی	اُن لوگوں کی جنہوں نے	کفر کیا

اُمید ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کی جنگ کو روک دے

وَٱللَّهُ أَشَدُّ بَأۡسًا وَأَشَدُّ تَنكِيلًا ۝٨٤ مَّن

وَٱللَّهُ	أَشَدُّ	بَأۡسًا	وَأَشَدُّ	تَنكِيلًا ۝٨٤	مَّن
اور اللہ	بہت سخت ہے	لڑائی میں	اور بہت سخت ہے	سزا دینے میں	جو کوئی

اور اللہ تعالیٰ بہت سخت ہے لڑائی میں بھی اور سزا دینے میں بھی-

يَشۡفَعۡ شَفَٰعَةً حَسَنَةً يَكُن لَّهُۥ نَصِيبٌ

يَشۡفَعۡ	شَفَٰعَةً	حَسَنَةً	يَكُن	لَّهُۥ	نَصِيبٌ
سفارش کرے	سفارش	اچھی (بھلائی کی)	ہو گا	اس کے لیے	حصہ

جو کوئی سفارش کرے گا بھلائی کی اسے اس میں سے حصہ ملے ہو گا

مِّنۡهَاۖ وَمَن يَشۡفَعۡ شَفَٰعَةٗ سَيِّئَةٗ يَكُن لَّهُۥ

لَّهُۥ	يَكُن	شَفَٰعَةٗ سَيِّئَةٗ	يَشۡفَعۡ	وَمَن	مِّنۡهَاۖ
اس کے لیے	ہو گا	بری سفارش	سفارش کرے	اور جو کوئی	اس میں سے
اور جو کوئی سفارش کرے گا برائی کی تو اسے اس میں سے حصہ ملے گا					

كِفۡلٞ مِّنۡهَاۗ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ مُّقِيتٗا ﴿٨٥﴾

مُّقِيتٗا ﴿٨٥﴾	عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ	ٱللَّهُ	وَكَانَ	مِّنۡهَاۗ	كِفۡلٞ
نگہبان	ہر چیز پر	اللہ تعالیٰ	اور ہے	اس میں سے	حصہ
اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر نگہبان ہے					

وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٖ فَحَيُّواْ بِأَحۡسَنَ مِنۡهَآ

مِنۡهَآ	بِأَحۡسَنَ	فَحَيُّواْ	بِتَحِيَّةٖ	حُيِّيتُم	وَإِذَا
اس سے	زیادہ بہتر کے ساتھ	تو تم دعا دو	کوئی دعا	تم دعا دیئے جاؤ	اور جب
اور جب تمھیں سلامتی کی کوئی دعا دی جائے تو تم بھی سلامتی کی اس سے بہتر دعا دو یا اسی کو لوٹا دو					

أَوۡ رُدُّوهَآۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٍ

عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٍ	كَانَ	ٱللَّهَ	إِنَّ	رُدُّوهَآۗ	أَوۡ
ہر چیز کا	ہے	اللہ تعالیٰ	بیشک	اسی (دعا) کو لوٹا دو	یا
بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خوب حساب لینے والا ہے					

حَسِيبًا۝٨٦ ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَۚ

هُوَۚ	إِلَّا	إِلَٰهَ	لَآ	ٱللَّهُ	حَسِيبًا۝٨٦
وہی	مگر	کوئی معبود	نہیں	اللہ	خوب حساب لینے والا

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

لَيَجۡمَعَنَّكُمۡ إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيهِۗ وَمَنۡ

وَمَنۡ	فِيهِۗ	رَيۡبَ	لَا	إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ	لَيَجۡمَعَنَّكُمۡ
اور کون	اس میں	کوئی شک	نہیں	قیامت کے دن	یقیناًوہ تمھیں ضرور جمع کرے گا

یقیناًوہ تمھیں قیامت کے دن ضرور جمع کرے گا جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔

أَصۡدَقُ مِنَ ٱللَّهِ حَدِيثًا۝٨٧ فَمَا لَكُمۡ فِي ٱلۡمُنَٰفِقِينَ

فِي ٱلۡمُنَٰفِقِينَ	لَكُمۡ	فَمَا	حَدِيثًا۝٨٧	مِنَ ٱللَّهِ	أَصۡدَقُ
منافقوں (کے بارے) میں	تمھیں (کہ)	پھر کیا ہے	بات میں	اللہ سے	زیادہ سچا ہے

اللہ سے بڑھ کر اپنی بات میں سچا کون ہو گا- پھر تمھیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقوں کے بارے میں دو گروہ ہو رہے ہو

فِئَتَيۡنِ وَٱللَّهُ أَرۡكَسَهُم بِمَا كَسَبُوٓاْۚ أَتُرِيدُونَ

أَتُرِيدُونَ	بِمَا كَسَبُوٓاْۚ	أَرۡكَسَهُم	وَٱللَّهُ	فِئَتَيۡنِ
کیا تم چاہتے ہو	ان اعمال کی وجہ سے جو انہوں نے کمائے	انہیں الٹ دیا	اور اللہ نے	دو گروہ (ہو رہے ہو)

اور اللہ نے تو انہیں ان کے کرتوتوں یعنی ان اعمال کی وجہ سے جو انہوں نے کمائے الٹ دیا

أَن تَهۡدُواْ مَنۡ أَضَلَّ ٱللَّهُۖ وَمَن يُضۡلِلِ

يُضۡلِلِ	وَمَن	ٱللَّهُۖ	أَضَلَّ	مَنۡ	أَن تَهۡدُواْ
گمراہ کرے	اور جسے	اللہ نے	گمراہ کر دیا	ان کو جنھیں	یہ کہ تم ہدایت دو

کیا تم چاہتے ہو کہ تم ان کو ہدایت دو جن کو اللہ نے گمراہ کر دیا اور جسے اللہ گمراہ کرے

ٱللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُۥ سَبِيلٗا ﴿٨٨﴾ وَدُّواْ

وَدُّواْ	سَبِيلٗا ﴿٨٨﴾	لَهُۥ	تَجِدَ	فَلَن	ٱللَّهُ
وہ (لوگ چاہتے ہیں)	کوئی راستہ	اس کے لیے	آپ پائیں گے	تو ہر گز نہیں	اللہ

تو آپ ہر گز اس کے لیے کوئی راستہ نہیں پائیں گے وہ لوگ چاہتے ہیں

لَوۡ تَكۡفُرُونَ كَمَا كَفَرُواْ فَتَكُونُونَ سَوَآءٗۖ فَلَا تَتَّخِذُواْ

فَلَا تَتَّخِذُواْ	سَوَآءٗۖ	فَتَكُونُونَ	كَفَرُواْ	كَمَا	لَوۡ تَكۡفُرُونَ
لہذا نہ تم بناؤ	برابر	پھر ہو جاؤ تم (اور وہ)	انہوں نے کفر کیا	جیسا کہ	کاش کہ تم کفر کرو

کاش کہ تم کفر کرو جیسا کہ انہوں نے کفر کیا تاکہ تم سب برابر ہو جاؤ

مِنۡهُمۡ أَوۡلِيَآءَ حَتَّىٰ يُهَاجِرُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِۚ فَإِن

فَإِن	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِۚ	يُهَاجِرُواْ	حَتَّىٰ	أَوۡلِيَآءَ	مِنۡهُمۡ
پھر اگر	اللہ کے راستے میں	وہ ہجرت کریں	یہاں تک کہ	(کسی کو) دوست	ان میں سے

لہذا تم ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ- یہاں تک کہ وہ اللہ کے راستے میں ہجرت کریں

تَوَلَّوۡاْ فَخُذُوهُمۡ وَٱقۡتُلُوهُمۡ حَيۡثُ وَجَدتُّمُوهُمۡۖ وَلَا تَتَّخِذُواْ

وَلَا تَتَّخِذُواْ	وَجَدتُّمُوهُمۡۖ	حَيۡثُ	وَٱقۡتُلُوهُمۡ	فَخُذُوهُمۡ	تَوَلَّوۡاْ
اور نہ تم بناؤ	تم انہیں پاؤ	جہاں کہیں	اور انہیں قتل کرو	تو تم انہیں پکڑو	وہ پھر جائیں
اللہ کے لیے	گواہی دینے والے	انصاف پر	قائم رہنے والے	تم ہو جاؤ	اے ایمان والوں

اے ایمان والوں تم انصاف پر قائم رہنے والے اور اللہ کے لیے گواہی دینے والے ہو جاؤ

وَلَوۡ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمۡ أَوِ ٱلۡوَٰلِدَيۡنِ وَٱلۡأَقۡرَبِينَۚ إِن

إِن	وَٱلۡأَقۡرَبِينَۚ	ٱلۡوَٰلِدَيۡنِ	أَوِ	عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمۡ	وَلَوۡ
چاہے	یا قرابت داروں (کے خلاف ہو)	والدین (کے خلاف ہو)	یا	تمھاری اپنی جانوں کے	اگرچہ (وہ خلاف ہو)

اگرچہ یہ (انصاف کی بات اور شہادت) تمھارے اپنے خلاف ہو یا تمھارے والدین کے یا تمھارے قرابت داروں کے۔

يَكُنۡ غَنِيًّا أَوۡ فَقِيرًا فَٱللَّهُ أَوۡلَىٰ

أَوۡلَىٰ	فَٱللَّهُ	فَقِيرًا	أَوۡ	غَنِيًّا	يَكُنۡ
زیادہ حقدار ہے	تو اللہ	فقیر	یا	مالدار	وہ (شخص) ہو

چاہے وہ شخص مالدار ہو یا فقیر ہو۔ تو اللہ ان دونوں کے مقابلے میں زیادہ حقدار ہے (کہ اللہ کی بات مانی جائے)

بِهِمَاۖ فَلَا تَتَّبِعُواْ ٱلۡهَوَىٰٓ أَن تَعۡدِلُواْۚ وَإِن تَلۡوُۥٓاْ

تَلۡوُۥٓاْ	وَإِن	أَن تَعۡدِلُواْۚ	ٱلۡهَوَىٰٓ	فَلَا تَتَّبِعُواْ	بِهِمَاۖ
تم موڑو (زبان کو)	اور اگر	یہ کہ (نہ) تم انصاف کرو	خواہش کی	پس تم نہ پیروی کرو	ان دونوں کے مقابلے میں

اس لیے تم خواہش نفس کے پیچھے پڑ کر انصاف نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم زبانوں کو موڑوں گے

أَوۡ تُعۡرِضُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا

بِمَا	كَانَ	ٱللَّهَ	فَإِنَّ	تُعۡرِضُواْ	أَوۡ
اس سے جو	ہے	اللہ	تو بیشک	تم اعراض کرو	یا

یا اعراض کروگے تو (یاد رکھو) اللہ تعالیٰ تمھارے ہر عمل سے پورے طرح باخبر ہے

تَعۡمَلُونَ خَبِيرًا۝١٣٥ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ ءَامِنُواْ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ

تَعۡمَلُونَ	خَبِيرًا۝١٣٥	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ	ءَامِنُواْ	بِٱللَّهِ	وَرَسُولِهِۦ
تم کرتے ہو	خبردار ہے	اے ایمان والوں	ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول (پر)

اے ایمان والوں! ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر

وَٱلۡكِتَٰبِ ٱلَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِۦ وَٱلۡكِتَٰبِ ٱلَّذِيٓ

وَٱلۡكِتَٰبِ	ٱلَّذِي	نَزَّلَ	عَلَىٰ رَسُولِهِۦ	وَٱلۡكِتَٰبِ	ٱلَّذِيٓ
اور اس کتاب پر	جو	اس نے نازل کی	اپنے رسول پر	اور اس کتاب (پر)	جو

جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی اور اس کتاب پر جو

أَنزَلَ مِن قَبۡلُۚ وَمَن يَكۡفُرۡ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ

أَنزَلَ	مِن قَبۡلُۚ	وَمَن	يَكۡفُرۡ	بِٱللَّهِ	وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ
اس نے نازل کی	اس سے پہلے	اور جو کوئی	کفر کرے	اللہ کے ساتھ	اور اس کے فرشتوں (کے ساتھ)

اس سے پہلے اس نے نازل کی۔ اور جو کوئی کفر کرے اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ

وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ فَقَدۡ

وَكُتُبِهِۦ	وَرُسُلِهِۦ	وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ	فَقَدۡ
اور اس کی کتابوں (کے ساتھ)	اور اس کے رسولوں (کے ساتھ)	اور یوم آخرت (کے ساتھ)	تو یقیناً

اور اس کی کتابوں کے ساتھ اور اس کے رسولوں کے ساتھ اور یوم آخرت کے ساتھ۔

ضَلَّ ضَلَـٰلَۢا بَعِيدًا ١٣٦ إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

ءَامَنُواْ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ	بَعِيدًا ١٣٦	ضَلَـٰلَۢا	ضَلَّ
ایمان لائے	وہ لوگ جو	بیشک	دور کا	گمراہ ہونا	وہ گمراہ ہو گیا
تو وہ گمراہ ہو گیا اور گمراہی میں بہت دُور نکل گیا۔ بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے					

ثُمَّ كَفَرُواْ ثُمَّ ءَامَنُواْ ثُمَّ كَفَرُواْ

كَفَرُواْ	ثُمَّ	ءَامَنُواْ	ثُمَّ	كَفَرُواْ	ثُمَّ
اُنہوں نے کفر کیا	پھر	وہ ایمان لائے	پھر	اُنہوں نے کفر کیا	پھر
پھر اُنہوں نے کفر کیا پھر وہ ایمان لائے پھر اُنہوں نے کفر کیا					

ثُمَّ ٱزْدَادُواْ كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ ٱللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ	لِيَغْفِرَ لَهُمْ	ٱللَّهُ	لَّمْ يَكُنِ	كُفْرًا	ثُمَّ ٱزْدَادُواْ
اور نہیں ہے کہ اُنہیں ہدایت دے	کہ اُنہیں بخش دے	اللہ	نہیں ہے	کفر میں	پھر وہ بڑھ گئے
پھر وہ کفر میں بڑھ گئے، اللہ یقیناً اُنہیں نہ بخشے گا اور نہ اُنہیں راہ ہدایت دے گا					

سَبِيلًا ١٣٧ بَشِّرِ ٱلْمُنَـٰفِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا

عَذَابًا	لَهُمْ	بِأَنَّ	ٱلْمُنَـٰفِقِينَ	بَشِّرِ	سَبِيلًا ١٣٧
عذاب ہے	اُن کے لیے	اس بات کی کہ بیشک	منافقوں کو	آپؐ خوشخبری دیجیے	راستے کی
اے نبی ﷺ منافقوں کو خوشخبری دیجیے کہ اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔					

أَلِيمًا ﴿١٣٨﴾ ٱلَّذِينَ يَتَّخِذُونَ ٱلۡكَٰفِرِينَ أَوۡلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ

أَلِيمًا ﴿١٣٨﴾	ٱلَّذِينَ	يَتَّخِذُونَ	ٱلۡكَٰفِرِينَ	أَوۡلِيَآءَ	مِن دُونِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ
دردناک	وہ لوگ جو	بناتے ہیں	کافروں کو	دوست	مومنوں کے سوائے
وہ لوگ جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں					

أَيَبۡتَغُونَ عِندَهُمُ ٱلۡعِزَّةَ فَإِنَّ ٱلۡعِزَّةَ لِلَّهِ

أَيَبۡتَغُونَ	عِندَهُمُ	ٱلۡعِزَّةَ	فَإِنَّ	ٱلۡعِزَّةَ	لِلَّهِ
کیا وہ تلاش کرتے ہیں	ان کے پاس	عزت	پس بیشک	عزت (تو)	اللہ ہی کے لیے ہے
کیا وہ ان کے پاس عزت تلاش کرتے ہیں۔ حالانکہ عزت تو ساری کی ساری اللہ ہی کے پاس ہے					

جَمِيعًا ﴿١٣٩﴾ وَقَدۡ نَزَّلَ عَلَيۡكُمۡ فِي ٱلۡكِتَٰبِ أَنۡ

جَمِيعًا ﴿١٣٩﴾	وَقَدۡ	نَزَّلَ	عَلَيۡكُمۡ	فِي ٱلۡكِتَٰبِ	أَنۡ
ساری (کی ساری)	اور یقیناً	اس نے نازل کیا	تم پر	کتاب میں	یہ کہ
(لیکن وہ اللہ کو چھوڑ کر کہاں عزت ڈھونڈ رہے ہیں۔) اور اللہ یہ بات تم پر کتاب میں نازل کر چکا ہے					

إِذَا سَمِعۡتُمۡ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ يُكۡفَرُ بِهَا وَيُسۡتَهۡزَأُ

إِذَا	سَمِعۡتُمۡ	ءَايَٰتِ ٱللَّهِ	يُكۡفَرُ	بِهَا	وَيُسۡتَهۡزَأُ
جب	تم سنو	اللہ کی آیتیں	کہ کفر کیا جارہا ہو	ان کے ساتھ	اور استہزا کیا جارہا ہو
کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کیا جارہا ہے اور اُن کا مذاق اُڑایا جارہا ہے					

بِهَا فَلَا تَقۡعُدُواْ مَعَهُمۡ حَتَّىٰ يَخُوضُواْ فِي حَدِيثٍ

بِهَا	فَلَا تَقۡعُدُواْ	مَعَهُمۡ	حَتَّىٰ	يَخُوضُواْ	فِي حَدِيثٍ
ان کے ساتھ	توتم نہ بیٹھو	اُن کے ساتھ	یہاں تک کہ	وہ مشغول ہو جائیں	کسی اور بات میں
توتم اُن کے ساتھ مت بیٹھو یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں (یعنی موضوع بدل دیں)					

غَيۡرِهِۦٓ إِنَّكُمۡ إِذٗا مِّثۡلُهُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ

غَيۡرِهِۦٓ	إِنَّكُمۡ	إِذٗا	مِّثۡلُهُمۡۗ	إِنَّ	ٱللَّهَ
اس کے علاوہ	(ورنہ) بلاشبہ تم بھی	اس وقت	ان جیسے ہی ہونگے	یقیناً	اللہ تعالیٰ
ورنہ تم بھی انہیں جیسے ہو جاؤ گے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ تمام					

جَامِعُ ٱلۡمُنَٰفِقِينَ وَٱلۡكَٰفِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ١٤٠ ٱلَّذِينَ

جَامِعُ	ٱلۡمُنَٰفِقِينَ	وَٱلۡكَٰفِرِينَ	فِي جَهَنَّمَ	جَمِيعًا ١٤٠	ٱلَّذِينَ
جمع کرنے والا ہے	منافقوں کو	اور کافروں کو	جہنم میں	سب کو	وہ (منافق) جو
کافروں اور منافقوں کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے۔					

يَتَرَبَّصُونَ بِكُمۡ فَإِن كَانَ لَكُمۡ فَتۡحٞ

يَتَرَبَّصُونَ	بِكُمۡ	فَإِن	كَانَ	لَكُمۡ	فَتۡحٞ
انتظار کرتے ہیں	تمھاری متعلق	پھر اگر	ہو	تمھارے لیے	کوئی فتح
یہ لوگ (منافق) تمھارے انجام کار کا انتظار کرتے رہتے ہیں۔ پھر اگر اللہ تمھیں فتح دے					

مِّنَ ٱللَّهِ قَالُوٓاْ أَلَمۡ نَكُن مَّعَكُمۡ وَإِن كَانَ

مِّنَ ٱللَّهِ	قَالُوٓاْ	أَلَمۡ نَكُن	مَّعَكُمۡ	وَإِن	كَانَ
اللہ کی طرف سے	تو کہتے ہیں	کیا نہ تھے ہم	تمھارے ساتھ ؟	اور اگر	ہو
تو یہ کہتے ہیں کیا ہم تمھارے ساتھ نہ تھے اور اگر کافروں کو تھوڑا سا غلبہ مل جائے					

لِلۡكَٰفِرِينَ نَصِيبٌ قَالُوٓاْ أَلَمۡ نَسۡتَحۡوِذۡ عَلَيۡكُمۡ

لِلۡكَٰفِرِينَ	نَصِيبٌ	قَالُوٓاْ	أَلَمۡ نَسۡتَحۡوِذۡ	عَلَيۡكُمۡ
کافروں کے لیے	کچھ حصہ (غلبہ)	تو کہتے ہیں	کیا ہم غالب نہیں آنے لگے تھے	تم پر
تو وہ کہتے ہیں کیا ہم تم پر غالب نہیں آنے لگے تھے				

وَنَمۡنَعۡكُم مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ فَٱللَّهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ

وَنَمۡنَعۡكُم	مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ	فَٱللَّهُ	يَحۡكُمُ	بَيۡنَكُمۡ
اور (کیا) ہم نے (نہیں) تمھیں بچایا تھا	مومنوں سے	پس اللہ	فیصلہ کرے گا	تمھارے درمیان
اور کیا ہم نے تمھیں مومنوں سے نہیں بچایا تھا۔ پس اللہ تمھارے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کرے گا				

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۗ وَلَن يَجۡعَلَ ٱللَّهُ لِلۡكَٰفِرِينَ عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ سَبِيلًا ﴿١٤١﴾

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۗ	وَلَن يَجۡعَلَ	ٱللَّهُ	لِلۡكَٰفِرِينَ	عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ	سَبِيلًا ﴿١٤١﴾
قیامت کے دن	اور ہرگز نہیں بنائے گا	اللہ	کافروں کے لیے	مومنوں پر	کوئی راہ (غلبے کی)
اور اللہ کافروں کو مومنوں پر ہرگز راہ نہ دے گا					

إِنَّ ٱلْمُنَٰفِقِينَ يُخَٰدِعُونَ ٱللَّهَ وَهُوَ خَٰدِعُهُمْ وَإِذَا

إِنَّ	ٱلْمُنَٰفِقِينَ	يُخَٰدِعُونَ ٱللَّهَ	وَهُوَ	خَٰدِعُهُمْ	وَإِذَا
بیشک	منافق	دھوکے دیتے ہیں اللہ کو	اور وہ (بھی اللہ)	انہیں دھوکا دینے والا ہے	اور جب

بیشک منافق اللہ کو دھوکہ دینے کی کوشش کر رہے ہیں اور اللہ اُن کو دھوکہ دے کر رہے گا

قَامُوٓاْ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ قَامُواْ كُسَالَىٰ يُرَآءُونَ ٱلنَّاسَ

قَامُوٓاْ	إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ	قَامُواْ	كُسَالَىٰ	يُرَآءُونَ	ٱلنَّاسَ
وہ کھڑے ہوتے ہیں	نماز کے لیے	تو کھڑے ہوتے ہیں	کاہلی سے	دکھاتے ہیں	لوگوں کو

اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو کاہلی سے کھڑے ہوتے ہیں صرف لوگوں کو دکھاتے ہیں

وَلَا يَذْكُرُونَ ٱللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٤٢﴾ مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ لَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ

وَلَا يَذْكُرُونَ ٱللَّهَ	إِلَّا	قَلِيلًا ﴿١٤٢﴾	مُّذَبْذَبِينَ	بَيْنَ ذَٰلِكَ	لَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ
اور وہ اللہ کو یاد نہیں کرتے	مگر	بہت تھوڑا	متردّد ہیں	اس (کفر وایمان) کے درمیان	نہ ان کی طرف

اور وہ اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر بہت تھوڑا۔ وہ کفر وایمان کے درمیان متردّد ہیں (ڈگمگا رہے ہیں) نہ اِن کی طرف

وَلَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ ۚ وَمَن يُضْلِلِ ٱللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُۥ

وَلَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ ۚ	وَمَن	يُضْلِلِ	ٱللَّهُ	فَلَن تَجِدَ	لَهُۥ
اور نہ ہی ان کی طرف	اور جسے	گمراہ کردے	اللہ	تو ہرگز نہیں آپ پائیں گے	ان کے لیے

اور نہ ہی اُن کی طرف۔ اور جسے اللہ گمراہ کردے تو ہرگز نہیں آپ ان کے لیے کوئی راہ پائیں گے

سَبِيلًا ﴿١٤٣﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ ٱلۡكَٰفِرِينَ أَوۡلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ

سَبِيلًا ﴿١٤٣﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	لَا تَتَّخِذُواْ	ٱلۡكَٰفِرِينَ	أَوۡلِيَآءَ	مِن دُونِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ
کوئی راہ	اے ایمان والوں	تم نہ بناؤ	کافروں کو	دوست	مومنوں کے سوائے

اے ایمان والوں تم مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بناؤ

أَتُرِيدُونَ أَن تَجۡعَلُواْ لِلَّهِ عَلَيۡكُمۡ سُلۡطَٰنًا مُّبِينًا ﴿١٤٤﴾

أَتُرِيدُونَ	أَن	تَجۡعَلُواْ لِلَّهِ	عَلَيۡكُمۡ	سُلۡطَٰنًا	مُّبِينًا ﴿١٤٤﴾
کیا تم چاہتے ہو	یہ کہ	تم بناؤ (ثابت کرو) اللہ کے لیے	اپنے خلاف	کوئی حجت	ظاہر

کیا تم یہ چاہتے ہو کہ تم اپنے خلاف اللہ کے ہاتھ میں ایک صریح حجت دے دو؟

إِنَّ ٱلۡمُنَٰفِقِينَ فِي ٱلدَّرۡكِ ٱلۡأَسۡفَلِ مِنَ ٱلنَّارِ وَلَن تَجِدَ لَهُمۡ

إِنَّ	ٱلۡمُنَٰفِقِينَ	فِي ٱلدَّرۡكِ ٱلۡأَسۡفَلِ	مِنَ ٱلنَّارِ	وَلَن تَجِدَ	لَهُمۡ
بیشک	منافق	سب سے نچلے درجے میں ہونگے	آگ کے	اور آپ ہرگز نہیں پائیں گے	اُن کے لیے

بیشک منافق آگ کے سب سے نچلے درجے میں ہونگے اور آپ ہرگز اُن کے لیے کوئی مددگار نہیں پائیں گے۔

نَصِيرًا ﴿١٤٥﴾ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ وَأَصۡلَحُواْ وَٱعۡتَصَمُواْ

نَصِيرًا ﴿١٤٥﴾	إِلَّا	ٱلَّذِينَ	تَابُواْ	وَأَصۡلَحُواْ	وَٱعۡتَصَمُواْ
کوئی مددگار	مگر	وہ لوگ	جنہوں نے توبہ کی	اور اپنی اصلاح کرلی	اور مضبوط پکڑا

مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کرلی اور اللہ کے دین کو مضبوط پکڑا

بِٱللَّهِ وَأَخۡلَصُواْ دِينَهُمۡ لِلَّهِ فَأُوْلَٰٓئِكَ مَعَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ

مَعَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ	فَأُوْلَٰٓئِكَ	لِلَّهِ	دِينَهُمۡ	وَأَخۡلَصُواْ	بِٱللَّهِ
مومنوں کے ساتھ ہونگے	تو یہ لوگ	اللہ کے لیے	انہوں نے اپنا دین	اور خالص کر لیا	اللہ (کے دین) کو
اور انہوں نے اپنا دین اللہ کے لیے خالص کر لیا۔ تو یہ لوگ مومنوں کے ساتھ ہونگے					

وَسَوۡفَ يُؤۡتِ ٱللَّهُ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ أَجۡرًا عَظِيمًا ١٤٦ مَّا

مَّا	عَظِيمًا ١٤٦	أَجۡرًا	ٱلۡمُؤۡمِنِينَ	يُؤۡتِ ٱللَّهُ	وَسَوۡفَ
کیا	بڑا	اجر	مومنوں کو	اللہ دے گا	اور عنقریب
اور عنقریب اللہ مومنوں کو بہت بڑا اجر دے گا۔					

يَفۡعَلُ ٱللَّهُ بِعَذَابِكُمۡ إِن شَكَرۡتُمۡ وَءَامَنتُمۡۚ

وَءَامَنتُمۡۚ	شَكَرۡتُمۡ	إِن	بِعَذَابِكُمۡ	ٱللَّهُ	يَفۡعَلُ
اور تم ایمان لے آؤ	تم شکر کرو	اگر	تمھیں عذاب دے کر	اللہ	کرے گا
(اے منافقوں ذرا سوچو) اللہ تمھیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر کرو اور ایمان لے آؤ					

وَكَانَ ٱللَّهُ شَاكِرًا عَلِيمًا ١٤٧

		عَلِيمًا ١٤٧	شَاكِرًا	ٱللَّهُ	وَكَانَ
		جاننے والا	قدر دان	اللہ	اور ہے
اور اللہ بہت ہی قدر دان اور ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔					

لَّا يُحِبُّ ٱللَّهُ ٱلْجَهْرَ بِٱلسُّوٓءِ مِنَ ٱلْقَوْلِ إِلَّا مَن

لَّا يُحِبُّ	ٱللَّهُ	ٱلْجَهْرَ	بِٱلسُّوٓءِ مِنَ ٱلْقَوْلِ	إِلَّا	مَن
نہیں پسند کرتا	اللہ	اونچی آواز سے	برائی کی بات کو	مگر	جس پر
اللہ کو بالکل پسند نہیں ہے کہ کسی بُری بات کو بلند آواز سے کہا جائے۔ مگر جس پر ظلم کیا گیا ہو					

ظُلِمَۚ وَكَانَ ٱللَّهُ سَمِيعًا عَلِيمًا ﴿١٤٨﴾ إِن

ظُلِمَۚ	وَكَانَ	ٱللَّهُ	سَمِيعًا	عَلِيمًا ﴿١٤٨﴾	إِن
ظلم کیا گیا ہو	اور ہے	اللہ	سننے والا	جاننے والا ہے	اگر
اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔					

تُبْدُواْ خَيْرًا أَوْ تُخْفُوهُ أَوْ تَعْفُواْ

تُبْدُواْ	خَيْرًا	أَوْ	تُخْفُوهُ	أَوْ	تَعْفُواْ
تم علانیہ کرو	کوئی بھلائی	یا	چھپا کر کرو	یا	تم درگزر کرو
اگر تم کوئی بھلائی علانیہ کرو یا چھپا کر کرو یا تم برائی سے درگزر کرو					

عَن سُوٓءٍ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيرًا ﴿١٤٩﴾

عَن سُوٓءٍ	فَإِنَّ	ٱللَّهَ	كَانَ	عَفُوًّا	قَدِيرًا ﴿١٤٩﴾
برائی سے	تو بیشک	اللہ	ہے	معاف کرنے والا	قدرت والا
تو بیشک اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا، قدرت رکھنے والا ہے					

إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكۡفُرُونَ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَيُرِيدُونَ

وَيُرِيدُونَ	وَرُسُلِهِۦ	بِٱللَّهِ	يَكۡفُرُونَ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ
اور وہ یہ چاہتے ہیں	اور اس کے رسولوں (کے ساتھ)	اللہ کے ساتھ	کفر کرتے ہیں	وہ لوگ جو	بیشک
بیشک وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ اور اس کے رسولوں کے ساتھ کفر کرتے ہیں					

أَن يُفَرِّقُواْ بَيۡنَ ٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَيَقُولُونَ

وَيَقُولُونَ	وَرُسُلِهِۦ	ٱللَّهِ	بَيۡنَ	يُفَرِّقُواْ	أَن
اور وہ کہتے ہیں	اور اس کے رسولوں کے	اللہ	درمیان	تفریق کریں	یہ کہ
اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کریں					

نُؤۡمِنُ بِبَعۡضٖ وَنَكۡفُرُ بِبَعۡضٖ وَيُرِيدُونَ أَن يَتَّخِذُواْ

أَن يَتَّخِذُواْ	وَيُرِيدُونَ	بِبَعۡضٖ	وَنَكۡفُرُ	بِبَعۡضٖ	نُؤۡمِنُ
یہ کہ وہ اختیار کریں	اور وہ چاہتے ہیں	بعض کے ساتھ	اور ہم کفر کرتے ہیں	بعض کے ساتھ	ہم ایمان لاتے ہیں
اور وہ کہتے ہیں کہ ہم کچھ کو مانیں گے اور کچھ کو نہیں مانیں گے اور وہ چاہتے ہیں					

بَيۡنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ١٥٠ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡكَٰفِرُونَ حَقّٗاۚ

حَقّٗاۚ	ٱلۡكَٰفِرُونَ	هُمُ	أُوْلَٰٓئِكَ	سَبِيلًا ١٥٠	بَيۡنَ ذَٰلِكَ
پکے	کافر	وہی ہیں	یہ لوگ	کوئی راستہ	اس کے درمیان
کہ اس کے درمیان کوئی راستہ اختیار کریں۔ یہی لوگ حقیقت میں پکے کافر ہیں۔					

وَأَعۡتَدۡنَا لِلۡكَٰفِرِينَ عَذَابٗا مُّهِينٗا ﴿١٥١﴾ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

وَأَعۡتَدۡنَا	لِلۡكَٰفِرِينَ	عَذَابٗا	مُّهِينٗا ﴿١٥١﴾	وَٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ
اور ہم نے تیار کر رکھا ہے	کافروں کے لیے	عذاب	رسوا کرنے والا	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے
اور ہم نے کافروں کے لیے رسوا کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔اور جو لوگ ایمان لائے					

بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَلَمۡ يُفَرِّقُواْ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّنۡهُمۡ

بِٱللَّهِ	وَرُسُلِهِۦ	وَلَمۡ يُفَرِّقُواْ	بَيۡنَ أَحَدٖ	مِّنۡهُمۡ
اللہ پر	اور اس کے رسولوں پر	اور انہوں نے تفریق نہیں کی	کسی ایک کے درمیان	اُن (رسولوں) میں سے
اللہ پر اور اس کے رسولوں پر اور انہوں نے اُن (رسولوں) میں سے کسی ایک کے درمیان تفریق نہیں کی۔				

أُوْلَٰٓئِكَ سَوۡفَ يُؤۡتِيهِمۡ أُجُورَهُمۡۚ وَكَانَ ٱللَّهُ

أُوْلَٰٓئِكَ	سَوۡفَ	يُؤۡتِيهِمۡ	أُجُورَهُمۡۚ	وَكَانَ	ٱللَّهُ
یہ لوگ	عنقریب	انہیں دے گا (اللہ)	اُن کے اجر	اور ہے	اللہ
یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہیں اللہ ان کے اجر عطا فرمائے گا۔					

غَفُورٗا رَّحِيمٗا ﴿١٥٢﴾ يَسۡـَٔلُكَ أَهۡلُ ٱلۡكِتَٰبِ أَن تُنَزِّلَ

غَفُورٗا	رَّحِيمٗا ﴿١٥٢﴾	يَسۡـَٔلُكَ	أَهۡلُ ٱلۡكِتَٰبِ	أَن	تُنَزِّلَ
بخشنے والا	رحم کرنے والا	آپؐ سے سوال کرتے ہیں	اہل کتاب	یہ کہ	آپؐ اتار لائیں
اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اہل کتاب آپ ﷺ سے سوال کرتے ہیں					

عَلَيۡهِمۡ كِتَٰبٗا مِّنَ ٱلسَّمَآءِۚ فَقَدۡ سَأَلُواْ مُوسَىٰٓ

عَلَيۡهِمۡ	كِتَٰبٗا	مِّنَ ٱلسَّمَآءِۚ	فَقَدۡ	سَأَلُواْ	مُوسَىٰٓ
ان پر	ایک کتاب	آسمان سے	پھر یقیناً	انہوں نے سوال کیا	موسیٰ سے

کہ آپ ﷺ ان کے پاس کوئی آسمانی کتاب لائیں۔(یہ تعجب کی بات نہیں)انہوں نے موسیٰ سے اس سے بھی

أَكۡبَرَ مِن ذَٰلِكَ فَقَالُوٓاْ أَرِنَا ٱللَّهَ جَهۡرَةٗ فَأَخَذَتۡهُمُ

أَكۡبَرَ	مِن ذَٰلِكَ	فَقَالُوٓاْ	أَرِنَا ٱللَّهَ	جَهۡرَةٗ	فَأَخَذَتۡهُمُ
بڑی چیز کا	اس سے (بھی)	پھر انہوں نے کہا	کہ ہمیں دکھاؤ اللہ کو	علانیہ	تو انہیں آپکڑا

بڑھ کر مطالبے کئے تھے۔ پھر انہوں نے کہا کہ ہمیں اللہ کو علانیہ دکھاؤ۔

ٱلصَّٰعِقَةُ بِظُلۡمِهِمۡۚ ثُمَّ ٱتَّخَذُواْ ٱلۡعِجۡلَ مِنۢ بَعۡدِ مَا

ٱلصَّٰعِقَةُ	بِظُلۡمِهِمۡۚ	ثُمَّ	ٱتَّخَذُواْ	ٱلۡعِجۡلَ	مِنۢ بَعۡدِ مَا
آسمانی بجلی نے	ان کے ظلم کی وجہ سے	پھر	انہوں نے بنالیا	بچھڑے کو (معبود)	اس کے بعد کہ

تو انہیں ان کے ظلم کی وجہ سے آسمانی بجلی نے آپکڑا۔ پھر انہوں نے بچھڑے کو معبود بنالیا

جَآءَتۡهُمُ ٱلۡبَيِّنَٰتُ فَعَفَوۡنَا عَن ذَٰلِكَۚ وَءَاتَيۡنَا مُوسَىٰ

جَآءَتۡهُمُ	ٱلۡبَيِّنَٰتُ	فَعَفَوۡنَا	عَن ذَٰلِكَۚ	وَءَاتَيۡنَا	مُوسَىٰ
آچکی تھیں اُن کے پاس	واضح دلیلیں	پھر ہم نے معاف کر دیا	یہ بھی	اور ہم نے دیا	موسیٰ

اس کے بعد کہ اُن کے پاس واضح دلیلیں آچکی تھیں۔ پھر ہم نے یہ بھی معاف کر دیا

سُلۡطَٰنٗا مُّبِينٗا ﴿١٥٣﴾ وَرَفَعۡنَا فَوۡقَهُمُ ٱلطُّورَ بِمِيثَٰقِهِمۡ

سُلۡطَٰنٗا	مُّبِينٗا ﴿١٥٣﴾	وَرَفَعۡنَا	فَوۡقَهُمُ	ٱلطُّورَ	بِمِيثَٰقِهِمۡ
غلبہ	واضح	اور ہم نے بلند کیا	اُن پر	طور (پہاڑ)	ان سے اقرار لینے کے لیے

اور ہم نے موسیٰ کو واضح غلبہ عطا کیا۔ اور ہم نے ان سے اقرار لینے کے لیے طور پہاڑ کو اُن پر بلند کیا

وَقُلۡنَا لَهُمُ ٱدۡخُلُواْ ٱلۡبَابَ سُجَّدٗا وَقُلۡنَا

وَقُلۡنَا	لَهُمُ	ٱدۡخُلُواْ	ٱلۡبَابَ	سُجَّدٗا	وَقُلۡنَا
اور ہم نے کہا	ان سے	تم داخل ہو جاؤ	دروازے میں	سجدہ کرتے ہوئے	اور ہم نے کہا

اور ہم نے ان سے کہا تم دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ

لَهُمۡ لَا تَعۡدُواْ فِي ٱلسَّبۡتِ وَأَخَذۡنَا مِنۡهُم مِّيثَٰقًا

لَهُمۡ	لَا تَعۡدُواْ	فِي ٱلسَّبۡتِ	وَأَخَذۡنَا	مِنۡهُم	مِّيثَٰقًا
اُن سے	تم نہ زیادتی کرو	ہفتے (کے دن) میں	اور ہم نے لیا	اُن سے	وعدہ

اور ہم نے اُن سے یہ بھی کہا کہ ہفتے (کے دن) کے قانون میں حد سے تجاوز نہ کرنا اور ہم نے اُن سے

غَلِيظٗا ﴿١٥٤﴾ فَبِمَا نَقۡضِهِم مِّيثَٰقَهُمۡ وَكُفۡرِهِم

غَلِيظٗا ﴿١٥٤﴾	فَبِمَا نَقۡضِهِم	مِّيثَٰقَهُمۡ	وَكُفۡرِهِم
مضبوط	پھر (ہم نے ان پر لعنت کی) ان کے توڑنے کی وجہ سے	اپنے عہد کو	اور ان کے کفر کرنے کی وجہ سے

(ان تمام باتوں کے بارے میں) مضبوط عہد و پیمان لیے۔ پھر (ہم نے ان پر لعنت کی) ان کے اپنے عہد کو توڑنے کی وجہ سے،

بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَقَتْلِهِمُ ٱلْأَنۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ

بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ	وَقَتْلِهِمُ ٱلْأَنۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَقَوْلِهِمْ
اللہ کی آیتوں کے ساتھ	اور ان کے انبیاء کو قتل کرنے (کی وجہ سے)	ناحق	اور ان کے یہ کہنے (کی وجہ سے کہ)

اور ان کے اللہ کی آیات کا انکار، اور کفر کرنے کی وجہ سے، اور ان کے انبیاء کو ناحق قتل کرنے (کی وجہ سے)،

قُلُوبُنَا غُلْفٌۢ ۚ بَلْ طَبَعَ ٱللَّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ

قُلُوبُنَا	غُلْفٌۢ ۚ	بَلْ	طَبَعَ ٱللَّهُ	عَلَيْهَا	بِكُفْرِهِمْ
ہمارے دل	پردوں میں ہیں	بلکہ	اللہ نے مہر لگادی	ان (کے دلوں) پر	ان کے کفر کی وجہ سے

اور ان کے یہ کہنے کی وجہ سے کہ ہمارے دل پردوں میں ہیں۔ بلکہ اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان کے دلوں پر مہر لگادی

فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥٥﴾ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ

فَلَا يُؤْمِنُونَ	إِلَّا	قَلِيلًا ﴿١٥٥﴾	وَبِكُفْرِهِمْ	وَقَوْلِهِمْ
تو وہ نہیں ایمان لائیں گے	مگر	تھوڑے سے	اور ان کے کفر کرنے کی وجہ سے	اور ان کے مریم پر باندھنے کی وجہ سے

تو وہ نہیں ایمان لائیں گے مگر تھوڑے سے۔ اور ان کے کفر کرنے کی وجہ سے اور ان کے مریم پر بڑا بہتان باندھنے کی وجہ سے۔

بُهْتَٰنًا عَظِيمًا ﴿١٥٦﴾ وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا ٱلْمَسِيحَ

بُهْتَٰنًا	عَظِيمًا ﴿١٥٦﴾	وَقَوْلِهِمْ	إِنَّا	قَتَلْنَا	ٱلْمَسِيحَ
بہتان	بڑا	اور ان کے کہنے (کی وجہ سے)	یقیناً ہم نے ہی	قتل کیا	مسیح

اور ان کے کہنے کی وجہ سے کہ یقیناً ہم نے ہی قتل کیا

عِيسَى ٱبۡنَ مَرۡيَمَ رَسُولَ ٱللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ

عِيسَى ٱبۡنَ مَرۡيَمَ	رَسُولَ ٱللَّهِ	وَمَا قَتَلُوهُ	وَمَا صَلَبُوهُ
عیسیٰ ابن مریم کو	جو اللہ کے رسول ہیں	حالانکہ نہ انہوں نے قتل کیا ان کو	اور نہ انہوں نے سولی پر چڑھایا ان کو

مسیح عیسیٰ ابن مریم کو جو اللہ کے رسول ہیں۔ حالانکہ نہ انہوں نے قتل کیا اور نہ انہوں نے ان کو سولی پر چڑھایا

وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمۡۚ وَإِنَّ ٱلَّذِينَ ٱخۡتَلَفُواْ

وَلَٰكِن	شُبِّهَ	لَهُمۡۚ	وَإِنَّ	ٱلَّذِينَ	ٱخۡتَلَفُواْ
اور لیکن	شبہ میں ڈال دیا گیا	انہیں	اور بیشک	وہ لوگ جنہوں نے	اختلاف کیا

اور لیکن انہیں شبہ میں ڈال دیا گیا۔ اور بیشک وہ لوگ جنہوں نے ان عیسیٰ کے بارے میں اختلاف کیا

فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنۡهُۚ مَا لَهُم بِهِۦ مِنۡ عِلۡمٍ

فِيهِ	لَفِي شَكٍّ	مِّنۡهُۚ	مَا لَهُم	بِهِۦ	مِنۡ عِلۡمٍ
ان (عیسیٰ) کے بارے میں	یقیناً شک میں ہیں	ان کے متعلق	نہیں ہے ان کے پاس	ان کے متعلق	کوئی علم

یقیناً ان کے متعلق شک میں ہیں۔ ان کے پاس ان کے متعلق کوئی علم نہیں ہے

إِلَّا ٱتِّبَاعَ ٱلظَّنِّۚ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينَۢا ﴿١٥٧﴾ بَل رَّفَعَهُ ٱللَّهُ

إِلَّا	ٱتِّبَاعَ ٱلظَّنِّۚ	وَمَا قَتَلُوهُ	يَقِينَۢا ﴿١٥٧﴾	بَل	رَّفَعَهُ ٱللَّهُ
سوائے	ظن کی پیروی کے	اور انہوں نے انہیں قتل نہیں کیا	یقینی طور پر	بلکہ	اللہ نے ان کو اٹھا لیا

سوائے اس کے کہ گمان کی پیروی کر رہے ہیں اور یہ بات یقینی ہے کہ انہوں نے اسے (عیسیٰ) کو قتل نہیں کیا

إِلَيۡهِۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿١٥٨﴾ وَإِن

إِلَيۡهِۚ	وَكَانَ	ٱللَّهُ	عَزِيزًا	حَكِيمًا ﴿١٥٨﴾	وَإِن
اپنی طرف	اور ہے	اللہ	غالب	حکمت والا	اور نہیں

بلکہ اللہ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا۔ اور اللہ غالب حکمت والا ہے

مِّنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ إِلَّا لَيُؤۡمِنَنَّ بِهِۦ قَبۡلَ مَوۡتِهِۦۖ

مِّنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ	إِلَّا	لَيُؤۡمِنَنَّ	بِهِۦ	قَبۡلَ مَوۡتِهِۦ
کوئی بھی اہل کتاب میں سے	مگر	یقیناً وہ ضرور ایمان لائے گا	ان (عیسیٰ) پر	ان کی موت سے پہلے

اور نہیں ہو گا کوئی بھی اہل کتاب میں سے مگر یقیناً وہ ضرور عیسیٰ پر ایمان لائے گا ان (عیسیٰؑ) کی موت سے پہلے

وَيَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ يَكُونُ عَلَيۡهِمۡ شَهِيدًا ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلۡمٍ مِّنَ ٱلَّذِينَ

وَيَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ	يَكُونُ	عَلَيۡهِمۡ	شَهِيدًا ﴿١٥٩﴾	فَبِظُلۡمٍ	مِّنَ ٱلَّذِينَ
اور قیامت کے دن	وہ ہونگے	ان پر	گواہ	پھر ظلم کرنے کی وجہ سے	ان لوگوں کے جو

اور قیامت کے دن عیسیٰؑ ان پر گواہ ہونگے۔ پھر یہودیوں کے ظلم کرنے کی وجہ سے ہم نے

هَادُواْ حَرَّمۡنَا عَلَيۡهِمۡ طَيِّبَٰتٍ أُحِلَّتۡ لَهُمۡ

هَادُواْ	حَرَّمۡنَا	عَلَيۡهِمۡ	طَيِّبَٰتٍ	أُحِلَّتۡ	لَهُمۡ
یہودی ہوئے	ہم نے حرام کردی	ان پر	کچھ پاک چیزیں	جو حلال کی گئی تھیں	ان کے لیے

کچھ پاک چیزیں ان پر حرام کردی جو ان کے لیے حلال کی گئی تھیں

وَبِصَدِّهِمۡ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ كَثِيرًا ١٦٠ وَأَخۡذِهِمُ ٱلرِّبَوٰاْ وَقَدۡ

وَبِصَدِّهِمۡ	عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ	كَثِيرًا ١٦٠	وَأَخۡذِهِمُ ٱلرِّبَوٰاْ	وَقَدۡ
اور ان کے روکنے کی وجہ سے	اللہ کے راستے سے	اکثر کو	اور ان کے سود لینے (کی وجہ سے)	حالانکہ

اور اللہ کے راستے سے اکثر کو روکنے کی وجہ سے۔ اور ان کے سود لینے کی وجہ سے حالانکہ اس سے وہ روکے گئے تھے

نُهُواْ عَنۡهُ وَأَكۡلِهِمۡ أَمۡوَٰلَ ٱلنَّاسِ بِٱلۡبَٰطِلِۚ وَأَعۡتَدۡنَا

نُهُواْ	عَنۡهُ	وَأَكۡلِهِمۡ	أَمۡوَٰلَ ٱلنَّاسِ	بِٱلۡبَٰطِلِۚ	وَأَعۡتَدۡنَا
وہ روکے گئے تھے	اس سے	اور ان کی کھانے (کی وجہ سے)	لوگوں کے مال	ناحق	اور ہم نے تیار کر رکھا ہے

اور بسبب لوگوں کے مال ناحق کھانے کی وجہ سے۔

لِلۡكَٰفِرِينَ مِنۡهُمۡ عَذَابًا أَلِيمًا ١٦١ لَّٰكِنِ ٱلرَّٰسِخُونَ

لِلۡكَٰفِرِينَ	مِنۡهُمۡ	عَذَابًا	أَلِيمًا ١٦١	لَّٰكِنِ	ٱلرَّٰسِخُونَ
کافروں کے لیے	ان میں سے	عذاب	دردناک	لیکن	وہ جو پختہ ہیں

اور ان میں سے جو کافر ہیں ان کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ لیکن ان میں سے وہ جو علم میں پختہ ہیں

فِي ٱلۡعِلۡمِ مِنۡهُمۡ وَٱلۡمُؤۡمِنُونَ يُؤۡمِنُونَ بِمَآ أُنزِلَ

فِي ٱلۡعِلۡمِ	مِنۡهُمۡ	وَٱلۡمُؤۡمِنُونَ	يُؤۡمِنُونَ	بِمَآ	أُنزِلَ
علم میں	اُن میں سے	اور مومن	وہ ایمان لاتے ہیں	اس پر جو	نازک کیا گیا

اور وہ مومن جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو آپ ﷺ کی طرف نازل کیا گیا

إِلَيْكَ وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلِكَۚ وَٱلْمُقِيمِينَ ٱلصَّلَوٰةَۚ وَٱلْمُؤْتُونَ

إِلَيْكَ	وَمَآ أُنزِلَ	مِن قَبْلِكَۚ	وَٱلْمُقِيمِينَ	ٱلصَّلَوٰةَۚ	وَٱلْمُؤْتُونَ
آپؐ کی طرف	اور جو نازل کیا گیا	آپؐ سے پہلے	اور قائم کرنے والے ہیں	نماز	اور ادا کرنے والے ہیں

اور جو آپ ﷺ سے پہلے نازل کیا گیا اور وہ نماز قائم کرنے والے ہیں، زکوۃ ادا کرنے والے ہیں،

ٱلزَّكَوٰةَ وَٱلْمُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْآخِرِ أُوْلَٰٓئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ

ٱلزَّكَوٰةَ	وَٱلْمُؤْمِنُونَ	بِٱللَّهِ	وَٱلْيَوْمِ ٱلْآخِرِ	أُوْلَٰٓئِكَ	سَنُؤْتِيهِمْ
زکوۃ	اور ایمان رکھنے والے ہیں	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر	یہ لوگ	عنقریب ہم انہیں دیں گے

اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ہم عنقریب اجر عظیم دینگے۔

أَجْرًا عَظِيمًا ١٦٢ إِنَّآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ كَمَآ أَوْحَيْنَآ

أَجْرًا	عَظِيمًا ١٦٢	إِنَّآ أَوْحَيْنَآ	إِلَيْكَ	كَمَآ	أَوْحَيْنَآ
اجر	بڑا	بیشک ہم نے وحی کی	آپؐ کی طرف	جیسے	ہم نے وحی کی

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کی طرف بھی وحی کی ہے جیسے ہم نے نوحؑ اور ان کے بعد بہت سے انبیاء پر وحی کی تھی

إِلَىٰ نُوحٍ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ مِنۢ بَعْدِهِۦۚ وَأَوْحَيْنَآ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ

إِلَىٰ نُوحٍ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ	مِنۢ بَعْدِهِۦۚ	وَأَوْحَيْنَآ	إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ	وَإِسْمَٰعِيلَ	وَإِسْحَٰقَ
نوح اور (دوسرے) نبیوں کی طرف	اس کے بعد	اور ہم نے وحی کی	ابراہیمؑ کی طرف	اور اسماعیلؑ	اور اسحاقؑ

اور ہم نے ابراہیمؑ، اسماعیلؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ

وَيَعۡقُوبَ وَٱلۡأَسۡبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَٰرُونَ

وَيَعۡقُوبَ	وَٱلۡأَسۡبَاطِ	وَعِيسَىٰ	وَأَيُّوبَ	وَيُونُسَ	وَهَٰرُونَ
اور یعقوبؑ	اور (اس کی) اولاد	اور عیسیٰؑ	اور ایوبؑ	اور یونسؑ	اور ہارونؑ

اور ان کی اولاد کی طرف بھی وحی کی، اور عیسیٰؑ، ایوبؑ، یونسؑ، ہارونؑ

وَسُلَيۡمَٰنَۚ وَءَاتَيۡنَا دَاوُۥدَ زَبُورٗا ﴿١٦٣﴾ وَرُسُلٗا قَدۡ

وَسُلَيۡمَٰنَۚ	وَءَاتَيۡنَا	دَاوُۥدَ	زَبُورٗا ﴿١٦٣﴾	وَرُسُلٗا	قَدۡ
اور سلیمانؑ (کی طرف)	اور ہم نے دی	داوٗدؑ کو	زبور	اور (ہم نے بھیجے) کئی رسول	یقیناً

اور سلیمانؑ کی طرف بھی وحی کی اور داوٗدؑ کو تو ہم نے زبور دی۔ اور ہم نے کئی رسول بھیجے

قَصَصۡنَٰهُمۡ عَلَيۡكَ مِن قَبۡلُ وَرُسُلٗا لَّمۡ نَقۡصُصۡهُمۡ عَلَيۡكَۚ

قَصَصۡنَٰهُمۡ	عَلَيۡكَ	مِن قَبۡلُ	وَرُسُلٗا	لَّمۡ نَقۡصُصۡهُمۡ	عَلَيۡكَۚ
ہم نے بیان کیا ان کا حال	آپؐ پر	اس سے پہلے	اور کئی رسول	ہم نے نہیں بیان کیا ان کا حال	آپؐ پر

جن کا ہم اس سے پہلے آپؐ کے سامنے تذکرہ کر چکے ہیں اور ایسے رسول بھی جن کے حالات ہم نے آپؐ کے سامنے بیان نہیں کیے

وَكَلَّمَ ٱللَّهُ مُوسَىٰ تَكۡلِيمٗا ﴿١٦٤﴾ رُّسُلٗا مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ

وَكَلَّمَ ٱللَّهُ	مُوسَىٰ	تَكۡلِيمٗا ﴿١٦٤﴾	رُّسُلٗا	مُّبَشِّرِينَ	وَمُنذِرِينَ
اور اللہ نے کلام کیا	موسیٰؑ سے	(خاص طور پر) کلام	یہ رسول	خوشخبری دینے والے	اور خبردار کرنے والے (بنا کر)

اور موسیٰؑ سے تو اللہ نے کلام کیا جیسے کہ کلام کیا جاتا ہے۔ یہ رسول خوشخبری دینے والے اور خبردار کرنے والے بنا کر بھیجے گئے

لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى ٱللَّهِ حُجَّةُۢ بَعۡدَ ٱلرُّسُلِۚ وَكَانَ ٱللَّهُ

لِئَلَّا يَكُونَ	لِلنَّاسِ	عَلَى ٱللَّهِ	حُجَّةُۢ	بَعۡدَ ٱلرُّسُلِۚ	وَكَانَ ٱللَّهُ
تاکہ (باقی) نہ رہے	لوگوں کے لیے	اللہ پر	کوئی الزام (دلیل)	رسولوں کے بعد	اور ہے اللہ
تاکہ نہ رہ جائے لوگوں کے پاس اللہ کے مقابلے میں کوئی حُجّت (دلیل) رسولوں کے آنے کے بعد۔					

عَزِيزًا حَكِيمًا ١٦٥ لَّٰكِنِ ٱللَّهُ يَشۡهَدُ بِمَآ

عَزِيزًا	حَكِيمًا ١٦٥	لَّٰكِنِ	ٱللَّهُ	يَشۡهَدُ	بِمَآ
غالب	حکمت والا	لیکن	اللہ	گواہی دیتا ہے	اس کے متعلق جو
اور اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ لیکن اللہ گواہ ہے کہ جو کچھ اُس نے نازل کیا ہے آپ ﷺ کی طرف					

أَنزَلَ إِلَيۡكَۖ أَنزَلَهُۥ بِعِلۡمِهِۦۖ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ يَشۡهَدُونَۚ

أَنزَلَ	إِلَيۡكَۖ	أَنزَلَهُۥ	بِعِلۡمِهِۦۖ	وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ	يَشۡهَدُونَۚ
اس نے نازل کیا	آپؐ کی طرف	کہ اس نے نازل کیا ہے اس کو	اپنے علم کے ساتھ	اور فرشتے بھی	گواہی دیتے ہیں
وہ اُس نے (اللہ نے) نازل کیا ہے اپنے علم سے، اور فرشتے بھی اس پر گواہ ہیں،					

وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ شَهِيدًا ١٦٦ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ

وَكَفَىٰ	بِٱللَّهِ	شَهِيدًا ١٦٦	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ
اور کافی ہے	اللہ	گواہ	بیشک	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا
اور اللہ بطور گواہ کافی ہے۔ بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا					

وَصَدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ قَدۡ ضَلُّواْ ضَلَٰلَۢا بَعِيدًا﴿١٦٧﴾

بَعِيدًا﴿١٦٧﴾	ضَلَٰلَۢا	ضَلُّواْ	قَدۡ	عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ	وَصَدُّواْ
بہت دور کا	گمراہ ہونا	وہ گمراہ ہوگئے	یقیناً	اللہ کے راستے سے	اور (لوگوں کو) روکا

اور لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا۔ وہ یقیناً گمراہی میں دور نکل گئے

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَظَلَمُواْ لَمۡ يَكُنِ ٱللَّهُ

ٱللَّهُ	لَمۡ يَكُنِ	وَظَلَمُواْ	كَفَرُواْ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ
اللہ	نہیں ہے	اور ظلم کیا	کفر کیا	وہ لوگ جنہوں نے	بیشک

بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور ظلم کیا۔ انہیں اللہ ہرگز ہرگز نہ بخشے گا

لِيَغۡفِرَ لَهُمۡ وَلَا لِيَهۡدِيَهُمۡ طَرِيقًا﴿١٦٨﴾ إِلَّا طَرِيقَ

طَرِيقَ	إِلَّا	طَرِيقًا﴿١٦٨﴾	وَلَا لِيَهۡدِيَهُمۡ	لَهُمۡ	لِيَغۡفِرَ
راستہ	مگر	کوئی راستہ	اور نہ (ایسا ہے) کہ انہیں دکھائے	انہیں	کہ بخش دے

اور نہ انہیں کوئی راستہ دکھائے گا۔ مگر جہنم کا راستہ۔

جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدٗاۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ

ذَٰلِكَ	وَكَانَ	أَبَدٗاۚ	فِيهَآ	خَٰلِدِينَ	جَهَنَّمَ
یہ	اور ہے	ابد تک	اس میں	وہ ہمیشہ رہیں گے	جہنم کا

جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے

عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمُ ٱلرَّسُولُ

عَلَى ٱللَّهِ	يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	قَدۡ	جَآءَكُمُ	ٱلرَّسُولُ
اللہ پر	بہت آسان	اے لوگوں	یقیناً	آگیا تمھارے پاس	یہ رسول
اے لوگوں یقیناً یہ رسول تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے حق لے کر آگیا					

بِٱلۡحَقِّ مِن رَّبِّكُمۡ فَـَٔامِنُواْ خَيۡرًا لَّكُمۡۚ وَإِن

بِٱلۡحَقِّ	مِن رَّبِّكُمۡ	فَـَٔامِنُواْ	خَيۡرًا	لَّكُمۡۚ	وَإِن
حق لے کر	تمھارے رب کی طرف سے	تو تم ایمان لاؤ	(ہو گا یہ) بہتر	تمھارے لیے	اور اگر
تو تم ایمان لاؤ اسی میں تمھارے لیے بہتری ہے					

تَكۡفُرُواْ فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ

تَكۡفُرُواْ	فَإِنَّ	لِلَّهِ	مَا	فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِۚ
تم کفر کرو گے	تو بیشک	اللہ ہی کا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور زمین (میں)
اور اگر تم کفر کرو گے تو بیشک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے					

وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لَا تَغۡلُواْ

وَكَانَ	ٱللَّهُ	عَلِيمًا	حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾	يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ	لَا تَغۡلُواْ
اور ہے	اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اے اہل کتاب	نہ تم غلو (زیادتی) کرو
اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اے اہل کتاب اپنے دین میں تم غلو (زیادتی) نہ کرو					

فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلْحَقَّ ۚ إِنَّمَا

إِنَّمَا	ٱلْحَقَّ ۚ	إِلَّا	عَلَى ٱللَّهِ	وَلَا تَقُولُوا۟	فِي دِينِكُمْ
بس	حق بات	مگر	اللہ کے بارے میں	اور نہ تم کہو	اپنے دین میں
اور تم اللہ کے بارے میں حق بات کے علاوہ کوئی اور بات نہ کہو۔					

ٱلْمَسِيحُ عِيسَى ٱبْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ ٱللَّهِ وَكَلِمَتُهُۥٓ أَلْقَىٰهَآ إِلَىٰ مَرْيَمَ

إِلَىٰ مَرْيَمَ	أَلْقَىٰهَآ	وَكَلِمَتُهُۥٓ	رَسُولُ ٱللَّهِ	عِيسَى ٱبْنُ مَرْيَمَ	ٱلْمَسِيحُ
مریم کی طرف	اس نے اسے ڈالا	اور اس کا کلمہ ہی ہے	اللہ کا رسول	عیسیٰؑ ابن مریم (تو)	مسیح
مسیح عیسیٰؑ ابن مریم تو اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہی ہے جو اللہ نے مریم کی طرف ڈالا					

وَرُوحٌ مِّنْهُ ۖ فَـَٔامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ ۖ وَلَا تَقُولُوا۟

وَلَا تَقُولُوا۟	وَرُسُلِهِۦ ۖ	بِٱللَّهِ	فَـَٔامِنُوا۟	مِّنْهُ ۖ	وَرُوحٌ
اور تم نہ کہو	اور اس کے رسولوں پر	اللہ پر	چنانچہ تم ایمان لاؤ	اس کی طرف سے	اور روح ہے
اور اس کی طرف سے روح ہے۔ چنانچہ تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر اور تم نہ کہو					

ثَلَـٰثَةٌ ۚ ٱنتَهُوا۟ خَيْرًا لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا ٱللَّهُ

ٱللَّهُ	إِنَّمَا	لَّكُمْ ۚ	خَيْرًا	ٱنتَهُوا۟	ثَلَـٰثَةٌ ۚ
اللہ ہی ہے	بس (جان لو)	تمھارے لیے	(ہو گا یہ) بہتر	(اس سے) باز آجاؤ	(کہ الٰہ) تین ہیں
(کہ الٰہ) تین ہیں (اس سے) باز آجاؤ اسی میں تمھاری بہتری ہے۔ جان لو کہ بس اللہ تو ایک ہی ہے					

إِلَٰهٌ وَٰحِدٌۖ سُبۡحَٰنَهُۥٓ أَن يَكُونَ لَهُۥ

لَهُۥ	يَكُونَ	أَن	سُبۡحَٰنَهُۥٓ	وَٰحِدٌۖ	إِلَٰهٌ
اس کی	ہو	اس سے کہ	وہ پاک ہے	واحد	الٰہ

الٰہ واحد ہے۔ وہ اس سے پاک ہے۔ وہ اس سے پاک ہے کہ اس کی کوئی اولاد ہو

وَلَدٌۘ لَّهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۗ

فِي ٱلۡأَرۡضِۗ	وَمَا	فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ	مَا	لَّهُۥ	وَلَدٌۘ
زمین میں	اور جو کچھ ہے	آسمانوں میں	جو کچھ ہے	اسی کا ہے	کوئی اولاد

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے

وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَكِيلٗا ۝١٧١ لَّن يَسۡتَنكِفَ ٱلۡمَسِيحُ أَن

أَن	ٱلۡمَسِيحُ	لَّن يَسۡتَنكِفَ	وَكِيلٗا ۝١٧١	بِٱللَّهِ	وَكَفَىٰ
اس بات سے کہ	مسیح	ہرگز عار نہیں محسوس کرینگے	کارساز	اللہ	اور کافی ہے

اور کافی ہے اللہ کارساز۔ مسیح ہرگز اس بات سے عار نہیں محسوس کرینگے

يَكُونَ عَبۡدٗا لِّلَّهِ وَلَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ ٱلۡمُقَرَّبُونَۚ وَمَن يَسۡتَنكِفۡ

يَسۡتَنكِفۡ	وَمَن	ٱلۡمُقَرَّبُونَۚ	وَلَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ	عَبۡدٗا لِّلَّهِ	يَكُونَ
عار محسوس کرے	اور جو کوئی	مقرب	اور نہ ہی فرشتے	اللہ کے بندے	وہ ہوں

کہ وہ اللہ کے بندے ہوں اور نہ ہی مقرب فرشتوں کو اس میں عار ہے (کہ انہیں اللہ کا بندہ سمجھا جائے)

عَنْ عِبَادَتِهِۦ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا﴿١٧٢﴾ فَأَمَّا

فَأَمَّا	جَمِيعًا﴿١٧٢﴾	إِلَيْهِ	فَسَيَحْشُرُهُمْ	وَيَسْتَكْبِرْ	عَنْ عِبَادَتِهِۦ
پس لیکن	سب کو	اپنی طرف	تو یقیناً وہ اللہ جمع کرے گا انہیں	اور تکبر کرے	اس (اللہ) کی عبادت سے

اور جو کوئی عار محسوس کرے اس اللہ کی عبادت سے اور تکبر کرے۔ تو یقیناً اللہ اُن سب کو اپنی طرف جمع کرے گا

ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ

أُجُورَهُمْ	فَيُوَفِّيهِمْ	ٱلصَّٰلِحَٰتِ	وَعَمِلُواْ	ءَامَنُواْ	ٱلَّذِينَ
اُن کے اجر	تو وہ (اللہ) پورے دے گا انہیں	نیک	اور اُنہوں نے عمل کیے	ایمان لائے	وہ لوگ جو

پس جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے تو وہ اللہ انہیں اُن کے اجر پورے دے گا

وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِۦ ۖ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱسْتَنكَفُواْ وَٱسْتَكْبَرُواْ

وَٱسْتَكْبَرُواْ	ٱسْتَنكَفُواْ	وَأَمَّا ٱلَّذِينَ	مِّن فَضْلِهِۦ ۖ	وَيَزِيدُهُم
اور تکبر کیا	عار محسوس کی	اور لیکن وہ لوگ جنہوں نے	اپنے فضل سے	اور انہیں زیادہ دے گا

بلکہ انہیں اپنے فضل سے زیادہ دے گا۔ اور لیکن وہ لوگ جنہوں نے (عبدیت کے اندر) عار محسوس کی اور تکبر کیا

فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ

مِّن دُونِ ٱللَّهِ	لَهُم	وَلَا يَجِدُونَ	أَلِيمًا	عَذَابًا	فَيُعَذِّبُهُمْ
اللہ کے سوا	اپنے لیے	اور وہ نہیں پائیں گے	دردناک	عذاب	تو وہ عذاب دے گا انہیں

تو وہ انہیں دردناک عذاب دے گا اور وہ اپنے لیے اللہ کے سوا

وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧٣﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُم بُرْهَٰنٌ

وَلِيًّا	وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧٣﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُم	بُرْهَٰنٌ
کوئی حمایتی	اور نہ کوئی مددگار	اے لوگوں	یقیناً	آگئی تمھارے پاس	برہان (ایک عظیم دلیل)

کوئی حمایتی اور کوئی مددگار نہیں پائیں گے۔ اے لوگوں یقیناً آگئی تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے ایک

مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَآ إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا ﴿١٧٤﴾ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ

مِّن رَّبِّكُمْ	وَأَنزَلْنَآ	إِلَيْكُمْ	نُورًا مُّبِينًا ﴿١٧٤﴾	فَأَمَّا ٱلَّذِينَ
تمھارے رب کی طرف سے	اور ہم نے نازل کیا ہے	تمھاری طرف	ایک واضح نور	پس لیکن وہ لوگ جو

برہان (ایک عظیم دلیل)۔ اور ہم نے تمھاری طرف ایک واضح نور نازل کیا ہے

ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَٱعْتَصَمُواْ بِهِۦ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِى رَحْمَةٍ مِّنْهُ

ءَامَنُواْ	بِٱللَّهِ	وَٱعْتَصَمُواْ	بِهِۦ	فَسَيُدْخِلُهُمْ	فِى رَحْمَةٍ مِّنْهُ
ایمان لائے	اللہ پر	اور انہوں نے مضبوط پکڑا	اس کو	تو وہ ضرور داخل کرے گا انہیں	اپنی رحمت میں

پس لیکن وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر اور انہوں نے اس کو مضبوط پکڑا۔ تو وہ ضرور انہیں داخل کرے گا

وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ إِلَيْهِ صِرَٰطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿١٧٥﴾ يَسْتَفْتُونَكَ

وَفَضْلٍ	وَيَهْدِيهِمْ	إِلَيْهِ	صِرَٰطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿١٧٥﴾	يَسْتَفْتُونَكَ
اور فضل (میں)	اور بتائے گا انہیں	اپنے تک (پہنچنے کے لیے)	سیدھی راہ	وہ آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں

اپنی رحمت اور فضل میں اور انہیں اپنے تک پہنچنے کے لیے سیدھی راہ بتائے گا۔ وہ آپ ﷺ سے فتویٰ پوچھتے ہیں

قُلِ ٱللَّهُ يُفۡتِيكُمۡ فِي ٱلۡكَلَٰلَةِۚ إِنِ ٱمۡرُؤٌاْ

قُلِ	ٱللَّهُ	يُفۡتِيكُمۡ	فِي ٱلۡكَلَٰلَةِۚ	إِنِ	ٱمۡرُؤٌاْ
کہہ دیجیے	اللہ	تمھیں فتویٰ دیتا ہے	کلالہ کے بارے میں	اگر	کوئی مرد

کہہ دیجیے اللہ تمھیں کلالہ کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے۔ اگر کوئی مرد مر جائے

هَلَكَ لَيۡسَ لَهُۥ وَلَدٌ وَلَهُۥٓ أُخۡتٌ فَلَهَا

هَلَكَ	لَيۡسَ	لَهُۥ	وَلَدٌ	وَلَهُۥٓ أُخۡتٌ	فَلَهَا
مر جائے	نہ ہو	اس کی	کوئی اولاد	اور اس کی ایک بہن ہو	تو اس کے لیے

اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو (اور نہ ماں باپ ہوں) اور اس کی ایک بہن ہو

نِصۡفُ مَا تَرَكَۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ إِن

نِصۡفُ	مَا	تَرَكَۚ	وَهُوَ	يَرِثُهَآ	إِن
آدھا ہے	اس کا جو	وہ چھوڑ گیا	اور وہ (خود)	وارث ہو گا اس (بہن) کا	اگر

تو اس کے لیے اس ترکے میں سے آدھا ہے۔ اور وہ مرد (بھائی) اس (بہن) کا مکمل وارث ہو گا

لَّمۡ يَكُن لَّهَا وَلَدٌۚ فَإِن كَانَتَا ٱثۡنَتَيۡنِ

لَّمۡ يَكُن	لَّهَا	وَلَدٌۚ	فَإِن	كَانَتَا	ٱثۡنَتَيۡنِ
نہ ہو	اس (بہن) کی	کوئی اولاد	پھر اگر	وہ ہوں	دو (بہنیں)

اگر اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو۔ پھر اگر وہ دو (بہنیں) ہوں

فَلَهُمَا ٱلثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَۚ وَإِن كَانُوٓاْ

فَلَهُمَا	ٱلثُّلُثَانِ	مِمَّا	تَرَكَۚ	وَإِن	كَانُوٓاْ
تو ان دونوں کے لیے	دو تہائی ہے	اس میں سے جو	وہ چھوڑ گیا	اور اگر	(وارث) ہوں
تو وہ ترکے میں سے دو تہائی کی حقدار ہونگی اور اگر کئی بہن بھائی ہوں					

إِخۡوَةٗ رِّجَالٗا وَنِسَآءٗ فَلِلذَّكَرِ مِثۡلُ حَظِّ ٱلۡأُنثَيَيۡنِۗ

إِخۡوَةٗ	رِّجَالٗا	وَنِسَآءٗ	فَلِلذَّكَرِ	مِثۡلُ	حَظِّ ٱلۡأُنثَيَيۡنِۗ
کئی بھائی (بہنیں)	مرد	اور عورتیں	تو مرد کے لیے ہوگا	مثل	دو عورتوں کے حصے کے
تو ایک مرد کے لیے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے					

يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمۡ أَن تَضِلُّواْۗ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمُۢ ﴿١٧٦﴾

يُبَيِّنُ ٱللَّهُ	لَكُمۡ	أَن تَضِلُّواْۗ	وَٱللَّهُ	بِكُلِّ شَيۡءٍ	عَلِيمُۢ ﴿١٧٦﴾
اللہ وضاحت کرتا ہے	تمھارے لیے	تاکہ تم گمراہ (نہ) ہو جاؤ	اور اللہ	ہر چیز کو	جاننے والا ہے
اللہ تمھارے لیے احکامات کی وضاحت کرتا ہے تاکہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے					

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
    - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
    - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
    - Mobile + Whatsapp: +966546606692
    - Telegram: @jadulhaque
    - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
    - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani